☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 14 صفر المظفر 1447ھ، 9 اگست 2025ء، 25 ساون 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 258

اسرائیل کے توسیع پسندانہ اقدامات خطے کو کشیدگی کی طرف لے جائیں گے: دفتر خارجہ

مسلسل حمایت غزہ کے عوام کے ساتھ پاکستان کی پرعزم یکجہتی کی عکاسی کرتی ہے، پاکستان اسرائیلی حکام کی طرف سے مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کی مذمت کرتا ہے۔ دفتر خارجہ

پاکستان حق خودارادیت کیلئے کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی واخلاقی حمایت جاری رکھے گا، نائب وزیراعظم نے مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کیلئے اقوام متحدہ کو خطوط ارسال کیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دفتر خارجہ کے ترجمان شفقت علی خان نے کہا ہے کہ اسرائیل کے توسیع پسندانہ اقدامات خطے کو کشیدگی کی طرف لے جائیں گے، منصفانہ دو ریاستی حل کی حمایت کرتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ نے کہا کہ ایران کے صدر نے پاکستان کا اہم دورہ کیا، صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایرانی صدر سے ملاقات کے دوران ایران پر (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چار ماہ بعد حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار شریف پر حاضری کی اجازت

لاہور (زیڈ این این) تعمیراتی کاموں کی وجہ سے بند رہنے والا حضرت داتا گنج بخشؒ کا مزار شریف عقیدت مندوں کے لیے کھول دیا گیا۔ چار ماہ تک جاری رہنے والے کاموں کے دوران مزار تک عوام کی رسائی مکمل طور پر بند تھی۔ ایڈمنسٹریٹر (بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ پنجاب سے آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز کی الوداعی ملاقات

مریم نواز شریف کا نیل ہاکنز کی خدمات پر خراج تحسین، تجارت وسرمایہ کاری کے فروغ پر تبادلہ خیال

ملاقات میں ٹیکسٹائل، فوڈ پراسیسنگ، معدنیات، آئی ٹی، زراعت اور لائیو اسٹاک میں تعاون بڑھانے پر گفتگو

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے لاہور میں آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے الوداعی ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ نے پاکستان میں ہائی کمشنر کی شاندار خدمات پر خراج (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خوارجیوں کی پاکستان میں داخلے کی کوشش، 33 ہلاک

خوارج سے بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد ہوا علاقے سے خوارج کے مکمل صفایا کیلئے سینی ٹائزیشن آپریشن جاری ہے: ترجمان پاک فوج

سکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے تحفظ کیلئے پوری طرح سرگرم عمل ہیں، ملک سے دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ کیا جائے گا' آئی ایس پی آر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج نے کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 7 اور 8 اگست کی درمیانی شب سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع ژوب میں بھارتی حمایت یافتہ خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 33 خوارج کو ہلاک ژوب کے عمومی علاقے سمبازہ میں (بقیہ نمبر 2)

گورنر کے پی نے وزیراعلیٰ کو 'کل کا بچہ' قرار دے دیا

جب بھی اپوزیشن کیساتھ نمبر گیم پوری ہوئی، عدم اعتماد لائیں گے، میڈیا سے گفتگو

سوات (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیراعلیٰ کو 'کل کا بچہ' قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ علی امین سے نہ دوستی ہے اور نہ وہ ذمے داری کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ میڈیا (بقیہ نمبر 8)

پنجاب لوکل گورنمنٹ بل 2025ء منظور، نیا بلدیاتی نظام متعارف کروانے کا فیصلہ

بل کے تحت نئی حلقہ بندیاں ہوں گی، یونین کونسل میں سے وارڈ سسٹم ختم، ایک یونین کونسل سے 9 ممبر منتخب ہوں گے

منتخب ہونے والے ممبرز کو ایک ماہ میں سیاسی جماعت میں شامل ہونا ہوگا، 9 منتخب ممبرز اپنا چیئرمین اور وائس چیئرمین خود چنیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی قائمہ کمیٹی برائے مقامی حکومت نے لوکل گورنمنٹ بل 2025 منظور کرلیا، بل کے تحت پنجاب میں نیا بلدیاتی نظام متعارف کروایا جائے گا۔ چیئرمین کمیٹی پیر اشرف رسول نے کہا کہ اب بل اسمبلی سے منظور ہوگا، حکومت پنجاب اس سال دسمبر میں بلدیاتی انتخابات کروانے کی خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بل کے تحت پنجاب میں نیا بلدیاتی نظام متعارف کروایا جائے گا، بل کے تحت نئی حلقہ بندیاں ہوں گی، حلقہ بند (بقیہ نمبر 4)

پاک افواج کا میجر طفیل محمد شہید نشان حیدر کو 67 ویں یوم شہادت پر خراج عقیدت

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل عاصم منیر، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور چیف آف دی ایئر اسٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاک افواج کے (بقیہ نمبر 5)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف ملاقات کر رہے ہیں

گوادر، صوبائی اور وفاقی محکموں کو زمینوں کی الاٹمنٹ کی تفصیلات سامنے آگئیں

ضلع گوادر میں 56613 ایکڑ اراضی صوبائی اور وفاقی محکموں کو الاٹ کی گئی، دستاویزات

گوادر میں انڈسٹریل اسٹیٹ اور ایکسپورٹ پروسیسنگ زون کو 4000 ایکڑ اراضی الاٹ

گوادر (این این آئی) بلوچستان کے ضلع گوادر میں صوبائی اور وفاقی محکموں کو زمینوں کی الاٹمنٹ کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ بلوچستان کے محکمہ ریونیو کی جانب سے صوبائی اسمبلی میں جمع کرائی گئی، جس کے مطابق ضلع گوادر میں 56613 ایکڑ اراضی صوبائی اور وفاقی محکموں کو الاٹ (بقیہ نمبر 3)

بنوں، ایف سی چیک پوسٹ پر ڈرون حملہ، ایک اہلکار شہید، 3 زخمی

کواڈ کاپٹر ڈرون حملے کے بعد فرنٹیئر کور اور پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا، ڈی پی او

بنوں (این این آئی) بنوں میں ایف سی کی چیک پوسٹ پر ڈرون حملے میں ایک اہلکار شہید، 3 زخمی ہو گئے۔ ڈی پی او بنوں سلیم عباس کلاچی کے مطابق بکا خیل کے علاقے تختی خیل میں ا (بقیہ نمبر 9)

برَی ہونے والے افراد کو کلیئر کیریکٹر سرٹیفکیٹ ایشو ہوگا، لاہور ہائیکورٹ

بریت کے باوجود کسی بھی سرکاری دستاویزات میں اس ایف آئی آر کا ذکر کرنا غیر ضروری، انسانی وقار کے خلاف ہے

بریت کے باوجود ریکارڈ ظاہر کرنا ان شہریوں سے غیر منصفانہ ہے جو عدالتی پراسس کے ذریعے بری ہوئے، تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بری ہونے والے افراد کے کریکٹر سرٹیفکیٹ سمیت سرکاری دستاویزات میں مقدمے کا ذکر کرنے سے روک دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے شہری عبدالرحمٰن کی درخواست پر چھ صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا، فیصلے کے مطابق (بقیہ نمبر 10)

ہنزہ، گلیشیئر زپگھلنے سے شاہراہ قراقرم بند، پاک چین زمینی رابطہ منقطع

ہنزہ (این این آئی) ہنزہ میں گلیشیئرز کے تیزی سے پگھلنے کے باعث دریائے ہنزہ میں پانی کی سطح بلند ہوگئی ہے، جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 11)

وزیراعلیٰ بلوچستان کا سانحہ 8 اگست 2016 کے شہید وکلا کو خراج عقیدت

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سانحہ 8 اگست 2016 (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ ڈاکٹر مصدق ملک نے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں قطر کی ریاست کے سفیر محترم علی مبارک علی عیسیٰ الخطر سے ملاقات

23 اگست یوم نیلہ بٹ تیاریاں شروع عوام میں جوش وخروش

باغ / دھیر کوٹ (این این آئی) 23 اگست یوم نیلہ بٹ تیاریاں شروع عوام میں جوش وخروش۔ ضلع باغ کے تاریخ مقام تحصیل دھیرکو (بقیہ نمبر 13)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے لاہور میں آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کو بڑا دھچکا، قومی اسمبلی سے تین اہم عہدے، کمیٹیوں کی رکنیت واپس لے لی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کو قومی اسمبلی میں بڑا د (بقیہ نمبر 14)

بجلی کے پروٹیکٹڈ صارفین کی حد 200 سے بڑھا کر 300 یونٹ کرنے پر غور

201 یونٹ استعمال کرنے والے صارفین 6 ماہ تک پروٹیکٹڈ کیٹگری سے نکل جاتے ہیں، صارفین کو پروٹیکٹڈ کیٹگری سے نکلنے کے بعد 6 ماہ تک تقریباً 5 ہزار روپے ماہانہ اضافی بل دینا پڑتا ہے

یہ صارفین سے زیادتی ہے کہ 200 سے زائد صرف ایک یونٹ پر اگلے چھ ماہ تک اضافی 5 ہزار روپے بل ادا کریں، پروٹیکٹڈ سلیب کے معاملے پر اعلیٰ سطح کی کمیٹی بنانے کا عندیہ دیا گیا: اراکین اسمبلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے پروٹیکٹڈ صارفین کے حوالے سے شکایات کا نوٹس لے لیا، اعلیٰ سطح کی کمیٹی بنائی جائے گی جو پروٹیکٹڈ صارفین کی حد 301 یونٹ کرنے پر غور کرے گی۔ ذرائع کے مطابق 201 یونٹ استعمال کرنے والے صارفین 6 ماہ تک پروٹیکٹڈ کیٹگری سے نکل جاتے ہیں، صارفین کو پروٹیکٹڈ کیٹگری سے نکلنے کے بعد 6 ماہ تک تقریباً 5 ہزار روپے ماہانہ اضافی بل دینا پڑتا ہے، کمیٹی پروٹیکٹڈ کیٹگری کو 200 یونٹس تک محدود رکھنے یا 300 یونٹس تک ریلیف دینے پر رپورٹ تیار کرے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ پروٹیکٹڈ کیٹگری 201 یونٹس کی بجائے 301 یونٹس تک کرنے (بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ پنجاب کا شاہ کام چوک حادثے میں 3 افراد کی ہلاکت پر اظہار افسوس

مریم نواز شریف کا جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی، زخمیوں کو بہترین علاج کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور شاہ کام چوک پر کار کی ٹکر سے تین افراد کے جاں بحق ہونے کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار (بقیہ نمبر 20)

رانا ثناء اللہ کی تحریک انصاف کو سپیکر آفس میں مذاکرات کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ نے تحریک انصاف کو سپیکر آفس میں مذاکرات کی دعوت دے دی۔ نجی ٹی وی (بقیہ نمبر 19)

جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار واسمگلنگ کیخلاف مؤثر کریک ڈاؤن جاری

خانیوال، لودھراں اور بہاولنگر میں کارروائیاں، بٹیر وطوطے برآمد، دو شکاری گرفتار کرلئے گئے

عدالت کے حکم پر پندرہ زندہ بٹیر قدرتی ماحول میں آزاد، ملزمان کیخلاف ایف آئی آر درج

لاہور (زیڈ این این) سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات وماہی پروری پنجاب مدثر ریاض ملک کی ہدایت پر صوبہ (بقیہ نمبر 17)

نیلم، جشن آزادی سپورٹس فیسٹیول سیزن 2 کے مقابلہ جات آر سی گراؤنڈ شاکوٹ میں جاری

نیلم (این این آئی) جشن آزادی سپورٹس فیسٹیول سیزن 2 کے مقابلہ جات آر سی گراؤنڈ شاکوٹ میں جاری ہیں، پاک (بقیہ نمبر 16)

محسن نقوی کا لکشمی پور کے ہیرو میجر طفیل محمد کو خراج عقیدت

نشان حیدر کے وارث عظیم سپاہی نے دشمن کو اس کی صفوں میں گھس کر مارا

میجر طفیل محمد شہید کی لازوال قربانی کو دلیر قوم ہمیشہ یاد رکھے گی، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے میدان لکشمی پور کے ہیرو (بقیہ نمبر 17)

وزیراعلیٰ پنجاب نے کم سن بچوں کی حفاظت کیلئے آگاہی مہم کی دوسری قسط جاری کردی

محکمہ داخلہ پنجاب نے "گڈ ٹچ بیڈ ٹچ" بارے آگاہی کیلئے خصوصی اینیمیشن سیریز تیار کی، مہم میں بچوں کیلئے پیغام "بیڈ ٹچ کرنے والوں سے گھبرائیں گے نہیں ٹکرائیں گے" جاری کیا گیا

کارٹون سیریز میں "حیا اور بہادر" کے کردار متعارف کروائے گئے ہیں جو گڈ ٹچ اور بیڈ ٹچ بارے بچوں کی تربیت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) "بچے محفوظ پنجاب محفوظ" وژن کے تحت وزیراعلیٰ پنجاب نے کم سن بچوں کیلئے آگاہی مہم کی دوسری قسط جاری کر دی ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے "گڈ ٹچ بیڈ ٹچ" بارے آگاہی کیلئے خصوصی اینیمیشن سیریز تیار کی۔ بچوں کو جنسی استحصال سے محفوظ رکھنے اور ان کی آگاہی کیلئے بنائی گئی کارٹون سیریز میں "حیا اور بہادر" کے کردار متعارف کروائے گئے ہیں جو گڈ ٹچ اور بیڈ ٹچ بارے بچوں کی تربیت کر رہے ہیں۔ آگاہی مہم میں بچوں (بقیہ نمبر 1)

چیف جسٹس عالیہ نیلم کی سالانہ کارکردگی پر وکلاء برادری کا اظہار تشکر

ایک سالہ خدمات میں عدالتی اصلاحات، بروقت فیصلے اور شفافیت کو نمایاں بنایا گیا

خواتین وکلاء کیلئے بہترین سہولیات اور ضلعی عدالتوں کی مانیٹرنگ سسٹم کو سراہا گیا

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ کی پہلی خاتون چیف جسٹس، جسٹس مس عالیہ نیلم، کی ایک سالہ کارکردگی پر وکلاء برادری نے بھرپور اظہار تشکر کیا ہے۔ وکلاء کے مطابق انہوں نے اپنی قیادت میں عدلیہ میں مثبت تبدیلیوں اور اصلاحات کی ایسی مثال قائم کی ہے جو قابل ستائش ہے۔ ان کی (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن اورنگزیب خان کھچی نے پی این سی اے میں "شام موسیٰ" کی تقریب کو دیکھ رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ: پیرا کے خودمختار اختیار اور پی پی ایس سی کے کردار کو تسلیم

پراسیکیوٹرز کی بھرتیوں کے خلاف درخواست ابتدائی سماعت پر ہی خارج، پیرا بھرتی کیس کا فیصلہ جاری

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب حکومت کو بڑا ریلیف دیتے ہوئے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) میں پراسیکیوٹرز کی بھرتیوں کے خلاف (بقیہ نمبر 26)

حکومت کا مختصر مدت کی بجائے طویل المدتی صنعتی پالیسی تیار کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے مختصر مدت کی بجائے طویل المدتی صنعتی پالیسی تیار کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق حکو (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی تقریب سے خطاب کر رہی ہے

ڈیجیٹل ترقی میں رکاوٹیں اور اصلاحات سے سرمایہ کاری کو خطرہ ہے، جی ایس ایم اے کا انتباہ

ملک کا ٹیلی کام سیکٹر ضرورت سے زیادہ ٹیکسیشن، محدود اسپیکٹرم دستیابی اور طویل المدتی پالیسی کے فقدان کا شکار

جولیان گورمین کی حکومت سے اسپیکٹرم کے استعمال اور دستیابی کے فرق کو ختم کرنے کی اپیل

اسلام آباد (این این آئی) گلوبل سسٹم برائے موبائل کمیونیکیشن ایسوسی ایشن (جی ایس ایم اے) نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان میں ڈیجیٹل ترقی میں رکاوٹیں اور اصلاحات کی کمی سرمایہ کاری کیلئے خطرہ بن سکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق موبائل آپریٹرز اور موبائل ایکو سسٹم سے وابستہ اداروں (بقیہ نمبر 27)

چارسدہ، لیبیا کے راستے انسانی سمگلنگ میں ملوث نیٹ ورک کا مرکزی ملزم گرفتار

پشاور (این این آئی) لیبیا کے راستے انسانی سمگلنگ میں ملوث نیٹ ورک کا مرکزی ملزم چارسدہ سے گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان کے (بقیہ نمبر 24)

وزیراعلیٰ پنجاب کا میجر طفیل شہید کے یوم شہادت پر خراج عقیدت

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے میجر طفیل شہید کے یوم شہادت پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مادر وطن کے لئے جان قربان کرنے والے میجر (بقیہ نمبر 25)

لاہور: وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری الحمراء میں پینٹنگ نمائش دیکھنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

پنجاب بھر میں جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر، شہروں و دیہات میں چراغاں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی صفائی، سکیورٹی اور ٹریفک کے بہترین انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت

پرچم کشائی، آرائش وزیبائش اور چراغاں سے گلیاں، بازار، چوراہے اور عمارتیں رنگ ونور میں نہا گئیں

لاہور (زیڈ این این) یوم آزادی قریب آتے ہی پنجاب بھر میں جشن آزادی کی تیاریاں اور جوش وخروش اپنے عروج پر پہنچ گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہدایت کی ہے کہ صوبے بھر میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کیے جائیں اور جشن آزادی کی تقریبات کے دورا (بقیہ نمبر 29)

پاکستان ریفائنری لمیٹڈ کا وٹول سے نائجیرین بونی لائٹ تیل درآمد کرنے کا معاہدہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریفائنری لمیٹڈ (پی آر ایل) ستمبر میں وٹول سے نائجیرین بونی لائٹ کروڈ آئل کا اپنا پہلا کارگو درآمد کرے گا، کیونکہ ایشیائی ریفائنرز مشرق وسطیٰ کے (بقیہ نمبر 28)

آذربائیجان میں پہلی عالمی پیسٹری چیمپئن شپ میں پاکستانی شیفز کا اعزاز

باکو میں بیکری آرٹس چیمپئن شپ مقابلے میں پاکستانی ٹیم نے دوسرا انعام اور برانز میڈل اپنے نام کرلیا

ایگزیکٹو ڈائریکٹر کوثر میاں شاہد محمود کی بطور مشیر شرکت، پاک آذربائیجان تعلقات میں مثبت پیشرفت

لاہور (زیڈ این این) آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں پہلی بار بین الاقوامی پیسٹری اور بیکری آرٹس چیمپئن شپ 2025 کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستانی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسرا انعام اور برانز میڈل اپنے نام کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر کوثم جوہر (بقیہ نمبر 39)

بدقسمتی سے حکومت اور نااہل اپوزیشن کے درمیان میچ فکس ہے، فواد چوہدری

ساری لیڈر شپ اڈیالہ جاتی کھانے کھا کر واپس آ جاتی ہے، سابق وفاقی وزیر کی پی ٹی آئی پر تنقید

الیکشن کمیشن جس طرح الیکشن کرواتا، اس کیلئے ہندوستان کے راہول گاندھی والا لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیے تھا، میڈیا سے گفتگو

لاہور (پی ایم این) استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ سب عدلیہ جیل ٹرائل میں لگی ہوئی ہیں جبکہ ہم بدقسمتی سے ایک ظالم حکومت اور نااہل اپوزیشن تحریک انصاف کے درمیان پس رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا کہ وہ اپنا ظلم کم نہیں کررہے اور یہ اپنی نااہلیاں، پورا نظام انصاف شرمسار ہے، جو فیصلے آرہے ہیں سب آپ کے سامنے ہیں، عدالتی نظام کو بہت نقصان پہنچا اور اب (بقیہ نمبر 31)

جماعت اسلامی کا 21 تا 23 نومبر کو مینار پاکستان میں اجتماع کا اعلان

دنیا بھر سے اسلامی تحریکوں کے قائدین کو اس اجتماع میں شرکت کی دعوت دی جائے گی، حافظ نعیم الرحمٰن

نوجوان نوکریوں اور مستقبل سے مایوس ہیں، تعلیم کے دروازے غریب پر بند ہیں، منصورہ میں پریس کانفرنس

لاہور (زیڈ این این) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے اعلان کیا ہے کہ جماعت اسلامی 21، 22 اور 23 نومبر کو مینار پاکستان گراؤنڈ لاہور میں پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع عام منعقد کرے گی، جس کے ذریعے بڑی تحریک کا آغاز ہوگا۔ منصورہ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ دنیا بھر سے اسلامی تحریکوں کے قائدین کو اس اجتماع میں شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ جماعت اسلامی نے طویل جدوجہد کے بعد ایک بڑی ٹیم تیار کی ہے (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری یونیسکو کی نمائندہ ڈاکٹر کرسٹینا میگا زی سے گفتگو کر رہے ہیں



روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	4:10
فجر	4:30
ظہر	1:30
عصر	5:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:15

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

ہوم نیٹ پاکستان، آواز ڈی ایس، پاکستان ڈویلپمنٹ الائنس کے تعاون سے "تحریک کے بغیر قانون سازی: پنجاب میں لوکل گورنمنٹ کی حیثیت" کے موضوع پر سیمینار میں ام لیلیٰ اظہر، سنبل مالک حسین، ضیاء الرحمان، سیدہ غلام فاطمہ، اشتیاق چودھری، انور حسین، ساجد علی، ظفر ملک، ماہ نور (مون)، حمیرا اسلم، وردہ بانو عطیہ حنیف کا شرکت کے بعد گروپ فوٹو

مالیاتی اور جمہوری احتساب کو بحال کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، ام لیلیٰ اظہر ہوم نیٹ پاکستان

بلدیاتی اداروں کے حوالے سے تمام سفارشات کا مسودہ اسمبلی میں موجود اسٹینڈنگ کمیٹی کے سامنے پیش کریں گے، سنبل مالک حسین

عالمی مالیاتی بحران نے ترقیاتی پراجیکٹس بشمول ان کے اپنے ادارے کے ویلفیئر پراجیکٹس کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔ ضیاء الرحمان

مقامی ہوٹل میں تحریک کے بغیر قانون سازی: پنجاب میں لوکل گورنمنٹ کی حیثیت" کے موضوع پر سیمینار منعقد، وائٹ پیپر کا اجراء کیا گیا

ام لیلیٰ اظہر، سنبل مالک حسین، ضیاء الرحمان، سیدہ غلام فاطمہ، اشتیاق چودھری، انور حسین، ساجد علی، ظفر ملک، ماہ نور (مون)، حمیرا اسلم، وردہ بانو عطیہ حنیف کی شرکت

لاہور (خبر نگار) ہوم نیٹ پاکستان، آواز ڈی ایس اور پاکستان ڈویلپمنٹ الائنس (PDA) نے مشترکہ طور پر لاہور میں ایک اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کی میزبانی کی، جس میں سول سوسائٹی، قانون سازوں، وکلاء، میڈیا کے نمائندوں اور NGO رہنماؤں کو اکٹھا کیا گیا تاکہ پنجاب میں لوکل گورنمنٹ کے نظام پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ الف، اشتیاق چودھری، ہیومن رائٹس سوسائٹی کے سربراہ انور حسین، ساجد علی ایس ڈی ایف، ظفر ملک، ماہ نور (مون)۔ خواجہ سراء سوسائٹی۔ ہوم نیٹ سے۔ حمیرا اسلم، وردہ بانو سمیت دیگر نے شرکت کی مقامی ہوٹل میں منعقدہ، سیشن تحریک کے بغیر قانون سازی: پنجاب میں لوکل گورنمنٹ کی حیثیت" کے عنوان سے سامنا کرنا پڑا ہے۔ جناب ضیاء الرحمان نے فعال لوکل گورننس اور پاکستان کے پائیدار ترقیاتی کے اہداف (SDGs) کو پورا کرنے کی صلاحیت کے درمیان اہم ربط پر زور دیا۔ محترمہ سنبل مالک، ایم پی اے نے تمام سفارشات کا مسودہ اسمبلی میں موجود اسٹینڈنگ کمیٹی کے سامنے پیش کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ہوم نیٹ پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر محترمہ ام لیلیٰ اظہر نے مالیاتی اور جمہوری احتساب کو بحال کرنے کی اہم ضرورت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے قانون سازوں کو شامل کرنے اور اہم قانون سازی کی سفارشات کو آگے بڑھانے کے لیے کمیٹی کی تشکیل کی توثیق کی۔ یہ صرف ایک سیاسی مسئلہ نہیں ہے۔ یہ گورننس میں لوگوں کی شرکت کو یقینی بنانے، اور جامع ترقی کے حصول کے بارے میں ہے۔ ام لیلیٰ نے لوکل گورننس اصلاحات میں خواتین کی شمولیت کو مرکزی دھارے میں لانے کو یقینی بنانے کے لیے خواتین ایم پی اے کی حمایت حاصل کرنے کی تجویز بھی پیش کی۔ انہوں نے سفارشات کو سٹینڈنگ کمیٹی برائے لیبر کو پیش کرنے پر زور دیا، جس میں سنبل مالک، ایم پی اے، کی حمایت سے، اور پالیسی فورمز پر پوزیشن پیپر کو مزید پھیلانے کے منصوبوں کا خاکہ پیش کیا۔ اشتیاق چودھری، ہیومن رائٹس سوسائٹی کے سربراہ اور سپریم کورٹ کے وکیل نے ان آئینی خلاف ورزیوں کا ایک زبردست موجود سکم 82، کے حوالے سے اہم خطاب کیا اس تقریب میں نمایاں شرکاء شامل تھے: جن میں محترمہ سنبل مالک، ایم پی اے، انور حسین، ساجد علی، ظفر ملک، غلام فاطمہ، ماہ نور (مون)۔ خواجہ سراء سوسائٹی، ہوم نیٹ سے۔ حمیرا اسلم، سول سوسائٹی کے نمائندے، قانونی ماہرین اور میڈیا کے ماہرین وغیرہ کے طریقہ کار پر زور دیا تاکہ منصفانہ مالیاتی منتقلی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس تقریب نے وکالت کے لیے آنے والے مواقع پر بھی روشنی ڈالی، بشمول ستمبر 2025 میں ایشیا پیسیفک میئرز اسمبلی، جہاں عالمی سطح پر پاکستان کے مقامی طرز حکمرانی کے چیلنجز کو اجاگر کیا جا سکتا ہے

ایران کا غزہ میں انسانی تباہی پر او آئی سی کا ہنگامی اجلاس بلانے کا مطالبہ

تہران (شِنہوا) ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے غزہ میں جاری انسانی تباہی پر اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کا ہنگامی اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے بیان کے مطابق انہوں نے یہ مطالبہ او آئی سی کے سیکرٹری جنرل حسین ابراہیم طٰہٰ، ترک وزیر خارجہ خاقان فیدان اور سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان السعود کو بھیجے گئے ایک خط میں کیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس اجلاس میں انسانی امداد کی غزہ تک فوری ترسیل کے لیے ہم آہنگی، اسرائیلی جارحیت روکنے کے لیے متحدہ موقف اور عملی اقدامات، اس کا احتساب یقینی بنانے اور فلسطینی عوام کے حقوق کے دفاع کی اہمیت سمیت دیگر امور پر غور کیا جانا چاہیے۔ عراقچی نے خط میں لکھا کہ غزہ میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ صرف ایک انسانی بحران نہیں بلکہ محصور شہری آبادی کے منظم قتل عام کی شکل ہے۔ جرائم کی شدت اور اس کی وسعت فوری اور مؤثر اجتماعی اقدامات کا تقاضا کرتی ہے۔ انہوں نے غزہ کی صورتحال کو سلامتی کونسل کی قرارداد کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل غزہ پر دوبارہ قبضے اور مکمل طور پر قبضہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اسرائیلی ذرائع ابلاغ نے متعدد اداروں نے اطلاع دی ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو جلد ہی غزہ پر مکمل قبضے کے منصوبے کا اعلان کرنے والے ہیں۔

چین نے نجی شعبے کی ترقی کو فروغ دینے کے لیے نئے عدالتی قواعد متعارف کرا دیے

بیجنگ (شِنہوا) چین کی اعلیٰ عدالت نے نجی شعبے کو فروغ دینے کے قانون کے نفاذ کے لیے عدالتی کارروائیوں اور فیصلوں سے متعلق قانونی رہنمائی کے لیے نئے عدالتی قواعد جاری کیے ہیں۔ سپریم پیپلز کورٹ کے مطابق ان قواعد میں 25 دفعات شامل ہیں جو عدالتی فیصلوں میں نجی شعبے کے ساتھ مساوی سلوک، نجی شعبے کی قانونی ضمانت اور منصفانہ عدالتی نظام کی فراہمی سے متعلق ہیں۔ یہ قواعد 20 ستمبر سے نافذ العمل ہوں گے۔

لاہور پولیس قمار بازی میں ملوث عناصر کی سرکوبی کیلئے سرگرم عمل

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس قمار بازی میں ملوث عناصر کی سرکوبی کیلئے سرگرم عمل ہے۔ رواں سال مختلف علاقوں میں 2381 ملزمان کو گرفتار کر کے 596 مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے۔ یہ بات ترجمان لاہور پولیس نے گزشتہ روز یہاں جاری بیان میں کہی۔ گرفتار ملزمان سے داؤ پر لگی 1 کروڑ 13 لاکھ 52 ہزار روپے سے زائد رقم برآمد کی گئی۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ جوئے کے اڈوں اور آن لائن جوئے کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آن لائن جوئے کے ذریعے نوجوان نسل کو تباہ کیا جا رہا ہے، پراسیکیوشن کو مضبوط بنایا جائے گا اور آن لائن جوئے کی روک تھام کیلئے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ والدین اپنے بچوں کو آن لائن جوئے سے دور رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے قیام کیلئے ایسے جرائم کا خاتمہ ضروری ہے۔

ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے خلاف بھی کارروائی کا فیصلہ

سیف سٹی اتھارٹی، ٹریفک پولیس اور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کا ڈیٹا باہم مربوط (integrate) کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹریفک پولیس کی جانب سے ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے خلاف بھی کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سیف سٹی اتھارٹی، ٹریفک پولیس اور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کا ڈیٹا باہم مربوط (integrate) کر دیا گیا ہے تاکہ گاڑی مالکان کی مکمل تفصیلات فوری دستیاب ہوں۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور اطہر وحید کے مطابق اب ٹریفک وارڈن گاڑی کے چیسز نمبر کی بجائے صرف نمبر پلیٹ کے ذریعے ٹوکن ٹیکس کی تفصیلات حاصل کر سکیں گے۔ سی ٹی او اطہر وحید نے ٹریفک پولیس کو اس حوالے سے نئے ایس او پیز جاری کرتے ہوئے ہدایات دی ہیں کہ ابتدائی مرحلے میں کار سواروں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کیا جائے جبکہ موٹر سائیکل سواروں کو فی الحال اس مہم سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔

پی ایچ اے کے 27 ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز اجلاس میں اہم فیصلے

لیز پالیسی کی مدت 10+10 سال کرنے اور ریگولر و کنٹریکٹ ملازمین کو ہر ماہ یکم تاریخ تک تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بنانے کی بھی منظوری

لاہور (صابر غوری) پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی لاہور کا 27 واں بورڈ آف ڈائریکٹرز اجلاس چیئرمین غزالی سلیم بٹ اور ڈائریکٹر جنرل منصور احمد کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں 26 ویں اجلاس کے منٹس کی منظوری دی گئی اور اسپورٹس و مکینیکل/الیکٹریکل سپروائزرز کے سروس ریگولیشنز میں ترامیم پر غور کیا گیا۔ بورڈ نے ایڈیشنل ڈی جی ریسورس اور ڈائریکٹر ریسورس و آڈٹ کے عہدے قائم کرنے کی منظوری دی۔ قانونی کارکردگی جانچ کمیٹی کے قیام کے ساتھ محکمہ پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کے ساتھ اسٹاف میڈیکل کور کے لیے ایم او یو پر اتفاق کیا گیا۔ معاہدے کے تحت پی ایچ اے اسپتالوں کے گرین ایریاز کی دیکھ بھال کرے گی جبکہ اسپتال پی ایچ اے ملازمین کو رعایتی اور معیاری طبی سہولیات فراہم کریں گے۔ مالی اور ریگولیٹری اقدامات میں ہاؤسنگ سوسائٹیز کے این او سی کی فیس 50 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ روپے، ہاؤسنگ سوسائٹیز کو نئے گھروں میں 10 مرلہ میں 2 پودے جبکہ 1 کنال میں 4 پودوں لگانے کی پابندی۔ ایل ڈی اے طرز پر میڈیکل سروس پرووائیڈرز کی رجسٹریشن پالیسی بھی منظور کی گئی۔ 2025-26 کے آؤٹ ڈور ایڈورٹائزمنٹ ریٹس کی منظوری دی گئی، اسٹیٹک ایڈز پر 10 فیصد اضافہ جبکہ ڈیجیٹل میڈیا کے فروغ کے لیے ڈیجیٹل ایڈز کے ریٹس میں کمی کی گئی۔ انٹری/ایگزٹ چینج ڈویلپمنٹ ریٹس میں کمی کے لیے کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ کھیلوں کے فروغ کے لیے 5 گراؤنڈز پی سی بی کے پاس رہیں گے، باقی 16 گراؤنڈز نیلام کرنے کی تجویز دی گئی۔ ہائیڈرو سیڈر ملچنگ مشین کی خریداری، پارک بکنگ ریٹس میں 10 فیصد اضافہ اور "اڈاپٹ اے پارک" سی ایس آر پالیسی کی منظوری بھی دی گئی۔ اجلاس میں لیز پالیسی کی مدت 10+10 سال کرنے اور ریگولر و کنٹریکٹ ملازمین کو ہر ماہ یکم تاریخ تک تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بنانے کی بھی منظوری دی گئی۔

لاہور چیمبر کی جانب سے فنانس ایکٹ 2025 میں کاروبار دوست ترامیم کا خیر مقدم

ترامیم معیشت کی بحالی کے ایک نئے دور کی بنیاد ثابت ہوں گی، پائیدار ترقی کا راستہ ہموار کریں گی

لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد نے امید ظاہر کی ہے کہ لاہور چیمبر کے مطالبے پر فنانس ایکٹ 2025 میں شامل کی جانے والی کاروبار دوست ترامیم معیشت دونوں کے لیے مسرت کے خوشحالی کا سبب بنیں گی۔ وہ لاہور چیمبر میں سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چودھری اور سابق صدر محمد علی میاں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ صدر لاہور چیمبر نے کہا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی سیکشن 37A کی ذیلی شق 8 اور 9 کے تحت انکوائری شروع کرنے سے قبل ایک شفاف اور منظم طریقہ کار اپنانے کا فیصلہ کیا ہے، اس مقصد کے لیے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 02 آف 2025 جاری کر دیا گیا ہے۔ میاں ابوذر شاد نے وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر داخلہ محسن نقوی، علی پرویز ملک، ہارون اختر، بلال اظہر کیانی، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر اور چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، وہاں ہماری عسکری قیادت ملک کی اقتصادی سرحدوں کو مضبوط بنانے میں بھی پیش پیش ہے۔ صدر لاہور چیمبر نے کہا کہ بھارت پر پاکستان کو حالیہ ٹیرف برتری فیلڈ مارشل عاصم منیر کے سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ملاقات کا نتیجہ ہے۔ میاں ابوذر شاد نے کراچی چیمبر کے صدر جاوید بلوانی، سابق صدر میاں انجم نثار، محمد علی میاں، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، سابق نائب صدر فہیم رحمان سیگول، خواجہ شہزاد اکرم، گوہر اعجاز اور ایس ایم تنویر کی کوششوں کو بھی سراہا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومتی نمائندوں کے ساتھ متعدد زوم میٹنگز اور سات ذاتی دورے اسلام آباد کے کیے گئے اور ہمارا موقف یہی رہا کہ کسی بھی انکوائری یا قانونی کارروائی سے پہلے کاروباری برادری کے نمائندوں سے مشاورت ضروری ہے تاکہ خوف کی فضا ختم ہو اور اعتماد بحال ہو۔ صدر لاہور چیمبر نے واضح کیا کہ سیکشن 37A کی اصل بجٹ شق کے تحت ایف بی آر افسران کو گرفتاری کے لامحدود اختیارات حاصل ہو چکے تھے جو کاروباری طبقے میں شدید چیمبرز کو اعتماد میں نہ لے، اس طرح شفافیت یقینی بنائی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ای-انوائسنگ کے فوری نفاذ سے متعلق تحفظات دور کر دیے گئے ہیں: اب یہ مرحلہ وار نافذ ہوگی، پہلے مرحلے میں صرف ملٹی نیشنل کمپنیوں پر اور یہ صرف ایف بی آر کے PRAL سسٹم کے ذریعے چلائی جائے گی، اس سے قبل ملک گیر آگاہی سیشنز منعقد کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اصلاحات شفاف، عملی اور کاروباری برادری کے اعتماد کو بڑھانے، غیر ضروری قانونی پیچیدگیوں کو کم کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے فروغ کے لیے تیار کی گئی ہیں۔ انہوں نے ایک بار پھر فیلڈ مارشل عاصم منیر کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے دو گھنٹے کی ملاقات کو ساڑھے تین گھنٹے تک جاری رکھا تاکہ کاروباری برادری کے مسائل سن سکیں

ہربنس پورہ نے کاروائیوں کے دوران دو منشیات فروشوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) ہربنس پورہ نے کاروائیوں کے دوران دو منشیات فروشوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے ترجمان کے مطابق ایس پی کینٹ کیپٹن ریٹائرڈ قاضی علی رضا کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے گزشتہ روز ہربنس پورہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ 02 منشیات فروش یونس اور اشتیاق کو گرفتار کر کے ان سے ڈیڑھ کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے مقدمات درج کر کے انہیں مزید تفتیش کے لیے انوسٹیگیشن ونگ کے حوالے کر دیا۔

ایل ڈی اے/حج قرعہ اندازی، سات ملازمین اس سال حج کی سعادت حاصل کریں گے

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر کمپیوٹرائزڈ حج قرعہ اندازی کے ذریعے خوش نصیب ملازمین کا انتخاب کیا گیا

لاہور (خبر نگار) ایل ڈی اے کے سات ملازمین اس سال حج کی سعادت حاصل کریں گے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر گزشتہ روز کمپیوٹرائزڈ حج قرعہ اندازی کے ذریعے خوش نصیب ملازمین کا انتخاب کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈی جی ہیڈکوارٹرز، چیف ٹاؤن پلانر ٹو اظہر علی، چیف میٹروپولیٹن پلانر فیصل قریشی نے قرعہ اندازی کی۔ قرعہ اندازی کے موقع پر ڈائریکٹر سی اینڈ آئی، چیف آئی ٹی آفیسر، ایل ڈی اے ورکرز یونین عہدیدار چودھری کاشف گجر اور شاہد باقر اور دیگر افسران و ملازمین بھی موجود تھے۔ قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والوں میں گریڈ 1 تا 10 کیٹگری کے احمد یار ڈرائیور، رافعہ، نائب قاصد، محمد افضال، نائب قاصد، عارف علی شاہ، ٹرک کلینر، گریڈ 11 تا 16 کیٹگری میں محمد شفیق سینئر کلرک، امجد علی سینئر کلرک اور شیخ سعید الدین، اسسٹنٹ شامل ہیں۔ حج قرعہ اندازی میں ایل ڈی اے کے گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین کو شامل کیا گیا۔

ڈی ایس ریلوے انعام اللہ کے دیے گئے پروگرام کے تحت ڈپٹی ڈی ایس آپریشن فاطمہ بلال نے قصور سے پاکپتن سیکشن کا تفصیلی معائنہ کیا۔

وزیر ریلوے کے وژن کو فالو کرتے ہوئے چیئرمین ریلوے سید مظہر علی کی ہدایت پر انسپیکشن رجیم کو دوبارہ سے ایکٹیویٹ کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی ڈی ایس ریلوے فاطمہ بلال

لاہور (صابر غوری) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور انعام اللہ کے دیے گئے پروگرام کے تحت ڈپٹی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آپریشن فاطمہ جاری کیے کہ اسٹیشنز پر لائٹ کا مناسب سسٹم بیک اپ کیلئے تیار کیا جائے تاکہ مسافروں کو ٹکٹ بکنگ کے حوالے سے دشواری کا سامنا نہ کرنا

سیکشن کے انسپکٹر آف ورکس کو ہدایت کی گئی کہ اسٹور میں پڑے ہوئے اضافی سامان کی نیلامی کروائی جائے یا پھر مین اسٹور میں پہنچایا جائے تاکہ قیمتی سامان اور قیمتی لکڑی کو محفوظ بنایا جائے۔ ڈپٹی ڈی ایس نے انسپیکشن کے دوران احکامات ایس آپریشن فاطمہ بلال کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے وژن کو فالو کرتے ہوئے چیئرمین ریلوے سید مظہر علی شاہ کی ہدایت پر انسپیکشن رجیم کو دوبارہ سے ایکٹیویٹ کر دیا گیا ہے۔

ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے کارروائی کر کے خاتون کو ہراساں کرنے والے ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے کارروائی کر کے خاتون کو ہراساں کرنے والے ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق ملزم خاتون کا دفتر آتے جاتے پیچھا کرتا اور نازیبا حرکات کر کے ہراساں کرتا تھا، خاتون نے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر کال کر کے ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن میں شکایت کی، ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے فوری کارروائی کرتے ہوئے پولیس کو موقع پر روانہ کیا، سیف سٹی کی خاتون افسر نے ویڈیو کال پر متاثرہ خاتون سے رابطہ کیا اور مکمل تحفظ کی یقین دہانی کروائی، پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا اور مقدمہ درج کر لیا۔ ترجمان کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں معلوم ہوا کہ ملزم پہلے بھی ایسی حرکات میں ملوث تھا۔ ترجمان سیف سٹیز نے کہا کہ خواتین کسی بھی ہراسانی یا ناخوشگوار صورتحال میں فوری 15 پر کال کریں، خواتین ویمن سیفٹی ایپ چیٹ فیچر، ویڈیو کال کے ذریعے بھی ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطہ کر سکتی ہیں۔

محکمہ زراعت پنجاب کی کپاس کی پیداوار سے متعلق اعداد و شمار بارے وضاحت جاری

کراپ رپورٹنگ سروس کے مطابق 31 جولائی 2025 تک پنجاب میں کپاس کی پیداوار کا تخمینہ 6 لاکھ 9 ہزار گانٹھ لگایا گیا

لاہور (صابر غوری) محکمہ زراعت پنجاب نے 31 جولائی 2025 تک کپاس کی پیداوار سے متعلق اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ یہ اعداد و شمار کراپ رپورٹنگ سروس نے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ اور سائنسی بنیادوں پر آزمودہ طریقہ کار کے تحت حاصل کیے ہیں۔ ان میں تمام مروجہ طریقہ کار میں رینڈم سیمپلنگ، زمینی تصدیق اور گلوبل پوزیشننگ سسٹم (GPS) سے منسلک جدید ٹیکنالوجی شامل ہے۔ یہ طریقہ کار اقوام متحدہ کے ادارہ خوراک و زراعت (FAO) سے بھی منظور شدہ ہیں۔ اس تمام عمل کو شفاف بنانے اور پالیسی سازی کیلئے ٹھوس شواہد فراہم کرنے کیلئے ایک ریئل ٹائم ڈیش بورڈ بھی استعمال کیا جاتا ہے جو اس ڈیٹا کو مزید مستند بناتا ہے۔ کراپ رپورٹنگ سروس کے مطابق 31 جولائی 2025 تک پنجاب میں کپاس کی پیداوار کا تخمینہ 6 لاکھ 9 ہزار گانٹھ لگایا گیا۔ اس کے برعکس اسی دورانیہ میں پاکستان جنرز کاٹن ایسوسی ایشن (PCGA) کے اعداد و شمار 3 لاکھ 1 ہزار گانٹھوں کی پیداوار سے متعلق جاری ہوئے جو صرف کپاس کی اُن گانٹھوں پر مشتمل ہیں جو صوبہ کے فعال جننگ فیکٹریوں تک پہنچی ہیں۔ ان اعداد و شمار میں کپاس کی اُن گانٹھوں کو شامل نہیں کیا گیا جو چنائی کے بعد کھیتوں میں موجود ہیں یا جنہیں دوسرے صوبوں کو منتقل کیا گیا ہے یا جن گانٹھوں کو ذخیرہ کیا گیا ہے۔ مزید براں، حالیہ برسوں میں کم انوائسنگ کی شکایات نے بھی جننگ فیکٹریوں کے جاری کردہ اعداد و شمار کی شفافیت کو متاثر کیا ہے۔ رواں سال کپاس کی کاشت میں نمایاں کامیابی حاصل ہوئی ہے جس میں صوبہ میں 7 لاکھ 81 ہزار ایکڑ پر کپاس کی اگیتی کاشت اور مجموعی طور پر کپاس کی 31 لاکھ 60 ہزار ایکڑ رقبہ پر کاشت شامل ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب نے امسال فصل کی بہتر نگہداشت کیلئے خصوصی اقدامات کئے ہیں جن میں فیلڈ فارمیشنز سروسز میں بہتری، زرعی یونیورسٹیوں، انٹرنیز اور نجی شعبے کی شمولیت شامل ہے۔ اس کے علاوہ کپاس کے کاشتکاروں کی سہولت کیلئے "سہولت سینٹرز" کا قیام عمل میں لایا گیا جہاں معیاری بیج، کھاد، زرعی ادویات کی بروقت اور ارزاں نرخوں پر کاشتکاروں کو دستیابی ہوئی۔

لاہور میں سی سی ڈی پولیس کے ساتھ ہونے والے مسلسل مبینہ مقابلوں میں ہلاک ہونے والے مشتبہ افراد کی تعداد چار ہو گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں سی سی ڈی پولیس کے ساتھ ہونے والے مسلسل مبینہ مقابلوں میں ہلاک ہونے والے مشتبہ افراد کی تعداد چار ہو گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق تازہ ترین دو مقابلے سی سی ڈی اقبال ٹاؤن اور کوتوالی پولیس کی جانب سے رات گئے کیے گئے جن میں زیر حراست دو ملزمان عثمان خالد اور قاسم مارے گئے۔ پولیس ذرائع کا دعویٰ ہے کہ دونوں ملزمان کو نشاندہی اور ریکوری کے لیے لے جایا جا رہا تھا کہ ان کے ساتھیوں نے پولیس پر حملہ کیا جس کے نتیجے میں دونوں ہلاک ہو گئے۔ قبل ازیں، سی سی ڈی صدر ڈویژن کے ساتھ ہونے والے مقابلے میں ملزم بابر علی جبکہ کاہنہ میں سی سی ڈی کی کارروائی کے دوران ملزم نذیر مارا گیا تھا۔ تمام مقابلوں میں سی سی ڈی اہلکار اور ان کی گاڑیاں محفوظ رہیں جبکہ پولیس کے مطابق ہلاک ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہوئے۔

ڈی ایس ریلوے لاہور کا فیصل آباد اسٹیشن کا دورہ، کاروباری روابط، فٹ پلیٹ انسپیکشن اور شجرکاری مہم میں شرکت

وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے وژن کے مطابق ریلوے سسٹمز میں بہتری، جدیدیت اور شفافیت یقینی بنائی جائے۔ انعام اللہ

لاہور (صابر غوری) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے، انعام اللہ، نے گزشتہ روز لاہور سے فیصل آباد تک 28 ڈاؤن شالیمار ایکسپریس پر فٹ پلیٹ انسپیکشن کی، جس کے دوران نہ صرف ٹرین سروسز کا جائزہ لیا بلکہ ٹریک کی الائنمنٹ اور فٹنس کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔ فیصل آباد ریلوے اسٹیشن پہنچنے پر ڈی ایس ریلوے نے اسٹیشن کی مکمل انسپیکشن کی، جس میں پلیٹ فارمز، واشنگ لائن، گڈز شیڈ، لوکو شیڈ، پارسل آفسز، وینڈنگ اسٹالز، ویٹنگ ہال، اور پارکنگ شفافیت یقینی بنائی جائے۔ چک جھمرہ ریلوے اسٹیشن پر بھی ڈی ایس ریلوے نے انسپیکشن کی اور ریلوے کی جاری شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگا کر دعائے خیر کی۔ انہوں نے ریلوے کی اراضی پر سبزہ منتقل کرنے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

جمعہ اجتماعات کے سیکیورٹی انتظامات کے ساتھ لاہور پولیس کی جانب سے مساجد میں کھلی کچہریوں کا ہفتہ وار تسلسل برقرار

ڈی آئی جی آپریشنز کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لیے احکامات جاری

جمعہ اجتماعات کے سیکیورٹی انتظامات کے ساتھ ساتھ لاہور پولیس کی جانب سے مساجد میں کھلی کچہریوں کا ہفتہ وار تسلسل برقرار رہا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر شہر کے 84 تھانوں کی حدود میں عوامی شکایات سنی گئیں، جبکہ فیصل کامران نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری لگا کر شہریوں کے مسائل براہِ راست سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری کے دوران ایک خاتون نے روح لرزا دینے والا انکشاف کیا کہ شوہر نے تیسری بیٹی کی پیدائش پر اسے قتل کی دھمکیاں دی تھیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ایس ایچ او کو فوری قانونی مدد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ فیصل کامران نے کہا کہ خواتین کی عزت اور جان کی حفاظت پولیس کی اولین ترجیح ہے، خواتین پر تشدد یا دھمکی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اور بیٹیوں کو رحمت سمجھنے کی سوچ کو عام کرنا ہو گا۔ کھلی کچہری میں کمیٹی سکیموں میں دھوکہ دہی کی شکایات بھی سامنے آئیں۔ متاثرہ خواتین نے جمع پونجی ضائع ہونے پر روتے ہوئے فریاد کی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے ایس پی ماڈل ٹاؤن اور ایس ایچ او ز نواں کوٹ و شیرا کوٹ کو متاثرین کے فراہم کردہ دستاویزی ثبوت اور آن لائن ٹرانزیکشن ریکارڈ کی فوری جانچ کا حکم دیا، اور واضح کیا کہ عوام کی خون پسینے کی کمائی لوٹنے نہیں دی جا سکتی۔ اس کے علاوہ جائیداد سے متعلق تنازعات، وراثتی جھگڑوں، لین دین، قبضہ اور واجبات کی عدم ادائیگی کی شکایات بھی پیش کی گئیں، جن پر فوری کارروائی کے احکامات جاری کیے گئے۔ فیصل کامران نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو فوری انصاف فراہم کیا جا سکے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
”روزنامہ قوت لاہور“(3)9اگست 2025ء

افسران و عملہ کی غفلت کروڑوں مالیت کی گندم کو فنگس اور کیڑا لگ گیا

افسران نے فنگس شدہ اور کیڑا لگی گندم کو خشک کر کے غریب عوام کو کھلا کر بیماریوں میں مبتلا کرنے کا مذموم دھندہ شروع کر دیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں کالیکی کے پاسکو سنٹر میں افسران و عملہ کی غفلت اور لاپرواہی سے کروڑوں روپے مالیت کی گندم کو فنگس اور کیڑا لگ گیا۔ افسران نے فنگس شدہ اور کیڑا لگی گندم کو خشک کر کے غریب عوام کو کھلا کر بیماریوں میں مبتلا کرنے کا مذموم دھندہ شروع کر دیا جس سے عوامی سماجی حلقوں میں غم و غصہ کی لہر سرایت کر گئی۔ تفصیلات کے مطابق بارشوں کے حالیہ سپیل کے دوران پاسکو کے افسران کی جانب سے مناسب انتظامات نہ کیے جانے سے پاسکو کے مختلف خریداری مراکز جن میں کھکھی، کوٹ سرور اور کالیکی کے مراکز شامل ہیں وہاں پر ذخیرہ کی گئی کروڑوں روپے مالیت کی گندم زیر آب آنے سے نہ صرف سیلابی ہو گئی بلکہ کالیکی کے مرکز کی گندم کو کیڑا اور فنگس لگ گئی جس کے بعد افسران نے اس مضر صحت اور فنگس شدہ گندم کو خشک کر کے غریب عوام کو کھلانے کا مذموم دھندہ شروع کر دیا ہے۔ شہریوں نے پاسکو کے اعلی افسران اور صوبائی حکومت کے ارباب اختیار سے فوری نوٹس لیکر ذمہ داران افسران کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ غریب عوام کو ناقص مضر صحت اور فنگس شدہ گندم کھلانے سے بچایا جائے۔

پاکستان ایک عظیم ملک ہے آزادی عظیم نعمت ہے: زاہد عمران کوروٹانہ

بزرگوں نے دن رات تگ و دو کے بعد یہ ملک حاصل کیا پوری دنیا میں یہ واحد ریاست ہے جو لا الہ الا اللہ کے نام پر وجود میں آئی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پاکستان ایک عظیم ملک ہے آزادی عظیم نعمت ہے اس کی قدر کرنی چاہیے ہمارے بزرگوں نے دن رات تگ و دو کے بعد یہ ملک حاصل کیا پوری دنیا میں یہ واحد ریاست ہے جو لا الہ الا اللہ کے نام پر وجود میں آئی اور وطن کا قیام اسلامی روایات کو فروغ دینا تھا مگر بدقسمتی سے وطن عزیز کو اسلامی اصولوں کے مطابق نہیں چلایا جا رہا ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کی مرکزی مجلس شوری کے رکن و امیر ضلع شیخوپورہ زاہد عمران کوروٹانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی انقلاب لے کر آئے گی اور پاکستان کو حقیقی اسلامی ریاست بنائے گی ہمارے اکابرین نے اس کیلئے بے شمار قربانیاں دی ہیں ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی ہمارا مقصد ملک کو اسلامی اور فلاحی بنانا ہے تاکہ جس لا الہ الا اللہ کے نام ہر ریاست وجود میں آئی اس کا حقیقی مقصد پورا ہو سکے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے چنیوٹ میں ملاوٹی دودھ کی ترسیل ناکام بنا دی

ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ موقع پر دودھ کے 4 ٹیسٹ کیے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹ) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے چنیوٹ میں ملاوٹی دودھ کی ترسیل ناکام بنا دی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے علی الصبح سرگودھا روڈ پر دودھ سپلائر گاڑی سے 4 ہزار لٹر ملاوٹی دودھ قبضہ میں لے کر تلف اور سپلائر پر پہلے سے مقدمہ درج ہونے پر گاڑی اور سپلائر پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ موقع پر دودھ کے 4 ٹیسٹ کیے گئے اور دودھ کا سیمپل مقرر کردہ معیار کے مطابق نہ تھا۔ انہوں نے بتایا کہ دودھ میں پانی کی ملاوٹ، قدرتی فیٹ کی کمی پائی گئی۔ دودھ نواحی علاقے جامع آباد سے اکٹھا کر کے لاہور اور گردونواح میں سپلائی کیا جانا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دودھ کے نام پر سفید جعلی محلول کا دھندہ کرنے والوں کے دن گنے جا چکے ہیں۔ دودھ اور بنیادی اشیاء خورونوش میں جعلسازی کرنے والوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے۔

تیسری اور ضلع حافظ آباد میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر اعزازی شیلڈ اور نقد انعام سے نواز اگیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے نجی سکول کے ہونہار طالبعلم قاسم عبداللہ کو میٹرک 2025 میں امتحان میں گوجرانوالہ بورڈ میں تیسری اور ضلع حافظ آباد میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر اعزازی شیلڈ اور نقد انعام سے نوازا۔ پوزیشن ہولڈر قاسم عبداللہ کا کہنا ہے کہ وہ سول سروسز جوائن کر کے ملک و قوم کی خدمت کرنا چاہتا ہوں۔

نارنگ منڈی اور گردونواح میں ٹرانسپورٹ سہولیات نہ ہونے کے برابر

نارنگ تا لاہور الیکٹرک بسیں چلائی جائیں شہریوں کا سٹی پریس کلب نارنگ کے پلیٹ فارم سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نارنگ منڈی اور گردونواح میں ٹرانسپورٹ سہولیات نہ ہونے کے برابر نارنگ تا لاہور الیکٹرک بسیں چلائی جائیں شہریوں کا سٹی پریس کلب نارنگ کے پلیٹ فارم سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ تفصیل کے مطابق ڈیڑھ سو سے زائد دیہات سے منسلک نارنگ منڈی پنجاب کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے یہاں سے ہزاروں افراد روزانہ لاہور سمیت دیگر شہروں کا سفر کرتے ہیں جن کیلئے ٹرانسپورٹ کی کوئی سہولت موجود نہیں ہے سفر کیلئے بہت پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز پنجاب کے مختلف شہروں میں 1100 الیکٹرک بسیں چلا رہی ہیں اہل علاقہ نے وفاقی وزیر غذائی تحفظ رانا تنویر حسین ایم این اے رانا احمد عتیق انور اور رکن صوبائی اسمبلی حسان ریاض سے اپیل کی ہے کہ نارنگ منڈی میں بھی الیکٹرک بسیں چلائی جائیں تاکہ اہل علاقہ کی سفری مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

ضلع چنیوٹ کی تاریخی عمارات کی تزئین و بحالی ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت ضلع چنیوٹ کی تاریخی عمارات کی تزئین و بحالی ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے تاریخی ورثہ عمر حیات محل کا دورہ کیا محکمہ آرکیالوجی کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے تاریخی ورثہ عمر حیات محل کی بحالی کے حوالے سے جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی او آرکیالوجی نے ڈپٹی کمشنر کو جاری کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے بحالی کے کاموں کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ چنیوٹ کے تاریخی ورثہ کی بہتری و بحالی کے لئے عملی اقدامات جاری ہیں۔

تحصیل ہیڈکوارٹر ہاسپٹل چواسیدن شاہ میں لوگوں کی جانوں کے ساتھ کھیلنے لگے

سب کچھ تحصیل ہیڈکوارٹر ہاسپٹل کے ایم ایس ایچ ار ایڈمن اور دیگر عملے کی غفلت سے ہو رہا ہے

چواسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) تحصیل ہیڈکوارٹر ہاسپٹل چواسیدن شاہ میں لوگوں کی جانوں کے ساتھ کھیلنے لگے بدتمیز اور بے مہار باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ یہاں پر اعلی افسران نے انت مچائی ہوئی ہے مریضوں کے ساتھ آئے روز بدتمیزی اور دوائی تو دور کی بات یہاں چھوٹا مریض ہو یا بڑا مریض ہو اس کو فوراً چکوال ریفر کر دیتے ہیں یہ سب کچھ تحصیل ہیڈکوارٹر ہاسپٹل کے ایم ایس ایچ ار ایڈمن اور دیگر عملے کی غفلت سے ہو رہا ہے اور ڈرائیور لوگوں کے اکثر کرنے میں مصروف ہومیوپیتھک کے کمپوڈر نے ٹیکے لگانے میں شروع کر دیے اور دوائی بھی یہاں پر ا ایکسپائری ملتی ہے

پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹریشن کے لیے ملازمین میں ٹیبز کی تقسیم

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹریشن کے لیے ملازمین میں ٹیبز کی تقسیم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ملازمین میں ٹیبز تقسیم کیے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے لیے پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹریشن کلیدی اہمیت کی حامل ہے، محکمہ لوکل گورنمنٹ کے شمار کنندگان ٹیبز کے ذریعے لوگوں کی رجسٹریشن کے اندراج با آسانی کر سکیں گے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اس سلسلہ میں عوام الناس کا درست ڈیٹا مرتب کیے جائے اور انہیں حکومت پنجاب کے مختلف فلاحی پروگرام سے مستفید کرنے کے لیے اپنا مخصوص کردار ادا کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کی ہدایت پر شجرکاری مہم جاری

اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی نے بھی شجرکاری مہم کے حوالے سے بھبھڑ میں پودا لگایا۔ محکمہ جنگلات اور بن قطب فاونڈیشن نے شجرکاری مہم کا اہتمام کیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے انیشیٹو پلانٹ فار پاکستان کے تحت ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کی ہدایت پر ضلع چکوال میں شجرکاری مہم جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی نے بھی شجرکاری مہم کے حوالے سے بھبھڑ میں پودا لگایا۔ محکمہ جنگلات اور بن قطب فاونڈیشن نے شجرکاری مہم کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل فاریسٹ آفیسر افتخار علی اور چیئرمین بن قطب فاونڈیشن بشیر ملک بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی نے کہا کہ شجرکاری مہم سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پایا جاسکتا ہے بلکہ پھل دار درخت آمدنی کا ذریعہ بھی بن سکتے ہیں۔ ڈی ایف او چکوال افتخار علی نے کہا کہ محکمہ جنگلات شجرکاری مہم کے حوالے سے پنجاب حکومت کی طرف سے دیئے گئے ٹارگٹ کو پورا کرے گا۔ چیئرمین بن قطب فاونڈیشن بشیر ملک نے کہا کہ شجرکاری کا بنیادی مقصد عوام کو صحت مند ماحول مہیا کرنا ہے۔ تقریب کے آخر میں لوگوں میں توت، جامن، امرود، لوکاٹ اور چائنہ شیشم کے 500 پودے تقسیم کیے گئے۔

وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب میں 78ویں یوم آزادی کی تقریبات کا سلسلہ عروج پر ہے

ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام جشن آزادی شجرکاری مہم کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب میں 78ویں یوم آزادی کی تقریبات کا سلسلہ عروج پر ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام جشن آزادی شجرکاری مہم کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فراز احمد کی تقریب میں خصوصی شرکت کی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ عطیہ عنایت، ضلعی افسران، سٹوڈنٹس سمیت عام شہریوں کی بڑی تعداد تقریب میں موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو، نے شجرکاری کرنے والے ملازمین سے فرداً فرداً ملاقات کی اور ان سے مصافحہ بھی کیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو، و دیگر تقریب کے شرکاء نے اپنے اپنے حصے کے پودے لگائے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جشن آزادی کی خوشی میں 14 اگست تک 20 ہزار پودے لگائے جائیں گے، ضلعی انتظامیہ مین شاہرات، سکول، کالجز، پبلک پارکس اور سرکاری دفاتر میں پودے لگائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شجرکاری کا مقصد آنے والی نسلوں کے لیے ماحول کو سازگار بنانا ہے، آج کی گئی شجرکاری آئندہ نسلوں کے لیے انتہائی مفید ثابت ہوگی، پودوں کی پرورش اور حفاظت ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ ہر شہری کو اپنے حصے کا ایک پودا ضرور لگانا ہو گا، تاکہ ماحولیاتی آلودگی سے چھٹکارا حاصل کیا جا سکے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فراز احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب ماحول کو سازگار بنانے کے تمام تر وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے، شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام اداروں سمیت شہریوں کا تعاون ناگزیر ہو گا۔

سابقہ وفاقی وزیر ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان ایک عظیم شخصیت ہیں۔ ملک خالد ککے زئی

آلٹرنیٹو انرجی ایسوسی ایشن کی قومی کانفرنس میں دختر سیالکوٹ نے بطور چیف گیسٹ خطاب کیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دختر سیالکوٹ ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان سابقہ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات اور ریگولیشن نے اپنے ادوار اقتدار میں سیالکوٹ کے عوام کیلئے عظیم الشان عملی منصوبے سرانجام دیئے جن میں پاسپورٹ آفیسز، نادرا آفیسز، ہیومن سیلیبیلیٹیشن وری ٹیبلیٹیشن سنٹرز کا قیام، سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ و صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے خطیر رقم کی فراہمی سمیت عام پبلک و قوم کی بیٹیوں کیلئے باعزت روزگار و سپیشل ٹرانسپورٹ کی فراہمی۔ ان باتوں کا اظہار سابقہ چیئرمین ملک خالد پہلوان ککے زئی نے سنئیر صحافیوں کیساتھ ایک نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی وہ قوم کیلئے فعال کردار ادا کر رہی ہیں۔ محترمہ ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان صاحبہ نے پاکستان آلٹرنیٹو انرجی ایسوسی ایشن کی قومی کانفرنس میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا ہمیں آنے والی نسلوں کو دھواں نہیں، روشنی دینی ہے۔ سبز توانائی صرف بجلی نہیں، یہ پاکستان کی خودداری ہے۔ انہوں نے گرین انرجی کو پاکستان کی معیشت، ماحول، اور خودمختاری کا مستقبل قرار دیا اور نوجوانوں کو سبز انقلاب کا حصہ بننے کی دعوت دی۔

فیضان ایم کپور لائنز کلب شکاگو کی جانب سے بہترین پرفارمنس پر لیڈرشپ میڈل سے نوازے گئے

کے پی، بلوچستان و پنجاب بھر کے 2024/25 گورنرز میں بہترین کارکردگی رہی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) لائنز کلب انٹرنیشنل کے منعقدہ 29ویں اینول پروگرام کی پروقار تقریب کا انعقاد ہوا جس میں لائنز کلب ہیڈکوارٹر شکاگو کی جانب سے کے پی، بلوچستان و پنجاب بھر کے 2024/25 کے ڈسٹرکٹ گورنرز میں بہترین کارکردگی کے اعتراف میں لائن فیضان مجید کپور کو لیڈرشپ میڈل دیا گیا۔ واضح رہے کہ 29ویں اینول ڈسٹرکٹ انسٹالیشن سیریمنی ڈسٹرکٹ N2-305 میں موجودہ ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب لائن شکیل سیٹھی و چیئرمین لائنز کلب لائن طاہر مجید کپور پاسٹ گورنرز اور ڈی جی لائنز کلب لائن ایم عارف مسعود نے پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنرز کو میڈل پہنایا۔ اپنے مختصر خطاب میں لائن فیضان ایم کپور نے ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب شکیل سیٹھی کا خصوصی شکریہ ادا کیا جنہوں نے ان کی ریکمنڈیشن کی۔

مینار پاکستان کے زیر سایہ لاہور میں ہونے والی عالمی میلاد کانفرنس میں عارفوالا سے قافلے بھرپور شرکت کیلئے روانہ ہوں گے

تحریک منہاج القرآن اہل ایمان اور اہل اسلام کے دلوں میں عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شمع منور کر رہی ہے: حاجی محمد افضل

عارفوالا (نمائندہ قوت) سینئر رہنما سابق صدر ڈاکٹر رشید احمد رضا اور سرپرست اعلیٰ حاجی محمد افضل تحریک منہاج القرآن عارفوالا نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امسال پندرہ سو سالہ جشن ولادت کے موقع پر مینار پاکستان کے زیر سایہ لاہور میں ہونے والی عالمی میلاد کانفرنس میں عارفوالا سے قافلے بھرپور شرکت کیلئے روانہ ہوں گے تحریک منہاج القرآن نوجوانوں کے دلوں میں قرآن وسنت کی روشنی اجاگر کرنے کیلئے انہیں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے راہنمائی حاصل کرنے کی جانب راغب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے راستوں پر چلنے کی تلقین کرنا ہے اور تحریک منہاج القرآن اہل ایمان اور اہل اسلام کے دلوں میں عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شمع منور کر رہی ہے اور اس صدی میں اخلاق حسنہ کا درس دے رہی ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات پاک اور سنت رسول اہل ایمان کے لئے مینارہ نور ہے۔

مانگا روڈ پر کباڑ خانے میں آگ بھڑک اٹھی، ریسکیو کی بروقت کارروائی سے بڑا سانحہ ٹل گیا

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) مانگا روڈ پر واقع سوشل سیکیورٹی ہسپتال کے سامنے کباڑ خانے میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں فضا دھوئیں سے بھر گئی اور دور دور تک کالے دھوئیں کے بادل چھا گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور فائر بریگیڈ کے عملے نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پانے کے لیے فوری اقدامات شروع کر دیے۔ خوش قسمتی سے واقعے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم آگ لگنے کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہو سکیں۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ دھواں اس قدر شدید تھا کہ اردگرد کی آبادی کے لوگ خوفزدہ ہو کر گھروں سے باہر نکل آئے۔ ریسکیو ٹیمیں اب بھی جائے وقوعہ پر موجود ہیں اور علاقے کو مکمل طور پر کلیئر کرنے کا عمل جاری ہے۔ علاقہ مکینوں نے ریسکیو اہلکاروں کی بروقت آمد اور پیشہ ورانہ کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے اور واقعے کو ممکنہ بڑے سانحے سے بچانے پر ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

سیالکوٹ میں موسلا دھار بارش نے ہر طرف جل تھل کر دیا، وسطی بازار و نشیبی علاقے زیر آب آگئے

ایک گھنٹہ کی دھواں دھار بارش سے کشمیر روڈ و خادم علی روڈ نہر کا منظر پیش کرنے لگا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ میں مون سون بارشوں کے حالیہ سپیل کے دوران شہر و مضافات میں وقفے وقفے تو کہیں مسلسل گھنٹوں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ اس دوران شہر کے وسطی ٹرنک بازار، کریم پورہ، مجاہد روڈ، شہاپورہ روڈ سمیت خادم علی روڈ و کشمیر روڈ ندی نالوں کا منظر پیش کرنے لگی۔ حبس و گرمی کے مارے شہری بارش میں پکوڑوں سموسوں اور چائے سے لطف اندوز ہوتے بارش میں نہاتے رہے تو کہیں منچلے فراٹے بھرتی گاڑیوں سے چھینٹیں اڑاتے دکھائی دیئے۔ موسلا دھار بارش کے بعد چلنے والی ہواؤں سے موسم خوشگوار ہو گیا اور رات میں خنکی بڑھ گئی ہے۔

سالانہ مجلس عزا مورخہ 15 اگست بمطابق 20 صفر المظفر امام بارگاہ قدیمی موضع حسن خان چنڈ میں بعد نماز ظہرین ہوگی

جھنگ (بیورو رپورٹ) چہلم سید الشہداء حضرت امام حسین کے سلسلہ میں سید فضل عباس بخاری، سید عنصر رضا بخاری، سید سلیم رضا بخاری، سید رضوان حیدر شیرازی اور سید عون رضا بخاری کے زیر اہتمام سالانہ مجلس عزا مورخہ 15 اگست بمطابق 20 صفر المظفر امام بارگاہ قدیمی موضع حسن خان چنڈ میں بعد نماز ظہرین ہوگی جس میں علامہ ڈاکٹر طاہر علی جان قمی، علامہ فضل عباس قمی، علامہ غلام جعفر رضا اور دیگر ذاکرین خطاب کریں گے مجلس عزا کے بعد شام ساڑھے پانچ بجے جلوس برآمد ہوگا۔

یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں اسلامی فنِ خطاطی کی ایک خوبصورت اور بامقصد نمائش و ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

نمائش نہ صرف فن کی ترویج کا ذریعہ بنی بلکہ نوجوانوں کے لیے حوصلہ افزائی اور رہنمائی کا ایک روشن باب ثابت ہوئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں اسلامی فن خطاطی کی ایک خوبصورت اور بامقصد نمائش و ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح عزت مآب پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین صاحب (وائس چانسلر، یونیورسٹی آف اوکاڑہ) اور ڈاکٹر جمیل عاصم صاحب (رجسٹرار، یونیورسٹی آف اوکاڑہ) نے کیا۔ نمائش اور ورکشاپ میں پاکستان کے معروف خطاط ارشد علی چوہدری صاحب نے خصوصی شرکت کی اور فن خطاطی کے طلباء و طالبات کو نہایت مہارت سے تربیت فراہم کی۔ انہوں نے نوجوان فنکاروں کے سوالات کے مدلل جوابات دیے اور ان کے جذبے کو خراج تحسین پیش کیا۔ بقلم آرٹ گیلری پتوکی کی جانب سے سردار معاذ علی ایڈووکیٹ (پروپرائیٹر) نے ورکشاپ کے شرکاء کو ہر ممکن فنی، تکنیکی اور عملی سہولیات فراہم کرنے کی پیشکش کی، تاکہ طلباء اپنے فن کو مزید نکھار سکیں اور قومی و بین الاقوامی سطح پر متعارف کروا سکیں۔ اس بامقصد تقریب کی کامیابی میں محترمہ اقراء صاحبہ (چیئرمین، شعبہ فائن آرٹس، یونیورسٹی آف اوکاڑہ) کی خصوصی کاوشیں لائق تحسین ہیں، جنہوں نے انتھک محنت اور دلجمعی کے ساتھ پروگرام کو کامیاب بنایا۔ تقریب کے اختتام پر وائس چانسلر ڈاکٹر سجاد مبین صاحب نے خطاط ارشد علی چوہدری صاحب کو ان کی فنی خدمات اور فن کے فروغ کے لیے سرٹیفکیٹ آف اپریسی ایشن پیش کیا، جو ان کی قابلیت اور لگن کا اعتراف ہے۔ یہ نمائش نہ صرف فن کی ترویج کا ذریعہ بنی بلکہ نوجوانوں کے لیے حوصلہ افزائی اور رہنمائی کا ایک روشن باب ثابت ہوئی۔

حقیقی آزادی کا خواب جلد پورا ہوگا: پراپرٹی کنسلٹنٹ میاں صغیر احمد

عوام کسی صورت ہار نہیں مانے گی عمران خان کو جلد رہائی ملے گی پاکستان نے بہت سے مارشل لاء دیکھے ہیں موجودہ دور بدترین دور ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حقیقی آزادی کا خواب جلد پورا ہوگا عوام کسی صورت ہار نہیں مانے گی عمران خان کو جلد رہائی ملے گی پاکستان نے بہت سے مارشل لاء دیکھے ہیں موجودہ دور بدترین دور ہے اس نے تمام مارشل لاء بھلا دیے ہیں قوم کو اپنے حق کیلئے اٹھ کھڑا ہونا ہوگا ان خیالات کا اظہار درویش پراپرٹی کنسلٹنٹ میاں صغیر احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عوام کا خون نچوڑنے کی تیاری مکمل ہو چکی ہے خون پسینہ ایک کر کے کمانے والوں کے منہ سے آخری نوالہ بھی چھین لیا گیا ہے ملازمتیں اور پینشن ختم اور روزگار چھینے جا رہے ہیں ایسا بدترین دور پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا معاشی بدحالی کا شکار عوام خودکشی پر مجبور ہے حکومتوں کا کام عوام کو ریلیف دینا ہوتا ہے نہ کہ سب کچھ چھین لینا۔

رائیونڈ: چوہدری محمد ندیم اختر ایس ڈی او رائیونڈ سب ڈویژن تعینات

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) چیف ایگزیکٹو لیسکو محمد رمضان بٹ نے چوہدری محمد ندیم اختر کو ایس ڈی او لیسکو واپڈا رائیونڈ سب ڈویژن تعینات کر دیا۔ نئے تعینات ہونے والے ایس ڈی او نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ کام کا آغاز کر دیا۔ رائیونڈ سب ڈویژن آمد پر چیئرمین ہائیڈرو یونین حاجی فرمان علی بھٹی اور دیگر سٹاف نے پرتپاک استقبال کیا اور پھولوں کے ہار پہنائے۔ اس موقع پر چوہدری محمد ندیم اختر نے شاندار استقبال پر تمام سٹاف، بالخصوص یونین چیئرمین حاجی فرمان علی بھٹی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ رائیونڈ ڈویژن میں تیسری بار تعیناتی ان کی پیشہ ورانہ کارکردگی کا اعتراف ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری محمد ندیم اختر کا کہنا تھا کہ وہ اس تعیناتی کو درست ثابت کرنے کیلئے بھرپور محنت کریں گے۔ بجلی چوری کے خاتمے اور ریکوری میں بہتری ان کی اولین ترجیح ہوگی، جبکہ صارفین کے مسائل کے حل کیلئے ان کے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے رہیں گے۔

وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت چنیوٹ میں ستھرا پنجاب خصوصی مہم جاری

اگلے مرحلے میں یونین کونسل 33 دلخوشاب میں ایک روزہ سپیشل صفائی مہم کی گئی۔ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی واثق عباس ہرل نے مہم میں کام کا معائنہ کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت چنیوٹ میں ستھرا پنجاب خصوصی مہم جاری ہے اس ضمن میں اگلے مرحلے میں یونین کونسل 33 دلخوشاب میں ایک روزہ سپیشل صفائی مہم کی گئی۔ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی واثق عباس ہرل نے مہم میں کام کا معائنہ کیا۔ چیف آفیسر مظفر بیگ، تحصیل مینیجر محمد حمزہ بھی موجود تھے۔ ایڈمنسٹریٹر نے بتایا کہ روٹین سے ہٹ کر ہفتہ میں ایک بار یونین کونسلز میں مکمل مشینری، عملہ کے ساتھ صفائی کی جاتی ہے اور خصوصی صفائی مہم میں کوڑا اٹھانے کے ساتھ ڈی سلٹنگ بھی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر منگل اور جمعہ کو مہم مستقل بنیادوں پر جاری رہے گی۔

پنجاب میں کرپشن والے منصوبے شروع کیے گئے ہیں: شہباز احمد کڑھائی والے

حکومت کرپشن سے توجہ ہٹا کر عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے بارے میں بھی توجہ دے ڈیڑھ سالوں میں کھربوں روپے کرپشن کی گئی ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پنجاب میں کرپشن والے منصوبے شروع کیے گئے ہیں جن کا عوام کو کوئی فائدہ نہیں ہے دو وقت کی روٹی کھانا مشکل ہے حکومت کرپشن سے توجہ ہٹا کر عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے بارے میں بھی توجہ دے ڈیڑھ سالوں میں کھربوں روپے کرپشن کی گئی ہے اس کا حساب کون دے گا ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان نے کرپشن کے خلاف نعرہ لگایا جو اشرافیہ اور کرپٹ سیاستدانوں کو برداشت نہیں ہوا ہم جدوجہد حقیقی آزادی کیلئے ہے جس کیلئے ہمیشہ کوشش جاری رکھیں گے پی ٹی آئی کو جتنا دبایا جا رہا ہے عوام اتنا زیادہ جنون دکھا رہی ہے ان شاء اللہ پی ٹی آئی کا دور واپس آئے گا تب ایک ایک ظلم کا حساب لیا جائے گا۔

حافظ آباد میں ”حصول آزادی سے تحفظ آزادی تک“ کے سلسلہ میں جشن آزادی اور معرکہ حق کی تقریبات جاری

ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے تمام سرکاری عمارتوں، چوک، چوراہوں، سڑکوں، اہم عوامی مقامات کو سبز پرچموں، جھنڈے، جھنڈیوں اور دیدہ زیب لائٹنگ کے ساتھ خوبصورتی سے سجایا گیا ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں ”حصول آزادی سے تحفظ آزادی تک“ کے سلسلہ میں جشن آزادی اور معرکہ حق کی تقریبات جاری ہیں۔ ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے تمام سرکاری عمارتوں، چوک، چوراہوں، سڑکوں، اہم عوامی مقامات کو سبز پرچموں، جھنڈے، جھنڈیوں اور دیدہ زیب لائٹنگ کے ساتھ خوبصورتی سے سجایا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ جشن آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کے سلسلہ میں تعلیمی اداروں میں ملی نغموں اور تقریروں کے مقابلہ جات منعقد کروائے جا رہے ہیں ان پروگراموں میں اساتذہ اور دیگر مقررین حصول آزادی سے تحفظ آزادی تک کے سفر، بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح، علامہ ڈاکٹر محمد اقبال اور تحریک آزادی کے دیگر رہنماؤں کی کوششوں، جدوجہد آزادی کے حوالہ سے طلباء وطالبات کو روشناس کروا رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ ملک وقوم کی حفاظت کرنے والی افواج پاکستان کی بہادری، شجاعت، لازوال قربانیوں اور صلاحیتوں پر انہیں خصوصی طور پر خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ جشن آزادی کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر آفس سمیت میونسپل کمیٹی، تعلیم، صحت، ضلعی کونسل، ریونیو، اسسٹنٹ کمشنر و دیگر دفاتر کو خوبصورت لائٹنگ سے سجایا گیا ہے اس کے علاوہ جناح چوک، کلمہ چوک، فوارہ چوک، قلعہ صاحب سنگھ چوک سمیت مختلف شاہراؤں اور دیگر عوامی مقامات کو خوبصورت لائٹنگ اور برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے۔ جشن آزادی کی مناسبت سے مختلف دفاتر اور مقامات پر پودے بھی لگائے جا رہے ہیں۔

آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی زیر صدارت کرائم میٹنگ ضلع بھر سے شریک افسران کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپراسے) آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی زیر صدارت کرائم میٹنگ ضلع بھر سے شریک افسران کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ، جرائم کے خلاف موثر اقدامات کی ہدایات۔ ریجنل پولیس آفیسر ساہیوال محبوب رشید نے ڈی پی او آفس ساہیوال میں کرائم میٹنگ کی صدارت کی، جس میں ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان سمیت ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز، اور انچارج برانچز نے شرکت کی۔ میٹنگ میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جرائم کی روک تھام، زیر التواء مقدمات کی پیش رفت، اشتہاری ملزمان، عدالتی مفروران، اور منشیات فروشوں کے خلاف جاری کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آر پی او ساہیوال نے ہدایت کی کہ تمام تھانوں کی سطح پر کرائم کنٹرول کے لیے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز کو ترجیح دی جائے اور سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائی کی جائے۔ آر پی او ساہیوال نے واضح کیا کہ افسران فیلڈ میں متحرک کردار ادا کریں اور پٹرولنگ، چیکنگ، اور نائٹ ڈیوٹی کے نظام کو بہتر بنائیں تاکہ عوام الناس میں تحفظ کا احساس مزید مضبوط ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ تھانوں میں آنے والے سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے اور مقدمات کی بروقت اور میرٹ پر تفتیش کو یقینی بنایا جائے۔ ٹریفک امور پر گفتگو کرتے ہوئے آر پی او ساہیوال نے کہا کہ کم عمر ڈرائیونگ، ون ویلنگ، بغیر نمبر پلیٹ اور بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہریوں کو ٹریفک قوانین سے آگاہ کرنے کے لیے تعلیمی اور آگاہی مہمات چلائی جائیں تاکہ حادثات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

میثاق جمہوریت یا حکومت مخالف تحریک؟

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے تحت آل پارٹیز کانفرنس نے تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان قومی مکالمے اور نئے میثاق جمہوریت کا مطالبہ کیا ہے۔ دو روزہ کانفرنس کے اختتام پر جاری ہونے والے اعلامیہ میں ملک میں انسانی حقوق اور جمہوری صورت حال پر تشویش کا ظہار کرتے ہوئے متعدد مطالبات کیے گئے ہیں۔ البتہ بین الجماعتی مکالمہ اور ملک کے جمہوری نظام کے لیے چند اصولوں پر اتفاق رائے کے بارے میں تجویز سب سے اہم ہے جس پر عمل درآمد ضروری ہے۔ تاہم اس نام نہاد آل پارٹیز کانفرنس میں شامل پارٹیاں یہ واضح کرنے میں ناکام رہی ہیں کہ اگر ان کے اعلامیے میں شامل نکات کسی مطالبہ یا الٹی میٹم کی حیثیت رکھتے ہیں تو حکومت میں شامل یا اس کی حمایت کرنے والی پارٹیوں کے ساتھ مکالمہ کن نکات پر ہوگا۔ درحقیقت یہ کانفرنس احتجاج اور مکالمہ ومفاہمت میں فرق کرنے اور اپنا نقطہ نظر واضح طور سے سامنے لانے میں ناکام رہی ہے۔ اگر تحریک تحفظ آئین پاکستان کی اس اے پی سی کے اعلامیہ میں یہ واضح کیا جاتا کہ تحریک انصاف نے 5 اگست سے جس ملک گیر احتجاج کی کال دی ہوئی ہے، اسے واپس لیا جا رہا ہے اور ملک کی تبدیل شدہ سیاسی، سماجی اور سیکیورٹی کی صورت حال میں تمام سیاسی پارٹیوں کو مل بیٹھ کر بات کرنے اور معاملات حل کرنے کے لیے ویسے ہی میثاق پر متفق ہونے کی دعوت دی جاتی ہے، جیسا معاہدہ 2006 میں میاں نواز شریف اور بے نظیر بھٹو کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان ہوا تھا۔ البتہ دیکھا جا سکتا ہے کہ تمام سیاسی پارٹیوں کو بنیادی آئینی حقوق، خود مختار عدلیہ اور آزاد میڈیا کے اصولوں پر اتفاق رائے کے لیے بات چیت کا مشورہ بھی ایک مطالبے کی صورت میں کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اس اعلامیہ میں وہ تمام مطالبات شامل ہیں جو تحریک انصاف کی طرف سے اقتدار سے محرومی کے بعد تسلسل سے کیے جا رہے ہیں۔ اب اب یہ مطالبات منوانے کے لیے تحریک انصاف 5 اگست سے ملک بھر میں بھرپور احتجاج شروع کرنے کا اعلان کر چکی ہے۔ احتجاج کی اس دھمکی کی موجودگی میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے لیڈروں کو یہ امید نہیں کرنی چاہیے کہ حکومت یا اس میں شامل جماعتیں اپوزیشن کے ساتھ مل بیٹھیں گی اور ان کی 'ہدایات' کے مطابق معاملات طے کیے جائیں گے۔ گزشتہ سال تحریک تحفظ آئین پاکستان کے نام سے جو سیاسی اتحاد قائم کیا گیا تھا، اس کی قیادت پختون خوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی کے پاس ہے لیکن اس اتحاد کے بارے میں فیصلے کرنے کا سارا اختیار اڈیالہ جیل میں مقید عمران خان کے ہاتھ میں ہے۔ یوں بھی اس اتحاد میں جو جماعتیں شامل ہیں، ان میں تحریک انصاف کے سوا کوئی بھی درحقیقت باقاعدہ سیاسی پارٹی نہیں ہے اور نہ ہی اسے عوامی سطح پر کوئی حمایت حاصل ہے۔ تحریک انصاف کے علاوہ سنی اتحاد کونسل اور مجلس وحدت المسلمین کے لیڈر تو ویسے ہی عمران خان کے دیرینہ حلیف ہیں۔ اس کے علاوہ سندھ کا گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس، پختون خوا ملی عوامی پارٹی اور شاہد خاقان عباسی کی نئی نویلی عوام پاکستان پارٹی اس اتحاد میں شامل ہیں۔ ان میں سے بیشتر جماعتیں کسی اسمبلی کی ایک آدھ سے زیادہ نشستیں جیتنے کی صلاحیت نہیں رکھتیں۔ سنی اتحاد کونسل کے سربراہ نے گزشتہ انتخابات میں اپنی پارٹی کی بجائے آزاد امیدوار کے طور پر انتخاب میں حصہ لیا تھا۔ اسی سے اس پارٹی کی حیثیت واہمیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

ملک میں یقیناً سیاسی اصلاحات کی ضرورت ہے۔ عدالتوں سے لے کر میڈیا پر عائد پابندیوں کے حوالے سے عام طور سے تحفظات کا اظہار سامنے آتا رہتا ہے۔ ہر ذمہ دار شہری بنیادی انسانی حقوق کی حفاظت کا خواہاں ہے اور چاہتا ہے کہ ملک کے آئین پر اس کی روح کے مطابق عمل ہو۔ تاہم یہ اصولی باتیں ہیں۔ اگر سب جماعتیں یا سیاسی لیڈر اپنے اپنے طور پر ان اصولوں یا آئین کی توجیہ کرتے ہوئے

حقیقت کے دو کنارے: بے چینی سے بے خبری تک

تحریر: ڈاکٹر سنتوش کامرانی

دنیا بھر میں نفسیاتی مسائل تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ زندگی کی تیز رفتاری، دباؤ، پیچیدہ سماجی روابط، اور رشتوں کا بکھرتا جال انسان کے اندرونی سکون کو چھین رہا ہے۔ ہر چہرے پر مسکراہٹ کے پیچھے کوئی نہ کوئی کرب، یا الجھن چھپی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ [illegible] ذہنی اور جذباتی بے چینی [illegible] صرف ڈاکٹروں یا ماہرین کا کام نہیں رہا، بلکہ یہ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری بن چکی ہے۔

بات کو آگے بڑھانے سے پہلے نفسیاتی مسائل کو سمجھنے کے لیے کچھ اصطلاحات کو سمجھنا ضروری ہے۔ سائیکوسس (Psychosis) ایک کیفیت یا عارضہ ہے جس میں فرد کا حقیقت سے تعلق نمایاں طور پر منقطع ہو جاتا ہے، اسے ایسی چیزیں محسوس ہوتی ہیں یا ایسے یقین ہوتے ہیں جو حقیقت پر مبنی نہیں ہوتے۔

سائیکوٹک (Psychotic) وہ صفت ہے جو کسی فرد کی اس کیفیت کو بیان کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے جو سائیکوسس کی حالت سے گزر رہا ہو۔ اسی طرح، نیوروسس (Neurosis) ایک اصطلاح ہے جو اندرونی کشمکش، شدید بے چینی، خوف، وسوسے، یا مزاج کی خرابی [illegible] حقیقت سے تعلق برقرار رہتا ہے [illegible] نیوروٹک (Neurotic) [illegible] (سائیکوسس اور نیوروسس) کا تعلق نفسیاتی یا ذہنی عوارض سے ہے [illegible] عوامل، یا تجربات کی وجہ سے [illegible] اس کے برعکس، نیورولوجیکل عارضہ (Neurological Disorder) جسمانی بیماری ہے جو براہ راست دماغ، ریڑھ کی ہڈی یا اعصاب کے نظام کی ساخت، کام یا بافتوں میں خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ یہ نفسیاتی عوارض نہیں ہیں، حالانکہ بعض اوقات ان کی نفسیاتی علامات بھی ظاہر ہو سکتی ہیں۔

نفسیاتی مسائل کو [illegible] گروہوں میں تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ ان کی نوعیت اور علاج کو بہتر طور پر سمجھا جا سکے۔ اگرچہ یہ تقسیم ہمیشہ حتمی نہیں ہوتی [illegible] نیوروسس، سائیکوسس، اور مخلوط (Mixed) عوارض۔ نیوروسس کے عوارض میں اضطرابی عوارض (Anxiety Disorders)، وسواسی جبری عارضہ (Obsessive-Compulsive Disorder) (OCD)، فوبیاز (Phobias)، اور جسمانی علامات کے عوارض (Somatic Symptom Disorders) شامل ہیں۔ سائیکوسس میں وہم (Delusions) اور فریب حواس (Hallucinations) شامل ہیں، جیسے شیزوفرینیا (Schizophrenia)، وہمی عارضہ (Delusional Disorder)، شدید ڈپریشن یا بائی پولر ڈس آرڈر [illegible] شیزوافیکٹیو عارضہ (Schizoaffective Disorder) [illegible]

[illegible] میں سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

نیوروسس کو سمجھنا کچھ آسان ہے۔ تصور کریں کہ آپ کا اپنا ذہن آپ کا دشمن بن گیا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ دنیا کیا ہے، لوگ کیسے ہیں، آپ کے آس پاس کیا ہو رہا ہے، لیکن آپ اپنے خیالات اور جذبات کے بھنور میں پھنسے ہیں۔ یہ ایک ایسی قید ہے جس کی دیواریں آپ کے ذہن کی بنائی ہوئی ہیں۔ [illegible] اسے خودشناسی سے دوری یا زندگی میں مقصد کی کمی سے جوڑتے ہیں۔ فلسفیانہ زاویے سے، نیوروسس کو وجودی کرب (existential angst) کہا جا سکتا ہے، وہ بے چینی جو زندگی کے بے معنی ہونے یا اپنی آزادی کے بوجھ سے پیدا ہوتی ہے۔

سماجی طور پر، یہ ہمارے معاشرے کے دباؤ کا نتیجہ ہے، جیسے کہ کامیابی کا معیار، دوسروں سے موازنہ، رشتوں کی پیچیدگیاں وغیرہ۔ [illegible] دوسرے اسے نہیں دیکھتے یا ان کی حقیقت مختلف ہے۔ اس کی دنیا دوسروں سے مکمل طور پر الگ ہو جاتی ہے۔ سائیکوسس کی سب سے واضح علامات وہم (delusions) اور فریب حواس (hallucinations) ہیں۔ وہم پختہ، غلط عقائد ہیں

سیاسی برج کس طرف جا رہے ہیں؟

تحریر: ڈاکٹر افضل رضوی

دنیا کی کوئی بھی سیاسی تاریخ ہو، اس میں ایسے لمحات ضرور آتے ہیں جب پرانے نظام، چہرے یا بیانیے اپنے انجام کو پہنچتے ہیں اور ایک نیا سیاسی رخ، نیا بیانیہ، یا نیا اتحاد ابھرتا ہے۔ پاکستان کی موجودہ سیاست بھی کچھ ایسی ہی کیفیت سے دوچار ہے۔ ایک عبوری دور، جس میں سیاسی بُرج اپنی جگہ چھوڑ کر کسی نئی سمت جھکنے لگے ہیں، لیکن یہ سمت کیا ہے؟ کون اسے متعین کرے گا؟ اور عوام کو اس سے کیا حاصل ہوگا؟ یہ وہ سوالات ہیں جو آج ہر باشعور پاکستانی کے ذہن میں گونج رہے ہیں۔

موجودہ سیاسی تناظر

پاکستان کی سیاست گزشتہ دو دہائیوں سے ایک مستقل بحران کا شکار ہے، لیکن 2022ء کے بعد سے یہ بحران کسی حد تک سنگین تر ہو چکا ہے۔ تحریکِ عدم اعتماد، عمران خان کی گرفتاری، سیاسی انتقامی کارروائیاں، عدالتی فیصلوں میں تضادات، اور اب 2024ء کے انتخابات کے بعد پیدا ہونے والی صورتِ حال، سب نے یہ واضح کر دیا ہے کہ محض شخصیات کی تبدیلی سے کچھ بھی نہیں بدلے گا۔ اصل مسئلہ اداروں کا باہمی تصادم، جمہوری اقدار کی کمزوری، اور اقتدار کی ہوس میں اندھی سیاسی دوڑ ہے۔

نئی صف بندی: پرانے چہرے، نئی شکلیں ملک کی سیاسی جماعتوں نے گویا نئی صف بندی شروع کر دی ہے۔ ایک طرف پاکستان مسلم لیگ (ن) ہے جو تجربہ کار سیاست دانوں اور اسٹیبلشمنٹ کے قریب حلقوں کے ساتھ دوبارہ مرکزِ اقتدار بننے کی کوشش میں کامیاب ہو چکی ہے۔ دوسری طرف پاکستان پیپلز پارٹی ہے جو سندھ کے اقتدار کو بنیاد بنا کر قومی سیاست میں دوبارہ جگہ بنانے کی آرزو رکھتی ہے۔ تیسری طرف، عمران خان کی تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) ہے جو قانونی اور سیاسی دباؤ؟ کے باوجود عوامی سطح پر اپنی مقبولیت برقرار رکھنے کی کوشش کر رہی ہے۔ لیکن اندرونی خلفشار کا شکار ہے

ان جماعتوں کی نئی حکمتِ عملی، اتحادوں کی بدلتی نوعیت، اور عدالتوں و اداروں کے فیصلے اس طرف اشارہ کرتے ہیں کہ سیاسی بُرج نہ صرف ہل چکے ہیں، بلکہ اب نئی سمت کی تلاش میں جھک رہے ہیں۔ تاہم یہ جھکاؤ؟ کسی اصولی تبدیلی کا پیش خیمہ نہیں، بلکہ وقتی مفادات کی مجبوری معلوم ہوتی ہے

اسٹیبلشمنٹ کا کردار: پس پردہ یا پیش منظر؟

پاکستان کی سیاسی تاریخ میں اسٹیبلشمنٹ ہمیشہ سے ایک غیر تحریری طاقت رہی ہے۔ کبھی پسِ منظر میں، کبھی پیش منظر میں، لیکن اس کے اثرات ہر بڑے فیصلے میں محسوس کیے گئے ہیں۔ موجودہ دور میں یہ کردار اور بھی واضح ہوتا جا رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا اسٹیبلشمنٹ اب بھی سیاسی صف بندی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے؟ یا اس نے خود کو "نیوٹرل" ثابت کرنے کی کوشش کے باوجود ایک مخصوص بیانیے کو پروان چڑھانے میں مدد دی ہے؟

حالیہ عدالتی فیصلے، میڈیا پر بیانیہ سازی، اور بعض غیر متوقع سیاسی اتحاد اس تاثر کو مزید تقویت دیتے ہیں کہ اسٹیبلشمنٹ کا جھکاؤ؟ کس سمت ہے۔ لیکن یہ جھکاو؟ اگر جمہوریت کی بجائے اقتدار کے تسلسل اور ادارہ جاتی تحفظ کو ترجیح دے، تو پھر سیاسی بُرج جمہوریت کے بجائے مصلحت کی طرف جھکیں گے۔

عوام کہاں کھڑے ہیں؟

عوام سیاسی نظام کے اصل محور ہونے چاہئیں، لیکن پاکستان میں عوام ہمیشہ سب سے آخر میں شمار کیے جاتے ہیں۔ آج بھی مہنگائی، بے روزگاری، بجلی و گیس کی لوڈ شیڈنگ، اور معاشی غیر یقینی صورتِ حال نے عوامی شعور کو تھکا دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عوام اب صرف نجات دہندہ تلاش کرتے ہیں، خواہ وہ کوئی بھی ہو، مگر یہ رجحان جمہوریت کے بجائے شخصیت پرستی کو فروغ دیتا ہے۔ عوام اگر اپنی اجتماعی دانش کو بروئے کار لاتے، اور نعرے بازی کی بجائے پالیسی پر فیصلہ کرتے، تو شاید سیاسی بُرج بھی جمہوری بنیاد پر اپنی سمت متعین کرتے۔ مگر جب انتخابی فیصلہ جذبات اور تعصبات کی بنیاد پر ہو، تو جھکتے ہوئے برج ہمیشہ ماضی کی غلطیوں کو دہراتے ہیں

آگے کا راستہ: اصلاح یا انہدام؟

اب سوال یہ ہے کہ سیاسی بُرج کس سمت جھکنے چاہئیں؟ اصلاح کی سمت یا انہدام کی؟ اصلاح کی سمت وہی ہے جو ادارہ جاتی توازن، آئین کی بالادستی، عدلیہ کی غیر جانبداری، اور میڈیا کی آزادی سے مشروط ہو، مگر جب انہدام کا رجحان غالب ہو، جیسا کہ حالیہ سیاسی اور عدالتی تصادم سے ظاہر ہوتا ہے؛ تو پھر صرف سسٹم کا بحران نہیں ہوتا، بلکہ ریاست کی وحدت بھی خطرے میں پڑتی ہے۔ یہی وقت ہے کہ اہلِ دانش، سول سوسائٹی، میڈیا، اور نئی نسل۔ سب مل کر اس سوال پر غور کریں: کیا ہم سیاسی برجوں کو دوبارہ جمہوری، آئینی اور عوامی مفاد کی بنیاد پر کھڑا کر سکتے ہیں؟ یا ہم ایک بار پھر تاریخ کے اُس موڑ پر کھڑے ہیں جہاں سمت کا تعین فردِ واحد کے ہاتھوں میں ہوتا ہے۔

جھکاؤ سے استحکام تک کا سفر

سیاسی بُرج جھک رہے ہیں، یہ حقیقت ہے، لیکن کیا وہ کسی بہتر سمت میں جھک رہے ہیں؟ اس کا جواب ہم سب کے رویے، انتخاب، اور سیاسی شعور میں پوشیدہ ہے۔ صرف شخصیات بدلنے سے نہیں، بلکہ نظام کی اصلاح سے ہی پاکستان کی سیاست میں وہ استحکام آ سکتا ہے جس کا خواب قائداعظم نے دیکھا تھا۔

اگر سیاسی قیادت ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھے، اور ادارے اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کریں، تو پھر یہی جھکتے ہوئے بُرج ایک نئے، مستحکم، اور باوقار پاکستان کی بنیاد بن سکتے ہیں۔

پاکستان کی سیاست ہر دور میں، بحران، بے یقینی اور شخصی مفادات کے گرد گھومتی رہی ہے، مگر موجودہ دور میں سیاسی منظرنامہ جس تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے، اس نے ملک کے جمہوری ڈھانچے، ریاستی اداروں، اور عوامی توقعات کے درمیان ایک کشمکش کی فضا پیدا کر دی ہے۔ ملک کی سیاست میں حالیہ تبدیلیاں محض شخصیات یا پارٹیوں کی شکست وفتح کی کہانیاں نہیں، بلکہ یہ اس گہرے سیاسی، معاشی اور سماجی بحران کی علامت ہیں جو اس ریاست کو عرصہ؟ دراز سے درپیش ہے۔

اسٹیبلشمنٹ کا سایہ یا عوام کی آواز؟

پاکستان میں طاقت کی اصل محور ہمیشہ سیاسی حکومتیں نہیں رہیں۔ جب بھی کوئی سیاسی رہنما عوامی مقبولیت حاصل کرتا ہے، تو اس کے گرد شکوک وشبہات کی فضا بنا دی جاتی ہے۔ عمران خان کی سیاسی تنہائی اور ادارہ جاتی ٹکراو؟، اس حقیقت کو پھر نمایاں کر چکا ہے کہ ریاست میں اصل اقتدار کہاں مرکوز ہے۔

سیاسی جماعتیں، نظریہ کہاں گیا؟

ملک کی بڑی سیاسی جماعتیں خاندانی وراثتوں، شخصی عقیدتوں اور وقتی مفادات کے تابع نظر آتی ہیں۔ پارٹی منشور، تنظیمی ڈھانچہ اور پالیسی سازی سب کچھ چند مخصوص افراد کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ اس ماحول میں نظریاتی سیاست کی بقا تقریباً ناممکن ہو چکی ہے۔

عوام: تبدیلی کے منتظر یا مایوس؟

ہر الیکشن میں عوام نئے وعدوں، نعروں اور دعووں پر اعتماد کرتے ہیں، لیکن مہنگائی، بے روزگاری، تعلیم، صحت اور انصاف کے بنیادی مسائل اپنی جگہ برقرار رہتے ہیں۔ حکومتیں بدلتی ہیں، مگر نظام نہیں بدلتا۔

نوجوان نسل کی بیداری

سوشل میڈیا نے نوجوانوں کو ایک نیا پلیٹ فارم دیا ہے، جہاں سیاسی شعور اور رائے کا اظہار ممکن ہوا ہے۔ تاہم، یہ شعور اگر تربیت یافتہ نہ ہو تو محض جذباتی نعروں کا شکار ہو کر انتہا پسندی کو فروغ دے سکتا ہے۔

ریاستی ادارے: غیر جانبداری کا امتحان

عدلیہ، نیب، الیکشن کمیشن اور دیگر ادارے اکثر متنازع فیصلوں یا دوہری پالیسیوں کی زد میں آ جاتے ہیں۔ ادارہ جاتی غیر جانبداری وہ ستون ہے جس پر جمہوریت کا توازن قائم رہتا ہے، مگر بدقسمتی سے یہ ستون بار بار ہلتا نظر آتا ہے

پاکستان کی بدلتی سیاست ہمیں یہی پیغام دیتی ہے کہ محض چہروں کی تبدیلی سے حالات نہیں بدلیں گے۔ جب تک سیاسی جماعتیں خود احتسابی، داخلی جمہوریت، اور عوامی خدمت کو اپنا نصب العین نہیں بناتیں، تب تک یہ تبدیلی صرف چہرے بدلنے کا کھیل ہی رہے گی۔ حقیقی تبدیلی اس وقت ممکن ہو گی جب طاقت کا سرچشمہ واقعی عوام ہوں

مارکیٹ میں حکومت تبدیل کرنے کی افواہیں

حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

شہباز شریف کی حکومت کا ہنی مون پیریڈ عروج پر ہے۔ اگرچہ مارکیٹ میں حکومت تبدیل کرنے کی افواہیں بھی پھیلائی جا رہی ہیں۔ لیکن انسداد دہشت گردی عدالتوں نے تحریک انصاف کے لیڈروں کو دھڑا دھڑ سزائیں دے کر پارٹی کی تقریباً ساری اعلیٰ قیادت کو نا اہلی کے کنارے پہنچا دیا ہے۔ دوسری طرف واشنگٹن میں صدر ٹرمپ کی حکومت پاکستان کی بلائیں لے رہی ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ خود پاکستان کو رعایت اور بھارت کو سزا دینے کا اعلان کر رہے ہیں۔ اسلام آباد کی حکومت چین کے ساتھ تعلقات کی روشنی میں خواہ امریکہ کے ساتھ معاملات میں توازن کے کیسے ہی عذر تراشتی رہے لیکن حقیقت یہی ہے کہ پاکستانی اشرافیہ کا دل امریکہ کی محبت میں گرفتار رہتا ہے۔ وہاں سے آنے والی ایک مسکراہٹ پر ہمارا بڑے سے بڑا لیڈر لوٹ پوٹ جاتا ہے۔ اب تو یہ موقع 2020 میں ہونے والے دوحہ معاہدے کے بعد پہلی بار مل رہا ہے کہ واشنگٹن ہر سطح پر پاکستانیوں کی آو؟ بھگت کر رہا ہے۔ اسے سہولتیں و رعائتیں دینے کا اعلان ہو رہا ہے اور اعلیٰ عہدیدار پاکستانی وفود اور وزیروں سے ملنے کے لیے وقت نکال رہے ہیں۔

پوری دنیا ٹیرف کے معاملے پر صدر ٹرمپ کی حکومت کے ساتھ جھنجھٹ میں پڑی ہے اور کسی بھی طرح امریکی حکومت سے ڈیل کر کے اپنی برآمدات کے لیے امریکی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنا چاہ رہی ہے لیکن پاکستان کو یہ 'ڈیل' کسی خاص تردد کے بغیر ہی حاصل ہو چکی ہے۔ اس کی ایک وجہ تو یہ بھی ہے کہ پاکستانی حکومت نے پہلے دن سے ٹرمپ حکومت پر واضح کر دیا تھا کہ 'ہم تو دیرینہ خادم ہیں، جو آپ کہیں، ہم سر کے بل اس پر عمل کریں گے'۔ وفاداری کے ثبوت کے طور پر عجلت میں ناروے کی نوبل کمیٹی کو پاکستانی حکومت نے مراسلہ بھی روانہ کر دیا کہ 2026 کا نوبل امن انعام سوائے ڈونلڈ ٹرمپ کے کسی کو نہیں ملنا چاہیے کیوں کہ انہوں نے جوہری توانائی کے حامل دو ممالک پاکستان و بھارت کے درمیان جنگ بندی کروا کے خود کو اس انعام کا سب سے مستحق ثابت کیا ہے۔ پاکستانی حکومت کا یہ فیصلہ ٹرمپ جیسے انا پسند کے لیے غیر معمولی تھا۔ یہ خوشی دینے میں پاکستانی حکومت تو امریکہ کے سب سے قریبی حلیف اسرائیل سے بھی بازی لے گئی۔ ایسے میں ٹرمپ پاکستان کے واری نثار نہ جائیں تو کیا کریں۔ گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران پاکستان کے حوالے سے صدر ٹرمپ نے دو اہم اعلان کیے ہیں۔ ایک تو پاکستان کے ساتھ ٹریڈ ڈیل کے بارے میں ہے۔ یعنی امریکی حکومت پاکستان کے ساتھ ٹیرف کے سوال پر متفق ہو گئی ہے۔ اپریل میں دنیا کے متعدد ممالک پر ٹیرف کا اعلان کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے پاکستان پر 29 فیصد ٹیرف عائد کیا تھا۔ پاکستان کی کل برآمدات کا 18 فیصد امریکہ جاتا ہے۔ جس میں زیادہ تر ٹیکسٹائل مصنوعات شامل ہیں۔ ان برآمدات پر ٹیرف میں غیر معمولی اضافے کی وجہ سے ملکی ٹیکسٹائل انڈسٹری اور اس سے وابستہ ورک فورس کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ تاہم کافی عرصے سے اشارے دیے جا رہے تھے کہ پاکستان، امریکہ کے ساتھ ٹیرف پر معاہدہ کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔ آج وزارت خزانہ نے اس معاہدے کی تصدیق کی ہے لیکن یہ بتانے سے گریز کیا گیا ہے کہ اب پاکستانی مصنوعات پر کتنا ٹیرف وصول کیا جائے گا۔ امریکہ نے یورپ و دیگر ممالک سے جو معاہدے کیے ہیں، ان میں یہ شرح پندرہ سے بیس فیصد تک رکھی گئی ہے۔ البتہ پاکستان کے حوالے سے متفقہ شرح کا اعلان نہ ہونے کی وجہ سے بے یقینی تو موجود ہے، لیکن اسلام آباد اور واشنگٹن کے درمیان تعلقات میں پیش رفت کی وجہ سے امید کی جاتی ہے کہ پاکستانی حکومت ہر اس شرط کو قبول کر لے گی جس کا تقاضا ٹرمپ حکومت کی طرف سے کیا جائے گا۔ کیوں کہ پاکستان اس وقت امریکہ کے ساتھ تعلقات کو باہمی تجارت سے زیادہ وسیع و گہرا دیکھنے کی خواہش رکھتا ہے۔

اس 'گہرائی و وسعت' کا کچھ اشارہ صدر ٹرمپ کے اس اعلان سے ہوا ہے جس میں انہوں نے پاکستان میں تیل کے وسیع ذخائر تلاش کرنے کا معاہدہ ہونے کی خبر سنائی ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان ٹریڈ ڈیل کا اعلان ہونے سے کئی گھنٹے پہلے ہی صدر ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں یہ اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہم اس وقت ایسی کمپنی تلاش کر رہے ہیں جو پاکستان میں تیل کے ذخائر تلاش کرنے کی قیادت کرے گی۔ دلچسپ پہلو یہ ہے کہ ٹرمپ نے اس پوسٹ کا اختتام اس فقرے پر کیا ہے کہ 'ہو سکتا ہے مستقبل میں پاکستان بھارت کو تیل برآمد کر رہا ہو'۔ اس پوسٹ کے اس حصے پر خاص طور سے بھارتی تجزیہ نگار یہ قیاس کر رہے ہیں کہ ٹرمپ نے یہ پوسٹ بھارتی حکومت کے ساتھ ناراضی ظاہر کرنے یا اسے کوئی پیغام دینے کے لیے کی ہو۔ تاہم صدر ٹرمپ نے ایک ایسے وقت میں جب وہ دنیا بھر سے سرمایہ امریکہ لانے کے لیے کام کر رہے ہیں، پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کا اشارہ دے کر اپنی حکومت کے لیے پاکستان کی اہمیت واضح کی ہے۔

پاکستان میں تیل کے وسیع ذخائر کا ذکر تو کبھی پاکستانی لیڈروں نے بھی نہیں کیا جو ریکوڈک جیسے منصوبوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے میں ہر قسم کی مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہیں۔ ایسے میں صدر ٹرمپ کی طرف سے پاکستان میں تیل کے وسیع ذخائر تلاش کرنے کے لیے معاہدے کی بات کئی پہلوو؟ں سے عالمی سفارت کاری اور پاک امریکہ تعلقات کے حوالے سے اہم ہے۔ تجزیہ نگار اور ماہرین پاکستان کے ساتھ ٹرمپ حکومت کے تازہ التفات کا حوالہ دے کر اس علاقے میں ہونے والی اسٹریٹیجک پیش رفت کے بارے میں اندازے قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اس کا آغاز اگرچہ اس سال مارچ میں کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے ٹرمپ کے پہلے خطاب سے ہو گیا تھا۔ انہوں نے اگست 2021 میں کابل ائرپورٹ پر ہونے والے مہلک حملے کے ماسٹر مائنڈ کو پکڑنے پر پاکستان کی تعریف کی تھی۔ تاہم اس میں زیادہ گرمجوشی مئی میں پاکستان پر بھارت کے حملے کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال میں دیکھنے میں آئی ہے۔ صدر ٹرمپ دونوں ملکوں کے درمیان جنگ بندی کا کریڈٹ لیتے ہیں۔ پاکستان، بھارتی حکومت کے برعکس امریکی صدر کے اس کردار کو تسلیم کرتا ہے۔ تاہم صرف جنگ بندی میں کردار کی وجہ سے امریکہ، پاکستان کے بارے میں اپنی حکمت عملی تبدیل نہیں کر سکتا۔

جنگی جھڑپوں کے دوران پاکستان کی کارکردگی اور چینی اسلحہ کی صلاحیت نے بھی اس صورت حال کو تبدیل کرنے میں کردار ادا کیا ہے۔ ایک رائے یہ ہے کہ ٹرمپ لاابالی طبیعت کے حامل ہیں، اس لیے پاکستانی حکومت کے خوشامدانہ رویہ کی وجہ سے وہ اس وقت پاکستان کی حمایت میں بیان دیتے ہیں لیکن دونوں ملکوں کے تعلقات کی وسیع تاریخ اور گزشتہ ایک دہائی سے بھارت کو چین کے خلاف فرنٹ لائن اسٹیٹ بنانے کی امریکی خواہش کے تناظر میں دیکھا جائے تو یہ رویہ صرف صدر کی ذاتی خواہش تک محدود محسوس نہیں ہو سکتا۔ بلکہ لگتا ہے کہ امریکی اسٹیبلشمنٹ بھارت کے مقابلے میں پاکستان کی اہمیت کو ماننے پر مجبور ہوئی ہے۔ بھارت کو بحر جنوبی چین میں چین کا مقابلہ کرنے کے لیے اسٹریٹیجک پارٹنر بنایا گیا تھا لیکن اب یہ واضح ہو رہا ہے

سندھ حکومت: سیلاب متاثرین

تحریر: محمد موسیٰ گوندل، ڈائریکٹر انفارمیشن.

سال 2022 میں پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے شدید بارشوں اور سیلاب کے باعث سندھ صوبہ شدید متاثر ہوا جس کی وجہ سے لاکھوں گھروں کو نقصان پہنچا اور کروڑوں افراد بے گھر ہو گئے۔ اس پسِ منظر میں صوبائی حکومت نے بڑے پیمانے پر امدادی اقدامات کا آغاز کیا، جس کے تحت کاشتکاروں کو کھاد بیج کی رقم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ افیکٹیز (SPHF) نامی خصوصی ادارے کے ذریعے متاثرین کو مستقل رہائش فراہم کرنے کا منصوبہ شروع ہوا۔ یہ اسکیم دنیا کی سب سے بڑی ہاؤسنگ اسکیموں میں سے ایک تصور کی جاتی ہے، جس کا مقصد صوبے میں 21 لاکھ گھروں کی تعمیر تھا

اس منصوبے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئر مین بلاول بھٹو زرداری کی کوششوں سے تقریباً 2 ارب ڈالرز کے فنڈز جمع کیے گئے، جس میں ورلڈ بینک، ایشین ڈیولپمنٹ بینک، اسلامی ترقیاتی بینک اور صوبائی حکومت نے حصہ لیا۔ جون 2024 تک 1.2 ملین گھروں کی تعمیر کا اعلان کیا گیا تھا، جن میں سے تقریباً 000,525 زیرِ تعمیر تھے اور 000,100 مکمل ہو چکے تھے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت کی جانب سے اس منصوبے میں خواتین، معذور افراد اور کمزور طبقوں کو خصوصی طور پر شامل کیا گیا جس سے تقریباً 000,800 خواتین کو فائدہ پہنچایا گیا، جن میں کئی خواتین سر پرستِ خانوادہ بھی شامل تھیں، جنہیں زمین و مکان کے قانونی کاغذات جاری کیے گئے۔ جبکہ معذور افراد میں سے 666,111 کو مستحق قرار دیا گیا۔ اس حکومتی اسکیم میں رہائشیوں کو پانی، صفائی کے انتظامات اور خوراک کی سہولیات بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔ تقریباً 250,264 گھروں کو حفظانِ صحت سے منسلک کیا گیا ہے۔ ملکی معیشت میں استحکام لانے کے لیے گھریلو توانائی کے نظریئے سے 000,200 گھروں میں سولر پینلز نصب کرنے کا منصوبہ شامل ہے، اور مختلف آڈٹ فرموں کو منصوبے کی شفافیت کے لیے تسلیم شدہ آڈٹرز کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے خود کئی علاقوں میں جا کر گھروں کے کاغذات تقسیم کیے



بلاول بھٹو زرداری نے خود کئی علاقوں میں جا کر گھروں کے کاغذات تقسیم کیے اور اس دوران متاثرین کے گھروں کے اندر جا کر ان کی حالت دیکھی۔ سندھ حکومت کا یہ ہاؤسنگ پروگرام ایک نہایت وسیع اور اہم اقدام ہے، جس نے لاکھوں سیلاب متاثرہ خاندانوں کو مستقل رہائش، زمین کے قانونی حقوق اور بنیادی سہولیات فراہم کیں۔ اس بڑے منصوبے نے نہ صرف رہائش بلکہ خواتین کو بااختیار بنانے اور سماجی تحفظ کے نئے نظام کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔

صدر پاکستان آصف علی زرداری کے آبائی ضلع شہید بینظیر آباد میں بھی خاتون اول اور ایم این اے آصفہ بھٹو زرداری اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے پیپلز میڈیکل یونیورسٹی نواب شاہ کے لطیف ہال میں ضلع شہید بینظیر آباد سے تعلق رکھنے والی سیلاب متاثرین خواتین میں گھروں کی تعمیر کے بعد ان میں مالکانہ حقوق کی سند تقسیم کی ہیں اس موقع پر تقریب سے اپنے خطاب میں خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ غریب اور لاچار عوام کو ترجیح دی ہے

اور یہ سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر اور خواتین کو مالکانہ حقوق فراہم کرنا اس بات کی ایک کڑی ہے اس موقع پر بتایا گیا کہ ضلع شہید بینظیر آباد میں تقریباً ایک لاکھ 11 ہزار خاندانوں کو گھروں کی دوبارہ تعمیر کے لیے منصوبہ میں شامل کیا گیا ہے۔ اس موقع پر سیلاب متاثرین خواتین کی جانب سے گھروں کی تعمیر اور مالکانہ حقوق ملنے پر خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری، پاکستان پیپلز پارٹی اور سندھ حکومت کا شکریہ ادا کیا گیا۔

مراکشی مردوں کا خواتین سے رویہ

تحریر: محمود اصغر چودھری (مانچسٹر)

مراکش کے شہر آگادیر کے ساحل سمندر کنارے بیٹھے میرے لئے دو ایسے حقائق آشکار ہوئے جو شاید کسی تحریر سے یا کسی تقریر سے کبھی نہ کھلتے۔ پہلا تو یہ ہے کہ ہم نے اسلام کا شاید کوئی الگ ہی ورژن بنایا ہوا ہے جس میں ہلکی سے ہلکی تفریح بھی ہم نے خود ہی اپنے اوپر حرام کی ہوئی ہے۔ آگادیر جو کہ ایک اسلامی ملک کا ساحلی شہر ہے ہر سال ڈیڑھ ملین سیاحوں کو خوش آمدید کہتا ہے مگر یہاں مذہبی ہیضہ ڈھونڈنے سے بھی دکھائی نہیں دیتا

اس دن بھی مراکشی خواتین اپنے اہل خانہ اور بچوں کے ساتھ ساحل سمندر پر جوق در جوق ساحل پر موجود تھیں۔ کچھ جدید لباس میں تھیں تو کچھ نے سر پر حجاب اور جسم پر برکینی پہن رکھی تھی۔ برکینی دراصل مسلم خواتین کے لیے تیار کردہ ایسا لباس ہے جو تیراکی کے دوران ان کے جسم کو ڈھانپے رکھتا ہے۔ یہ خاص کپڑے سے بنایا جاتا ہے تاکہ جسم کے خدو خال نمایاں نہ ہوں اور سر کے بال بھی مکمل ڈھکے رہیں۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ ساحل پر موجود مرد حضرات میں سے کوئی بھی کسی عورت کو گھورتا، تاڑتا یا ہراساں کرتا دکھائی نہیں دیا۔ پولیس وہاں ضرور موجود تھی مگر ان کا انداز محافظ سے زیادہ رہنمائی کرنے والا تھا۔

جن خواتین کے پاس برکینی کا لباس نہیں تھا وہ اپنے پورے کپڑوں میں بھی سمندر میں ڈبکی لگانے میں کوئی عار محسوس نہیں کر رہی تھیں اور سب سے اچھی بات ہی کہ کوئی کسی کو جج نہیں کر رہا تھا۔ کوئی فتوی کوئی اوئی اللہ کوئی استغفر اللہ کوئی لاحول ولا کی آواز نہیں آ رہی تھی۔ حالانکہ عربی ان کی زبان ہے اور انہیں یہ زیادہ استحقاق ہے کہ وہ اس طرح کے ڈرامے کرتے لیکن سب اپنی دنیا میں مگن تھے۔

مجھے اس دن اندازہ ہوا کہ مذہب کا جو ورژن ہم نے ڈاو؟ن لوڈ کیا ہے اس میں ہندو ثقافت کا وائرس موجود ہے۔ کیونکہ ہمارے ہاں تو عورت کسی پارک میں سیر کو نہیں جا سکتی، جاگنگ نہیں کر سکتی، سائیکل نہیں چلا سکتی، کوئی سپورٹس نہیں کر سکتی،، حتیٰ کہ اونچی آواز میں بول نہیں سکتی، قہقہہ نہیں لگا سکتی، دریا یا سمندر میں نہانا تو دور کسی ندی نالے یا چشمے میں اپنے پاو؟ں تک گیلے نہیں کر سکتی، سچ کہیں تو اپنی مرضی سے سانس تک نہیں لے سکتی۔

وہاں مجھے میرا مراکشی دوست عبدالجلیل یاد آ گیا وہ میری باتیں سن کر اکثر چڑ جاتا تھا کہتا تھا یار قرآن ہماری زبان میں ہے۔ ہمیں اس کی تشریح تم لوگوں سے زیادہ جانتے ہیں لیکن جس قسم کی روایات تم سناتے ہو ان کا مذہب سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

ساحل سے چند قدم کے فاصلے پر واش روم کے قریب میدان میں زمین پر صفیں بچھی ہوئی تھیں ان کے پیچھے باپردہ خواتین کی صفیں بھی ڈالی گئی تھی نماز ظہر کا وقت ہوا تو لوگ وہاں آ کر اپنی نماز بھی ادا کر رہے تھے۔ عورتیں بھی وضو کر کے نماز پڑھ رہی تھیں۔ نماز پڑھنے کے بعد وہ اپنے بچوں سمیت دوبارہ ساحل سمندر میں ڈبکی لگانے جا رہی تھیں۔ دوسرا تصور یورپی معاشرے کا بھی اسی ساحل سمندر پر غلط ثابت ہوا۔

یورپ آئیں تو کیتھولک مسیحی بڑے فخر سے ایک واقعہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں یعنی اپنے مخلص دوستوں کے پاؤں اپنے ہاتھوں سے دھوئے تھے۔ محبت، خدمت اور عاجزی کی اِس سنت کو زندہ رکھنے کے لیے کبھی کبھار ویٹیکن سے پوپ کی ایسی تصاویر بھی سامنے آتی ہیں جن میں وہ افریقی مہاجرین کے پاو؟ں دھو رہے ہوتے ہیں۔ یہ منظر دیکھنے والوں کے دل پر اثر ڈال رہا ہوتا ہے۔ مگر جو منظر میری آنکھوں نے مراکش کے شہر آگادیر کے ساحل پر دیکھا، وہ میرے ذہن کی ڈسک پر ایسے محفوظ ہو چکا ہے جیسے کوئی نام کسی دیوار پر کندہ کر دیا گیا ہو۔

وہ سہ پہر، سمندر کنارے ٹائلوں کے فرش پر لوگ چہل قدمی کر رہے تھے۔ بچے پتنگیں اُڑا رہے تھے، ڈونٹ، آئس کریم اور مراکشی قہوہ بیچنے والے صدائیں لگا رہے تھے کہ اچانک میری نگاہ ایک مراکشی خاندان پر جا ٹکی۔ ایک مرد، اس کی بیوی اور دو بیٹیاں ابھی ابھی سمندر سے نہا کر ریت سے گزرتے ہوئے اس فرش پر پہنچے تھے۔ تینوں خواتین نے برکینی پہن رکھی تھی، یعنی وہ سر سے لے کر پاو؟ں کے ٹخنوں تک ڈھکی ہوئی، بڑی باوقار، باحیا لگ رہی تھیں۔ مگر جب وہ پانی سے نکل کر ریت پر آئیں تو گیلی ریت نے ان کے پاو؟ں کو آلودہ کر دیا تھا۔

جو کوئی بھی سمندر میں نہا چکا ہو، وہ جانتا ہے کہ گیلی ریت سے نہانے کے بعد سب سے زیادہ الجھن والا لمحہ اپنے پاو؟ں کو صاف کرنا ہوتا ہے۔ جتنا بھی صاف کرو، وہ دوبارہ میلے ہو جاتے ہیں۔ پھر میں نے وہ منظر دیکھا جس نے میرے دل کی دیواریں ہلا دیں، اور یورپی معاشرے میں پھیلے دوسرے تصور کو دھو کر رکھ دیا۔

اس خاندان کا مرد خاموشی سے واپس سمندر کی طرف گیا۔ پانی سے ایک شاپر بھرا، اور واپس آ کر وہ شاپر باری باری اپنی ان خواتین کے سامنے رکھتا۔ وہ ایک ایک کر کے اپنے پاؤں اس پانی میں ڈالتی، انہیں دھو لیتی، تو وہ اپنے کندھے پر لٹکا تولیہ ان کے آگے کرتا۔ وہ اس سے اپنے پاؤں خشک کر لیتیں اور اپنے جوتے پہن لیتیں۔

'نام نہاد غیرت کسی صوبے یا طبقے کا نہیں بلکہ قومی مسئلہ ہے'

تحریر: وسعت اللہ خان

اب سے 30، 40 برس پہلے تک اُردو اخبارات کے بیک پیج یا اندرونی صفحات میں ہر پندرہ دن مہینے میں کسی نہ کسی گھر میں سٹوو (چولہا) پھٹنے کا واقعہ ہو جاتا تھا۔ اس حادثے میں عموماً وہ عورت مرتی تھی جو سسرال کی خواہشات سے کم جہیز لائی ہو۔

یا پھر چولہے کے قریب کھڑی کسی ایسی عورت کے کپڑوں میں اچانک آگ لگ جاتی تھی جس کے بچے نہ ہوں ہو یا اپنے شوہر کو دوسری شادی سے باز رکھنے کے لیے ساس، نندوں، سسر وغیرہ کے لیے چلتا پھرتا مسئلہ بن جائے۔

چولہا پھٹنے سے کبھی کسی مرد کے جھلسنے کی خبر پڑھنے کو نہ ملی۔ پولیس بھی ایسے 'حادثات' کو ناگہانی سمجھ کے داخلِ دفتر کر دیتی تھی۔

میں نے پہلی بار کاروکاری (سیاہ کاری) کی اصطلاح 1990 کے عشرے میں سُنی جب انگریزی جریدے 'نیوز لائن' میں اِس موضوع پر نفیسہ شاہ کی مفصل تحقیقی رپورٹ شائع ہوئی۔ اِس تحقیق اور پھر بعد میں شائع ہونے والی صحافتی رپورٹوں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایسے قبرستان بھی ہیں جہاں جرگے، خاندان، بھائیوں، والدین یا شوہر کی جانب سے کاری قرار دی جانے والی شادی شدہ یا غیر شادی شدہ عورتوں یا بلا اجازت شادی کرنے والیوں کو خاموشی سے مار کے بے نشان گاڑ دیا جاتا ہے۔

جبکہ کارا (سیاہ کار) عموماً گرفت میں نہیں آتا۔ آ بھی جائے تو خاندانی بزرگ یا جرگہ اس پھر بھاری جرمانہ عائد کر کے صلح صفائی کروا دیتا ہے۔ یا پھر وہ شخص علاقہ ہی چھوڑ جاتا ہے۔ کاریاں اس لیے زیادہ ماری جاتی ہیں کہ ان کے ساتھ محض عزت اور نام نہاد غیرت کا مقامی وخاندانی تصور وابستہ ہوتا ہے جبکہ کارے کے ساتھ نسب اور خاندان کی معیشت جڑی ہے۔ تاثر یہ دیا جاتا ہے جیسے قتل کی واردات عالمِ طیش میں یا فوری جذبات میں بہہ جانے کا نتیجہ ہے مگر رفتہ رفتہ ایسی وارداتوں کے تجزیے سے کھلا کہ اس نوعیت کے پچانوے فیصد سے زائد قتل فوری ردِ عمل میں یا محض مارے نام نہاد غیرت نہیں بلکہ منصوبہ بند حکمتِ عملی کا نتیجہ ہیں۔ اس منصوبے میں کئی لوگ شامل ہوتے ہیں اور اس پر عمل درآمد کے لیے کئی کئی برس بھی انتظار کیا جاتا ہے۔ پھر پتہ چلا کہ یہ نام نہاد تصورِ غیرت کسی خاص صوبے، خطے، طبقے یا شہری دیہی کی میراث نہیں بلکہ قومی مسئلہ ہے۔ اسے مذہبی تعلیمات و روایات کے بجائے صدیوں سے چلے آ رہے رواج کی روشنی میں دیکھا اور برتا جاتا ہے اور جہاں مذہبی قوانین اور روایت آمنے سامنے ہوں وہاں زبانی عقیدت و احترام اپنی جگہ مگر فتح عموماً رواج کی ہی ہوتی ہے۔ مثلاً جب جائیداد کا بٹوارا کرنا ہو تو مذہبی اصول کے بجائے رواج کے مطابق صرف مرد کو حصہ ملتا ہے۔ رشتے ناتے کا معاملہ ہو تو لڑکے یا لڑکی سے مرضی پوچھنے کے بجائے رواج کو فوقیت ملتی ہے اور جہاں بڑے بزرگ چاہیں وہیں رشتے کی حامی بھرنا پڑتی ہے۔ بصورتِ دیگر جراتِ انکار کی قیمت بہت بھاری پڑتی ہے۔ یہی معاملہ طلاقی امور کے ساتھ بھی ہے۔ مرد طلاق دے سکتا ہے، عورت طلاق تب مانگے جب اسے خاندانی عزت، اپنی زندگی اور بچے عزیز نہ ہوں۔

باچا خان کی اس ملک میں اتنی عزت ہے کہ ان سے ایک انٹرنیشنل ایئرپورٹ معنون ہے مگر اسی ملک میں ان کے اس قول کی کتنی عزت ہے؟ 'کسی بھی سماج کے مہذب ہونے کا معیار یہ ہے کہ وہاں عورت سے کیا سلوک ہوتا ہے۔' اشرافیہ کا سارا زور موجود قوانین پر مکمل عمل درآمد کے بجائے ان قوانین کو مزید سخت کرنے کے رواج پر ہے۔ اگرچہ آئین کے تحت اسلامی جمہوریہ میں شریعت سے متصادم کوئی قانون نہیں بن سکتا مگر عملی صورت یہ ہے کہ رواج سے متصادم شرعی قوانین پر کوئی عمل نہیں کرتا۔ پاکستان غالباً دنیا کا واحد ملک ہے جہاں شرعی و سیکولر عدالتیں اور جرگے شانہ بشانہ قابلِ قبول ہیں۔ جس کو جہاں سے اپنی مرضی کا انصاف مل سکے۔ کسی تنازعے یا مقدمے میں ایک فریق بااثر یا صاحب حیثیت یا صاحب رسوخ بھی ہو تو سونے پہ سہاگہ، پھر کیسا جرگہ، کون سی عدالت اور کیا روایت؟

یہ کوئی بگڑا ہوا یا کنفیوزڈ، آدھا تیتر آدھا بٹیر نظام نہیں بلکہ ایک باقاعدہ ذہین اور شعوری حسنِ انتظام ہے تاکہ محروم اکثریت (بشمول زن ومرد وطفل) کو باآسانی اپنی پسند کی قانونی ورواجی سہولت کے ڈنڈے سے ہانک کر ذہنی وجسمانی غلامی پر آمادہ رکھا جا سکے۔

قتل، عورت

'چولہا پھٹنے سے کبھی کسی مرد کے جھلسنے کی خبر پڑھنے کو نہ ملی' اس حسنِ انتظام کی پائیداری کا راز یہ ہے کہ اسے مجرم اور جرم زدہ خاندان کی سگی عورتوں اور مردوں، قبیلے، برادری، محلے داروں، ایسوسی ایشنز، سیاسی و مذہبی گروہوں، انتظامی اداروں، عدالتی و پارلیمانی ڈھانچے، قانون پر بے اعتباری و خوف پر اعتبار کی اعلانیہ وخاموش سرپرستی وتائید حاصل ہے۔ اس حسنِ انتظام سے بغاوت دراصل ریاستی ذہن، بزرگوں کی اقدار اور روایات سے بغاوت ہے۔ بغاوت کی سزا کا تناسب سو فیصد مگر گھر، پڑوس، مدرسے اور جنگل میں ریپ، قتل، نام نہاد غیرت کے نام پر ہلاکت اور اغوا جیسے جرائم کے ثابت ہونے اور پھر اس کی سزا ملنے کا تناسب صفر اعشاریہ پانچ فیصد سے زائد نہیں۔

انٹر نیشنل



روسی ریاستی ایجنسی سپوتنک کی طرف سے جاری کی گئی اس تصویر میں روس کے صدر ولادی میر پوتن 6اگست 2025 کو ماسکو میں اپنی بات چیت سے قبل امریکی خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں

امریکا کا روس کے تجارتی شراکت داروں پر مزید ثانوی پابندیاں لگانے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس کے ساتھ تجارت کرنے والے ممالک پر مزید ثانوی پابندیاں لگانے کا اعلان کر دیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ مستقبل میں ایسے کئی سخت فیصلے سامنے آئیں گے، جن کا براہِ راست اثر روس کے تجارتی شراکت داروں پر پڑے گا۔ انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ بہت کچھ دیکھیں گے، بہت زیادہ ثانوی پابندیاں آئیں گی۔ان کا کہنا تھا کہ امریکا ان ممالک کے خلاف سخت مؤقف اختیار کرے گا جو روس کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم رکھے ہوئے ہیں۔

غزہ: اسرائیلی قابض فوج جنوبی غزہ میں خان یونس کے مشرق میں الیومینیشن بم گرا رہی ہے

شام کا نئے ایئرپورٹ اور میٹرو سسٹم سمیت 12 نئے منصوبوں کا اعلان

ان دو سب سے بڑے منصوبوں پر بالترتیب چار ارب ڈالر اور دو ارب ڈالر لاگت آئے گی، حکام

دمشق (این این آئی) شام میں سرمایہ کاری کے لیے بروئے کار ادارے شامی سرمایہ کاری اتھارٹی نے 12 بڑے ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق ان نئے منصوبوں پر مجموعی طور 14 ارب ڈالر کی خطیر رقم خرچ ہو گی۔سرمایہ کاری اتھارٹی کی طرف سے اعلان کردہ منصوبوں میں ایک نئے اور جدید ترایئرپورٹ کی تعمیر کے علاوہ دارالحکومت دمشق میں میٹرو سسٹم کی تعمیر بھی کی جائے گی۔ ان دو سب سے بڑے منصوبوں پر بالترتیب چار ارب ڈالر اور دو ارب ڈالر لاگت آئے گی۔حیئۃ التحریر الشام نے پچھلے سال آٹھ دسمبر کو بشار الاسد رجیم کا تختہ الٹ کر اقتدار پر قبضہ کیا تھا۔جس کے بعد شام کو خانہ جنگی کے اثرات سے نکالنے کی کوشش جاری ہیں۔حیئۃ التحریر الشام کی حکومت آنے کے بعد شام پر ایک عرصے سے جاری اقتصادی پابندیاں بھی اٹھائی جا رہی ہیں۔عرب دنیا کے علاوہ یورپ اور امریکہ نے بھی نئی شامی حکومت کے ساتھ تعلقات کی بحالی کے علاوہ اسے ہر طرح کے تعاون کی یقین دہانیاں کرائی ہیں۔ جس کے بعد شام کو خانہ جنگی کے اثرات سے نکالنے کی کوشش جاری ہیں۔حیئۃ التحریر الشام کی حکومت آنے کے بعد شام پر ایک عرصے سے جاری اقتصادی پابندیاں بھی اٹھائی جا رہی ہیں۔عرب دنیا کے علاوہ یورپ اور امریکہ نے بھی نئی شامی حکومت کے ساتھ تعلقات کی بحالی کے علاوہ اسے ہر طرح کے تعاون کی یقین دہانیاں کرائی ہیں۔ان دو سب سے بڑے منصوبوں پر بالترتیب چار ارب ڈالر اور دو ارب ڈالر لاگت آئے گی، حکام ان دو سب سے بڑے منصوبوں پر بالترتیب چار ارب ڈالر اور دو ارب ڈالر لاگت آئے گی، حکام

جاپان کی آبادی میں 2024 کے دوران ریکارڈ کمی

غیر ملکی باشندوں کی تعداد 2025 کے آغاز تک ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی، رپورٹ

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں سال 2024 کے دوران آبادی میں ریکارڈ 9 لاکھ سے زائد افراد کی کمی واقع ہوئی جو ملک کو درپیش مسلسل کم شرح پیدائش کے بحران کی شدت کو ظاہر کرتی ہے۔ عرب ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق اگرچہ دیگر ترقی یافتہ ممالک بھی کم شرح پیدائش کا سامنا کر رہے ہیں لیکن جاپان میں یہ مسئلہ خاص طور پر سنگین ہے جہاں آبادی گزشتہ 16 برسوں سے مسلسل کم ہو رہی ہے۔ جاپانی وزیر اعظم شگیرو اشیبا نے اس صورت حال کو ایک خاموش ایمرجنسی قرار دیا ہے اور لچکدار دفتری اوقات کار اور مفت ڈے کیئر جیسی خاندان دوست پالیسیوں کے ذریعے اس رجحان کو روکنے کے اقدامات کا وعدہ کیا ہے۔ 2024 میں جاپانی شہریوں کی تعداد میں 908,574 افراد (0.75 فیصد) کی کمی ہوئی، یہ مسلسل 16 واں سال ہے جب ملک کی آبادی میں کمی ریکارڈ کی گئی اور 1968 میں اعداد و شمار کے آغاز سے اب تک کی سب سے بڑی سالانہ کمی ہے۔ تاہم غیر ملکی باشندوں کی تعداد 2025 کے آغاز تک ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی، جو 36.7 لاکھ تھی جو جاپان کی کل آبادی کا تقریبا 3 فیصد ہے جبکہ مجموعی ملکی آبادی 124.3 ملین سے کچھ زائد رہی، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 0.44 فیصد کم ہے۔اعداد و شمار کے مطابق 65 سال یا زائد عمر کے جاپانی شہریوں کی تعداد ملک کی کل آبادی کا تقریبا 30 فیصد ہے جبکہ 15 سے 64 سال کے افراد کی شرح 60 فیصد ہے، دونوں میں معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وزارت صحت کے مطابق 2024 میں جاپان میں صرف 686,061 بچے پیدا ہوئے، جو 2023 کے مقابلے میں 41,227 کم اور 1899 سے اب تک کا سب سے کم ریکارڈ ہے۔

چین کی برآمدات میں 7.2 فیصد اضافہ ریکارڈ

درآمدات میں بھی 4.1 فیصد سالانہ اضافہ ہوا جو کہ ملکی مانگ کے لیے ایک اہم اشاریہ ہے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چین کی برآمدات میں رواں سال جولائی کے دوران 7.2 فیصد سالانہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا جو ماہرین کی توقعات سے کہیں زیادہ ہے، یہ پیش رفت اس وقت ہوئی ہے جب چین کی معیشت مشکلات کا شکار ہے اور وہ امریکہ کے ساتھ ایک غیر یقینی تجارتی جنگ بندی کے دوران برآمدات پر انحصار کر رہا ہے۔ عرب ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق سرکاری اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیرون ملک بھیجی جانے والی اشیا نے چینی معیشت کو سہارا دیا ہے، اگرچہ چین اور امریکہ کے درمیان مکمل تجارتی معاہدے پر تاحال غیر یقینی صورتحال برقرار ہے اور چین کی امریکہ کو برآمدات جو اس کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے، میں 6.1 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اسی دوران، درآمدات میں بھی 4.1 فیصد سالانہ اضافہ ہوا جو کہ ملکی مانگ کے لیے ایک اہم اشاریہ ہے۔ پن پوائنٹ ایسٹ مینجمنٹ کے صدر اور چیف ماہرِ اقتصادیات ژی وی ژانگ نے کہا کہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ برآمدات نے اس سال اب تک معیشت کو مضبوط سہارا دیا ہے تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ آنے والے مہینوں میں برآمدات کی رفتار سست ہو سکتی ہے

ایپل کا امریکا میں مزید 100 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان

ایپل اپنے مقامی سپلائی چین پر اخراجات میں بڑے پیمانے پر اضافہ کرے گا، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ٹیکنالوجی کمپنی ایپل نے امریکا میں مزید 100 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق یہ اعلان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں ایپل کے سی ای او ٹم کک کے ہمراہ کیا اور اسے امریکا میں ایپل کی جانب سے سب سے بڑی سرمایہ کاری قرار دیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ ایپل امریکہ میں مزید 100 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا جس سے اگلے چار سال میں اس کی مجموعی سرمایہ کاری 600 ارب ڈالر تک پہنچ جائے گی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایپل اپنے مقامی سپلائی چین پر اخراجات میں بڑے پیمانے پر اضافہ کرے گا۔ اس موقع پر انہوں نے ریاست کینٹکی میں آئی فون اسکرینز میں استعمال ہونے والے گلاس کی تیاری کے لیے نئے پیداواری مرکز کا بھی ذکر کیا۔ فروری میں ایپل نے اعلان کیا تھا کہ وہ امریکا میں 500 ارب ڈالر سے زائد خرچ کرے گا اور 20 ہزار افراد کو ملازمت دے گا۔ یہ سرمایہ کاری ان منصوبوں میں توسیع ہے جو ایپل نے 2021 میں اعلان کیے تھے، جب اس نے کہا تھا کہ وہ امریکا میں 430 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا اور پانچ سال میں 20,000 نئی ملازمتیں پیدا کرے گا۔ ٹم کک نے اوول آفس میں کہا کہ صرف اس سال امریکی کارخانے 19 ارب چپس تیار کرنے جا رہے ہیں جو ایپل کے لیے 12 مختلف ریاستوں میں قائم 24 فیکٹریوں میں بنائی جائیں گی۔ ٹرمپ نے دعوی کیا کہ یہ سرمایہ کاری ان کی انتظامیہ کی پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس حتمی مقصد کی جانب ایک اہم قدم ہے کہ جو آئی فون امریکا میں فروخت ہوتا ہے، وہ یہیں بنایا بھی جائے۔

کراچی بندرگاہ پر جہاز لنگر انداز ہیں

ٹرمپ کا نائب صدر جے ڈی وینس کو مستقبل میں اپنا جانشین نامزد کرنے کا عندیہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے عندیہ دیا ہے کہ ان کے نائب جے ڈی وینس 2028 کے صدارتی انتخابات میں ان کے مشن امریکہ کو پھر عظیم بنائیں کے ممکنہ وارث ہو سکتے ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایک انٹرویو کے دوران جب ان سے پوچھا گیا کہ آیا وہ جے ڈی وینس کو اپنا جانشین سمجھتے ہیں تو امریکی صدر کا کہنا تھا کہ جی ہاں اور انصاف کی بات کریں تو وہ نائب صدر ہیں تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ میرا خیال ہے کہ وزیر خارجہ مارکو روبیو بھی ایک اچھے انسان ہیں اور ممکن ہے کہ وہ جے ڈی کے ساتھ مل کر کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس بہت سے بہترین لوگ موجود ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ساتھ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ وائٹ ہاؤس میں کوئلے کی کان کنی اور پیداوار کو فروغ دینے کے لیے ایک ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کرنے کے بعد

لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے ایلیٹ ٹریننگ سنٹر میں سمر سپورٹس تائیکوانڈو کیمپ کے آخری روز کوچ بچوں کو تربیت دے رہے ہیں

سلمان آغا خودغرض کپتان نہیں، پہلے ٹیم کا سوچتا ہے' مشتاق احمد

لاہور (این این آئی) سابق کرکٹر مشتاق احمد کا کہنا ہے کہ سلمان آغا خودغرض کپتان نہیں پہلے ٹیم کا سوچتا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے مشتاق احمد نے کہا کہ بہترین ٹیم بنانے کیلئے کپتان کا بے لوث ہونا ضروری ہے، ٹی 20 کے موجودہ کھلاڑیوں میں بھرپور صلاحیتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کپتان سلمان اور کوچ کی سوچ بہت اچھی ہے، کنڈیشن دیکھ کر فیصلے ہوں تو مزید بہتری آئے گی۔ واضح رہے کہ ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹی 20 سیریز میں کامیابی کے بعد کپتان سلمان علی آغا نے ٹرافی خود وصول کرنے کے بجائے سفیان مقیم کو بھیج دیا تھا۔ ٹی 20 کپتان کے اس اقدام کی بدولت انہیں کرکٹ شائقین کی جانب سے خوب سراہا گیا تھا۔

لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس میں سمر سپورٹس سوئمنگ کیمپ کے آخری روز بچوں کو تربیت دی جا رہی ہے

آئی سی سی کی ٹیسٹ کی تازہ ترین رینکنگ جاری، بولرز میں بھارت کے جسپریت بمراہ پہلے نمبر پر

بھارت کے فاسٹ بولر محمد سراج اور پراسِدھ کرشنا کی انگلینڈ کے خلاف اوول ٹیسٹ میں شاندار کارکردگی پر کیریئر کی بہترین پوزیشن

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹی 20 اور ٹیسٹ کی تازہ رینکنگ جاری کر دی ہے۔ آئی سی سی ٹیسٹ کرکٹ میں بولنگ کے شعبے میں بھارت کے فاسٹ بولر محمد سراج اور پراسِدھ کرشنا نے انگلینڈ کے خلاف اوول ٹیسٹ میں شاندار کارکردگی کے بعد اپنی کیریئر کی بہترین پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ پانچویں اور فیصلہ کن ٹیسٹ کے مین آف دی میچ محمد سراج نے 12 درجے ترقی پا کر 15 ویں پوزیشن حاصل کی ہے جبکہ پراسِدھ کرشنا 25 درجے ترقی پا کر 59 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں، یہ دونوں بولرز کی ٹیسٹ رینکنگ میں اب تک کی بلند ترین پوزیشن ہے۔ انگلینڈ کے فاسٹ بولر گس اٹکنسن پہلی بار ٹیسٹ بولرز کی ٹاپ 10 فہرست میں شامل ہوئے ہیں جبکہ جوش ٹنگ 14 درجے بہتری کے بعد 46 ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ بولرز میں بھارت کے جسپریت بمراہ پہلے، جنوبی افریقا کے کاگیسو ربادا دوسرے جبکہ آسٹریلیا کے پیٹ کمنز تیسرے نمبر پر موجود ہیں۔ اسی طرح ٹیسٹ بیٹرز میں اوول ٹیسٹ میں سنچری بنانے والے بھارتی بیٹر یشسوی جیسوال نے بیٹنگ رینکنگ میں تین درجے ترقی پائی ہے اور وہ پہلی بار ٹاپ 5 بیٹرز میں شامل ہو گئے ہیں، ان کے ریٹنگ پوائنٹس 792 ہو گئے ہیں۔ تازہ ترین آئی سی سی ٹیسٹ بیٹنگ رینکنگ میں انگلینڈ کے جو روٹ اور ہیری بروک بالترتیب پہلے اور دوسرے نمبر پر موجود ہیں جبکہ نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن تیسرے نمبر پر ہیں۔

نیشنل بینک اوپن ٹینس، ناؤمی اوساکا اور کلارا تاسن ویمنز سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

امریکا کی ٹینس سٹار اور ایونٹ کی سکستھ سیڈڈ میڈیسن کیز اور یوکرین کی ٹینس سٹار ایلینا سویٹولینا کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ہار کر باہر

مونٹریال (این این آئی) جاپان کی نامور ٹینس سٹار اور چار گرینڈ سلام ٹائٹلز کی چیمپئن ناؤمی اوساکا اور ڈنمارک کی ٹینس کھلاڑی کلارا تاسن اپنی پیش قدمی کو جاری رکھتے ہوئے ڈبلیو ٹی اے نیشنل بینک اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئیں جبکہ امریکا کی ٹینس سٹار اور ایونٹ کی سکستھ سیڈڈ میڈیسن کیز اور یوکرین کی ٹینس سٹار ایلینا سویٹولینا کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ کے ویمنز سنگلز مقابلوں سے باہر ہو گئیں۔ 27 سالہ جاپان کی نامور ٹینس سٹار اور چار گرینڈ سلام ٹائٹلز کی چیمپئن ناؤمی اوساکا نے ویمنز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں یوکرین کی ٹینس سٹار ایلینا سویٹولینا کو 0-2 سیٹس سے شکست دی۔ ڈنمارک کی ٹینس کھلاڑی کلارا تاسن نے ویمنز سنگلز کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں امریکا کی ٹینس سٹار میڈیسن کیز کو 0-2 سیٹس سے مات دی۔ نیشنل بینک اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ کینیڈا میں جاری ہے۔ آئی جی اے سٹیڈیم مونٹریال میں کھیلے گئے ویمنز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں جاپان کی نامور ٹینس سٹار اور چار گرینڈ سلام ٹائٹلز کی چیمپئن 27 سالہ ناؤمی اوساکا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے یوکرین کی ٹینس سٹار ایلینا سویٹولینا کو سٹریٹ سیٹس میں 6-2 اور 6-2 سے ہرا کر سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا، جہاں ان کا مقابلہ ڈنمارک کی ٹینس کھلاڑی کلارا تاسن سے ہوگا۔ ڈنمارک کی 22 سالہ ٹینس سٹار کلارا تاسن نے ٹاپ ایٹ میچ میں 30 سالہ امریکی حریف میڈیسن کیز کو 0-2 سیٹس سے مات دی۔ ڈنمارک کی ٹینس کھلاڑی کلارا تاسن کی فتح کا سکور 6-1 اور 6-4 رہا۔ یوکرین کی ٹینس سٹار ایلینا سویٹولینا کو سٹریٹ سیٹس میں 6-2 اور 6-2 سے ہرا کر سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا، جہاں ان کا مقابلہ ڈنمارک کی ٹینس کھلاڑی

فرانسیسی سائیکلسٹ پال لاپیرا نے ٹور ڈی پولونے سائیکل ریس کا دوسرا مرحلہ جیت لیا

فرانس کے سائیکلسٹ پال لاپیرا کی جمہوریہ چیک کے 23 سالہ سائیکلسٹ میتھیاس ویک کو شکست دیکر پہلی پوزیشن حاصل

وارسا (این این آئی) فرانس کے 25 سالہ سائیکلسٹ پال لاپیرا نے ٹور ڈی پولونے سائیکل ریس 2025 کا دوسرا مرحلہ جیت لیا، اس طرح انہوں نے ٹور ڈی پولونے سائیکل ریس میں پہلی فتح اپنے نام کر لی۔ پولینڈ سے ٹور ڈی پولونے سائیکل ریس کا 82 واں ایڈیشن شروع ہو چکا ہے، جس میں دنیا بھر کی سائیکلنگ کی 22 ٹیموں کے نامور سائیکل سوار ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہیں۔ ریس کے دوسرے مرحلے میں سائیکل سواروں نے پولینڈ میں ہوٹل گلوبیوسکی کارپکز سے کارپکز تک 149.4 کلو میٹر کا فاصلہ طے کرنا تھا جو پہاڑی راستے پر محیط تھا۔ فرانس کے سائیکلسٹ پال لاپیرا نے عمدہ سائیکلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے جمہوریہ چیک کے 23 سالہ سائیکلسٹ میتھیاس ویک کو شکست دیتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کی، میتھیاس ویک ریس میں دوسرے نمبر پر رہے جبکہ 30 سالہ مناکو کے سائیکل سوار وکٹر لینگلوٹی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ریس کے ابتدائی مرحلے میں کامیابی کے ساتھ نیدرلینڈز کے سائیکلسٹ اولاو کوئیج نے یلو جرسی حاصل کی تھی جو فرانس کے سائیکل سوار نے دوسرا مرحلہ جیتنے کے ساتھ اولاو کوئیج سے یلو جرسی چھین لی ہے۔

سیکنڈ سیڈڈ ٹیلر فریٹز اور بین شلٹن کینیڈین اوپن ٹینس مینز سنگلز سیمی فائنل میں داخل

مینز سنگلز کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں روسی حریف کھلاڑی آندرے روبلوف کے خلاف 0-2 سیٹس سے کامیابی حاصل کی

ٹورنٹو (این این آئی) امریکا کے نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے سیکنڈ سیڈڈ ٹیلر فریٹز اور امریکا کے ہی ٹینس سٹار، ایونٹ کے فورتھ سیڈڈ بین شلٹن اپنی فتوحات کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اے ٹی پی کینیڈین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ 27 سالہ امریکی ٹینس سٹار ٹیلر فریٹز نے مینز سنگلز کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں روسی حریف کھلاڑی آندرے روبلوف کے خلاف 0-2 سیٹس سے کامیابی حاصل کی جبکہ 22 سالہ امریکا کے ہی ٹینس سٹار، ایونٹ کے فورتھ سیڈڈ بین شلٹن نے مینز سنگلز کوارٹر فائنل میچ میں آسٹریلوی حریف کھلاڑی ایلکس ڈی مینور کو شکست دی۔ اے ٹی پی کینیڈین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ کینیڈا میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ آئی جی اے سٹیڈیم مونٹریال میں جاری ایونٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں امریکا کے نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے سیکنڈ سیڈڈ ٹیلر فریٹز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے روسی حریف کھلاڑی آندرے روبلوف کو ٹائی بریک پر سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 6-7(4-7) سے شکست دے کر ایونٹ کے سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کر لیا، جہاں ایونٹ کے سیکنڈ سیڈڈ ٹیلر فریٹز کا مقابلہ ہم وطن 22 سالہ بین شلٹن سے ہوگا۔ 22 سالہ امریکا کے ٹینس سٹار، ایونٹ کے فورتھ سیڈڈ بین شلٹن نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے۔

لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے پنجاب اسٹیڈیم میں سمر سپورٹس فٹ بال کیمپ کے آخری روز کوچ بچوں کو تربیت دے رہے ہیں

چین کا ایف آئی بی اے ایشیا کپ باسکٹ بال ٹورنامنٹ کا فاتحانہ آغاز

جدہ (این این آئی) چین نے ایف آئی بی اے ایشیا کپ باسکٹ بال ٹورنامنٹ کے اپنے گروپ سی کے ابتدائی میچ میں میزبان سعودی عرب کو شکست دے کر فاتحانہ آغاز کر دیا۔ چین کی ٹیم نیا ایف آئی بی اے ایشیا کپ باسکٹ بال ٹورنامنٹ کے ابتدائی میچ میں سعودی عرب کی ٹیم کو 1-3 سیٹس سے شکست دی۔ بدھ کو کنگ عبداللہ سپورٹس سٹی، جدہ میں کھیلے گئے ایف آئی بی اے ایشیا کپ باسکٹ بال ٹورنامنٹ کے اپنے گروپ سی کے میچ میں چین اور میزبان سعودی عرب کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں چین کی ٹیم نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے حریف سعودی عرب کی ٹیم کو ایک کے مقابلے میں 3 سیٹس سے نہ صرف شکست دے دی۔

البرٹا، کینیڈا میں راجرز پلیس میں سٹینلے کپ فائنل کے پانچویں گیم کا ایک منظر

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پیرا فورس کا پہلا اجلاس

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت منعقدہ ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل خرم شہزاد بھٹی، اسسٹنٹ کمشنر جھنگ، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر آفاق موس سمیت پیرا فورس میں ڈیپوٹیشن پر آنے والے پولیس افسران و کانسٹیبلان بھی شریک تھے

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پیرا فورس کا پہلا اجلاس ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل خرم شہزاد بھٹی، اسسٹنٹ کمشنر جھنگ، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر آفاق موس سمیت پیرا فورس میں ڈیپوٹیشن پر آنے والے پولیس افسران و کانسٹیبلان بھی شریک تھے۔ اس موقع پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر آفاق موس نے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ پیرا فورس تجاوزات، پرائس کنٹرول اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف متحرک ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے فلاحی ویژن کے تحت پاکستان کی پہلی پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) لانچ کر دی گئی ہے جس کا مقصد عوامی فلاح اور موثر گورننس کو فروغ دینا ہے۔ پیرا فورس ضلع بھر میں مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف منظم کارروائیاں کرے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ پیرا فورس پرائس کنٹرول اور ذخیرہ اندوزی سمیت تجاوزات کے سدباب کے لیے پوری طرح سرگرم عمل رہے گی۔

بیرسٹر داؤد غزنوی و میاں فرید مسعود کا امیدوار صدر سعید بھلی کی حمایت کا اعلان

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس آفس میں حسن سرفراز بھلی کے ہمراہ بیٹھک میں اعلان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مایہ ناز وکلاء بیرسٹر داؤد غزنوی اور میاں فریدالدین مسعود ہمارے امیدوار صدر سیالکوٹ بار بھرپور قائدانہ صلاحیتوں سے مالا مال ایک دلیر و نڈر وکیل رہنما

برہانی نے امیدوار برائے صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری سعید احمد بھلی کی مکمل غیر ... ہیں اور سیالکوٹ بار و معزز وکلاء کے حقوق کے تحفظ و فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہیں۔ دوسری جانب ایس ...

پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے عوام الناس کے لیے ضروری ہدایات جاری کر دی گئیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے عوام الناس کے لیے ضروری ہدایات جاری کر دی گئیں، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق دکان سے باہر ڈسپلے مکمل طور پر ممنوع ہے گھروں اور گلی محلوں میں سپیڈ بریکر، تھڑے، ریمپ وغیرہ نہ بنائیں اور اگر بنائے گئے ہیں تو انہیں ختم کر دیا جائے، دکاندار کسی قسم کا سامان اپنی دکان کے شٹر سے باہر ہرگز نہ رکھیں، پیرا فورس کی جانب سے تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا آغاز کر دیا گیا ہے، خلاف ورزی اور ہدایات پر عمل درآمد نہ کرنے کی صورت میں دکان سیل کر دی جائے گی اور دکاندار کو بھاری جرمانے ...

دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے: مولانا قاری محمد رفیق

تقریب کے آخر میں ملکی سالمیت نومسلمین کے ثابت قدم رہنے کے لئے خصوصی دعا کی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے اپنے ایمان کی حفاظت کریں انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کی طرف سے سینکڑوں غریب گھرانوں ماہانہ راشن تقسیم خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کی طرف سے ماہانہ راشن تقسیم کی تقریب کا انعقاد غربا نومسلمین مستحقین میں اشیا خوردونوش بیواؤں نقد وظائف تقسیم کئے گئے پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان پیر طریقت جرنیل ختم نبوت مولانا قاری محمد رفیق نفیسی مولانا شفیق الرحمن نفیسی حاجی محمد اویس رسول علوی نے کہا کہ محسن انسانیت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت پر غیر متزلزل ایمان لانے سے ایمان مکمل ہوتا ہے ہم خوش قسمت ہیں کہ اللہ نے ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وابستگی نصیب فرمائی انسانیت کی خدمت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ختم نبوت کی چوکیداری ہے دینا و آخرت کی کامیابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی میں ہے انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کا مشن ختم نبوت کی چوکیداری کرتے ہوئے نومسلمین مستحقین کی کفالت کرنا ہے آخری سانس تک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کرتے ہوئے نومسلمین کی کفالت خدمت کرتے رہینگے دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے اتباع رسول اتباع سنت سے ممکن ہے آخر میں ملکی سالمیت نومسلمین کے ثابت قدم رہنے کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

پولیس جوانوں کی بہتر کارکردگی اور سنیارٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے پرموشن کا سلسلہ جاری

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ پڑھیار سے) ائی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس جوانوں کی ... پرترقی پانے والے محمد شکیل انجم اور سعید احمد چشتی کو پٹرولنگ چوکی پر مبارکباد دیتے ہوئے پھولوں کے ...

اسسٹنٹ کمشنر فیصل ولید کی دکانوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر فیصل ولید کی دکانوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ، 30 ہزار روپے جرمانہ عائد، انہوں نے شہر کے مختلف مقامات پر دکانوں کی چیکنگ کی اور اشیاء کی اوور چارجنگ کرنے والے دکانداروں کو 30 ہزار روپے جرمانے بھی عائد کیے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر فیصل ولید نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق عوام سے اشیائے ضروریہ کے من مانے ریٹس وصول کرنے والے دکانداروں کو بھاری جرمانوں اور مقدمات کا سامنا کرنا پڑے گا اور کنٹرول ریٹ پر اشیاء کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، انہوں نے کہا کہ دکاندار نمایاں جگہوں پر ریٹ لسٹیں آویزاں کریں اور ان پر مکمل عمل درآمد کریں بصورت دیگر ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

جہلم محکمہ تعلیم پنجاب نے سکولوں میں موسم گرما کی چھٹیوں میں اضافہ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ تعلیم پنجاب نے سکولوں میں موسم گرما کی چھٹیوں میں اضافہ کر دیا۔ اعلان صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر کیا۔ جہلم سمیت پنجاب کے سکولز اب یکم ستمبر کھلیں گے۔ خیال رہے کہ اس سے قبل سکولوں میں موسم گرما کی تعطیلات 14 اگست تک تھیں۔ اب ان تعطیلات میں یکم ستمبر تک کا اضافہ کر دیا گیا ہے،

انتقال پر ملال

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے سینئر رہنما حافظ محمد آصف صدیق مغل کے بڑے بھائی اور انجمن تاجران ریلوے روڈ کے سینئر وائس چیئرمین چوہدری محمد یونس مغل مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے جنہیں مقامی قبرستان میں سپرد خاک ...

کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں: ڈی پی او چنیوٹ

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے جمعتہ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد فاروق اعظم محلہ منڈی شیخاں، چنیوٹ میں کھلی کچہری لگائی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے جمعتہ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد فاروق اعظم محلہ منڈی شیخاں، چنیوٹ میں کھلی کچہری لگائی۔ کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج کمپلینٹ سیل اور دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہریوں کے مسائل سنے، مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کمپلینٹ سیل کو درخواستوں کی دادرسی یقینی بنوا کر فالو اپ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈی پی او نے پنجاب پولیس کی مختلف سروسز سے متعلق شرکاء کو بریفنگ دی۔ ڈی پی او نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسجد میں کھلی کچہری لگانا حضرت محمد ﷺ کی سنت ہے تاکہ آپ کے مسائل آپ کے پاس آ کر حل کئے جائیں اور کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے۔ شہری معاشرتی، اخلاقی برائیوں و جرائم پیشہ عناصر سے متعلق اطلاع دے سکتے ہیں۔ شہری پولیس سے متعلقہ شکایت نوٹ کروا سکتے ہیں، انکی دادرسی یقینی بنائی جائے گی۔ ڈی پی او نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت، امن و امان کا قیام اولین ترجیح ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ شہری کسی بھی مسئلے، پریشانی یا جرائم پیشہ عناصر سے متعلق ڈی پی او چنیوٹ کے نمبر 0323-7543444 پر دے سکتے ہیں۔ اہل علاقہ نے مساجد میں کھلی کچہریوں کے اقدام کو سراہا۔

سٹی پریس کلب نارنگ کا تعزیتی اجلاس صدر میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) سٹی پریس کلب نارنگ کا تعزیتی اجلاس صدر میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں چیئرمین شاہد یوسف وائس چیئرمین اعظم علی باجوہ چیئرمین سپریم کونسل شکیل احمد مغل نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب میو انفرمیشن سیکرٹری ولید اٹھوال ممبران سپریم کونسل میاں محمد منشاء عثمان مان سیٹھ وقاص علی ممبران میاں عبدالمنان ناصر محمود اعوان شاہد محمود رانا ریحان خالد اور لیگل ایڈوائزر مرزا عبدالباسط نے شرکت کی شرکاء نے چیئرمین سٹی پریس کلب شاہد یوسف کی ہمشیرہ کے انتقال کے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے بخشش اور مغفرت کی ...

جہلم شہر و گردونواح میں جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں

چوک چوراہوں تعلیمی اداروں سرکاری و نجی عمارتوں اور گھروں کو سبز و سفید جھنڈیوں، قومی پرچموں اور روشنیوں سے خوبصورتی کے ساتھ سجا دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و گردونواح میں جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں۔ شہر کی گلیوں، محلوں بازاروں، چوک چوراہوں تعلیمی اداروں سرکاری و نجی عمارتوں اور گھروں کو سبز و سفید جھنڈیوں، قومی پرچموں اور روشنیوں سے خوبصورتی کے ساتھ سجا دیا گیا ہے۔ شہریوں میں یوم آزادی کے حوالے سے جوش و خروش دیدنی ہے۔ اندرون شہر کے بازاروں کے دونوں اطراف آزادی کے اسٹالز سج چکے ہیں جہاں ... اشیاء فروخت کی جا رہی ہیں۔ دکانداروں کے مطابق اس سال جشن آزادی کے لیے وافر مقدار میں اسٹاک منگوایا گیا ہے اور خریداروں کا رش روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔ نوجوان اور بچے جوش و خروش سے آزادی کی مناسبت سے اشیاء خرید رہے ہیں اور اپنے گھروں کو سجا رہے ہیں تعلیمی اداروں میں بھی تقریبات کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں جن میں ملی نغمے، تقاریر، خاکے، اور قومی پرچم کشائی کی تقریبات شامل ہیں۔ متعدد اسکولوں نے 14 ...

حکومت زائرین کو تحفظ اور سفری سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے: غضنفر عباس باقری، سید سبط حسن نقوی

کچھ نامعلوم عناصر ان کی سوسائٹی کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں: سلطان کالونی کے رہائشیوں کا الزام

اوکاڑہ کے نواحی گاؤں میں عطائی ڈاکٹروں کی بھرمار

حکومت پنجاب نے جہلم سمیت پنجاب میں صفائی فیس نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے

شہید ہیڈ کانسٹیبل افتخار احمد کی نماز جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ پولیس لائنز سیالکوٹ میں ادا کر دی گئی

آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ، ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد، پولیس افسران، وکلاء، سول سوسائٹی کی شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ پولیس کے شہید ہیڈ کانسٹیبل افتخار احمد کی نماز جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ پولیس لائنز سیالکوٹ میں ادا کر دی گئی۔ آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ، ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد، پولیس افسران، وکلاء، سول سوسائٹی، میڈیا پرسنز اور شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت۔ شہید کے جسد خاکی کو پورے اعزاز کے ساتھ پولیس لائنز لایا گیا۔ راستہ میں شہریوں نے فرض کی خاطر جان قربان کرنے والے شیر جوان کا شایان شان استقبال کیا۔ چوراہوں اور شاہراہوں پر شہید کے قافلے پر بھرپور گل پاشی کی اور پنجاب پولیس زندہ باد کے نعرے لگائے۔ ریجنل پولیس افسر گوجرانوالہ اور ڈی پی او سیالکوٹ نے شہید کے جسد خاکی پر پھولوں کی چادر چڑھائی پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کو سلامی پیش کی شہدائی بلندی درجات کیلئے دعا کی گئی۔ اس موقع پر آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے کہا کہ پوری قوم شہداء اور ان کی فیملیز کی قرضدار ہے ان کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا شہداء کی فیملیز کا ہر طرح سے خیال رکھا جائے گا۔

تھانہ بمبانوالہ کے علاقہ میں پولیس مقابلہ میں ہیڈ کانسٹیبل افتخار سندھو شہید

کانسٹیبل نوید اکرام زخمی ہو گئے ریجنل پولیس افسر گوجرانوالہ و ڈی پی او سیالکوٹ وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پر پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ پہنچے

(ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) تھانہ بمبانوالہ کے علاقہ میں پولیس مقابلہ میں ہیڈ کانسٹیبل افتخار سندھو شہید، کانسٹیبل نوید اکرام زخمی ہو گئے ریجنل پولیس افسر گوجرانوالہ و ڈی پی او سیالکوٹ وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پر پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ پہنچے۔ تھانہ بمبانوالہ کے علاقہ پل ریحان میں دوران گشت یوسی اسکواڈ کی جانب سے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا گیا، جس پر تین نامعلوم افراد نے پولیس پارٹی پر اچانک اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کی زد میں آ کر ہیڈ کانسٹیبل افتخار سندھو شدید زخمی ہو گئے جبکہ کانسٹیبل نوید اکرام بھی زخمی ہوا۔ دونوں اہلکاروں کو فوری طور پر سول ہسپتال گوجرانوالہ منتقل کیا گیا، جہاں ہیڈ کانسٹیبل افتخار سندھو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہادت کے عظیم رتبے پر فائز ہو گئے۔ کانسٹیبل نوید کی حالت اب خطرے سے باہر ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچے اور صورتحال کا خود جائزہ لیا۔ ایس پی انویسٹی گیشن سیالکوٹ، ڈی ایس پی ڈسکہ، ایلیٹ فورس، اور دیگر آپریشنل ٹیموں کے ہمراہ علاقہ کی مکمل ناکہ بندی کر دی گئی ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے شہید پولیس اہلکار کی عظیم قربانی پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہیڈ کانسٹیبل افتخار سندھو نے فرض کی راہ میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے پولیس فورس اور قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہید کا لہو ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا، اور واقعے میں ملوث سفاک عناصر کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

جی ٹی روڈ پر طلباء کی جانب سے مسافر بس عملے پر تشدد کا واقعہ پیش آیا جس کے نتیجے میں بس کنڈیکٹر کی حالت غیر ہو گئی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) جی ٹی روڈ پر طلباء کی جانب سے مسافر بس عملے پر تشدد کا واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں بس کنڈیکٹر کی حالت غیر ہو گئی، عینی شاہدین کے مطابق بس ڈرائیور نے گاڑی کچھ دیر کے لئے روکی تو طلباء نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے عملے کو تشدد کا نشانہ بنایا، ذرائع کے مطابق زخمی کنڈیکٹر کو فوری طور پر طبی امداد فراہم کی گئی، مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ آئے روز طلباء تنظیموں کے بعض عناصر کی جانب سے بس عملے پر تشدد کے واقعات رونما ہو رہے ہیں، جن سے ٹرانسپورٹ سیکٹر اور مسافروں میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے، عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس نوعیت کے واقعات کی روک تھام کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہری محفوظ اور پرامن ماحول میں سفر کر سکیں۔

سی سی ڈی اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سی سی ڈی اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک۔ ملزم آصف ولد شوکت دیگر ملزمان کے ہمراہ موٹر سائیکل چھین کر بھاگا کہ پولیس سے آمنا سامنا ہو گیا ملزمان نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے اہلکاران کو دیکھ کر فائرنگ شروع کر دی پولیس کی دفاعی فائرنگ رکنے کے بعد ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کا نشانہ بنا اور مردہ حالت میں پایا گیا ہلاک ملزم چوری، ڈکیتی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ہے۔ ملزم کے دیگر دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ہلاک ملزم کی ڈیڈ باڈی سول ہسپتال ڈسکہ منتقل کر دی گئی

دو مختلف وارداتوں میں شہری نقدی اور موبائل فونز سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مختلف وارداتوں میں شہری نقدی اور موبائل فونز سے محروم کوٹلی داسو سنگھ کے قریب منان علی بکریاں چرا رہا تھا کہ دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 5 ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا گلوٹیاں موڑ کے امیر حمزہ کی دوکان سے موبائل فون چوری، جبکہ تین مختلف واقعات میں شہری موٹر سائیکلوں سے محروم پل نہر موترہ کے قریب تین نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر عدنان شاہد سے موٹر سائیکل چھین لی سول ہسپتال کے اندر سے محمد وحید کی موٹر سائیکل چوری طفیل ہسپتال کے سامنے سے وقاص مسیح کی موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

مصطفیٰ آباد: الیکٹرونک میڈیا کی ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد سے تعارفی میٹنگ

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) الیکٹرونک میڈیا کی ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد سے تعارفی میٹنگ، سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کے حوالے سے تفصیلات سے میڈیا کو آگاہ کیا گیا، تفصیلات کے مطابق الیکٹرانک میڈیا پریس کلب مصطفیٰ آباد کے وفد کی ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد انجینئر حافظ تصدق حسین کھوکھر سے تعارفی میٹنگ، ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد انجینئر حافظ تصدق حسین کھوکھر نے کہا کہ میڈیا کی مثبت تنقید ہمارے لئے مشعل راہ ہے، میڈیا کو سماج دشمن عناصر کے خلاف چلائی گئی خصوصی مہم میں پولیس کا ساتھ دینے کی ضرورت ہے، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ میرے نام پر شریف شہریوں کو ڈرا دھمکا کر پیسے لے رہے ہیں، ایسے لوگ تھانہ مصطفیٰ آباد تشریف لائیں اور ایسے افراد کی نشاندہی کریں، ان کے خلاف قانونی کاروائی بھی کریں گے اور ان کا تھانہ میں داخلہ بھی بند کیا جائے گا، جائز کام کے پیسے دینے کی ضرورت نہیں ہے اور ناجائز کام پیسے دے کر بھی مجھ سے کروایا نہیں جا سکتا، عوام کو میرٹ پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، وفد کی قیادت صدر الیکٹرونک میڈیا پریس کلب مصطفیٰ آباد سیٹھ محمد حسین نے کی، وفد میں محمد عمران سلفی سرپرست اعلیٰ پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ، مہر عدنان، الیاس ملک، عمر شاہین، ملک عاقب، حاجی ابراہیم، محمد اسماعیل سمیت دیگر صحافی شامل تھے، ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد انجینئر حافظ تصدق حسین کھوکھر نے مزید کہا کہ ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خان سلہیرا کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سماج دشمن عناصر کے خلاف مہم کو تیز کیا جا رہا ہے، معزز علاقہ و میڈیا سے اپیل ہے کہ علاقہ کو امن کا گہوارہ بنانے اور سماج دشمن عناصر کو ان کے انجام تک پہنچانے کے لئے پولیس کا ساتھ دیں۔

میاں شہباز شریف کی یہ کوششیں ضرور رنگ لائیں گی: میاں خالد محمود

پاکستان جلد اپنے پاؤں پر کھڑا ہو گا موجودہ حکومت ملکی ترقی و عوامی خوشحالی کا خواب پورا کرے گی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ میاں شہباز شریف کی یہ کوششیں ضرور رنگ لائیں گی، پاکستان جلد اپنے پاؤں پر کھڑا ہو گا موجودہ حکومت ملکی ترقی و عوامی خوشحالی کا خواب پورا کرے گی، وفاق میں مربوط معاشی اصلاحات کے ذریعے معیشت کی بحالی یقینی بنائی جا رہی ہے تو دوسری طرف وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے بھرپور عملی اقدامات اٹھا رہی ہیں انکی قیادت میں پنجاب کے ہر شعبے میں عوام کو ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے، مریم نواز شریف کی حکومت میں پنجاب کے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے جو انکی عوامی فلاح و بہبود کی کامیاب جدوجہد کا ثبوت ہے حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہے حکومت مشکل معاشی حالات کے باوجود عوام کا معیار زندگی بلند کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے ہوئے ہے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عوام کے خیر خواہ لیڈرز ہیں جن کا مشن ملک و قوم کو مسائل کی دلدل سے نکالنا ہے۔

ٹاؤٹ مافیا کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ٹاؤٹ مافیا کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات عمل میں لائے ہوئے کہا کہ ننکانہ صاحب پاسپورٹ آفس میں شہریوں کے پاسپورٹ کے عمل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا

جا رہے ہیں، ننکانہ صاحب پاسپورٹ آفس میں شہریوں کے پاسپورٹ کے عمل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے تفصیلات کے مطابق۔ ڈی جی پاسپورٹ مصطفیٰ قاضی ڈائریکٹر زونل ہیڈ خالد عباس کی ہدایت پر ننکانہ صاحب میں ٹاؤٹ مافیا کے خاتمے کے لئے مؤثر اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں انچارج پاسپورٹ آفس عطاء اللہ ملہی نے گفتگو کرتے ہے کسی بھی شکایت کی صورت میں سخت کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے اور حکومت کے ویژن کے مطابق پاسپورٹ بنوانے والے سائلین کو عزت احترام کے ساتھ پاسپورٹ جاری کیے جاتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ پاسپورٹ بنوانے والے دفتر تشریف لائیں باہر کسی قسم کے ٹاؤٹ کو پیسے نہ دیں تاکہ ان کا وقت اور پیسہ برباد نہ ہو

باصلاحیت نوجوان ملک ناصر لاچھی کو ہیڈ محرر تعینات کر دیا گیا



چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) ڈی پی او چکوال احمد محی الدین نے تھانہ چوآسیدن شاہ میں وحید عباس بھمبھڑ کی ٹرانسفر کے بعد ایک اور انتہائی باصلاحیت نوجوان ملک ناصر لاچھی کو ہیڈ محرر تعینات کر دیا گیا ہے۔ جبکہ تھانہ سٹی تلہ گنگ میں مرزا آصف محمود کے ٹرانسفر کے بعد راجہ فیصل کو ایس ایچ او تعینات کر دیا گیا

صحت کی معیاری سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر شاہد محمود

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی معیاری سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر قطعی طور پر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے یہ بات ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے تفصیلی دورے کے دوران کہی جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات اور وارڈز کا معائنہ کیا اور علاج معالجے کے نظام کا قریب سے جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ایمرجنسی وارڈ، میڈیکل اور سرجیکل بلاکس، گائنی وارڈ، لیبارٹریز اور فارمیسی سیکشن کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ سے علاج کے معیار، مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی، صفائی ستھرائی، پانی و بجلی کی دستیابی اور مجموعی انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ لی۔ انہوں نے بستر، بیڈ شیٹس کی صفائی اور طبی آلات و مشینری کی دستیابی کی صورتحال کا جائزہ لیا اور مریضوں و تیمارداروں سے براہ راست ملاقات کر کے ان کی آراء اور شکایات سنیں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ایم ایس کو ہدایت کی کہ صفائی کے نظام میں مزید بہتری لائی جائے، ایمرجنسی سروسز ہمہ وقت فعال رہیں اور عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے بعض شعبہ جات میں سہولیات کو اپ گریڈ کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت کے عمل کو مؤثر اور تیز تر بنانے کے لیے ایسے دورے آئندہ بھی جاری رہیں گے۔

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 04 ملزمان گرفتار

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن 04 بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار، 05 کلوگرام چرس اور آدھا کلوگرام آئس برآمد



چونیاں (تحصیل رپورٹر) منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 04 ملزمان گرفتار تھانہ سٹی چونیاں پولیس کا ایس ایچ او قربان نواز کی سربراہی میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن 04 بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار، 05 کلوگرام چرس اور آدھا کلو گرام آئس برآمد۔ ملزمان چونیاں اور گردونواح میں منشیات کا مکروہ دھندہ کر کے نوجوان نسل کو تباہ کر رہے تھے ملزمان کے خلاف امتناع منشیات کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں چونیاں سرکل پولیس کے کمانڈر ڈی ایس پی ریاض احمد سنگھا کی سربراہی میں، ایس ایچ او قربان نواز اور ان کی ٹیم نے گزشتہ ہفتے کے دوران متعدد منشیات فروشوں کو بروقت کارروائی کرتے ہوئے گرفتار کر لیا۔ ڈی ایس پی چونیاں نے پریس کلب چونیاں کے عہدہ داروں سے گفتگو کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ چونیاں سرکل کو منشیات کی لعنت سے مکمل طور پر پاک کر دیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خان کی جانب سے سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ منشیات فروشوں کے خلاف نرمی کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی اور انہیں سخت قانونی کارروائی کا نشانہ بنای

سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو پر ایکشن ملزم گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو پر ایکشن ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق دیپالپور تھانہ سٹی ویگن اسٹینڈ پر رکشہ ڈرائیور پر تشدد کا معاملہ ڈی پی او راشد ہدایت کے نوٹس پر ملزم گرفتار سوشل میڈیا پر ویڈیو منظر عام پر آتے ہی پولیس کی بروقت اور موثر کارروائی ملزم شہباز عرف شبو نے رکشہ ڈرائیور طالب کو تشدد کا نشانہ بنایا پولیس نے ملزم کیخلاف قانونی کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے مزید تفتیش شروع کر دی کسی کو بھی قانون اپنے ہاتھ میں لینے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی تشدد واقعہ میں ملوث ملزم کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی۔

ڈھوک شرال علاقہ تھانہ صدر تلہ گنگ میں ایک شخص کی خودکشی کے واقعہ پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کا فوری نوٹس

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈھوک شرال علاقہ تھانہ صدر تلہ گنگ میں ایک شخص کی خودکشی کے واقعہ پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کا فوری نوٹس تفصیلات کے مطابق ڈھوک شرال علاقہ تھانہ صدر تلہ گنگ میں منظور الٰہی ولد کرم الٰہی بعمر 70 سال نے کنوئیں میں کود کر خودکشی کر لی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس ڈی پی او تلہ گنگ سرکل، ایس ایچ او تھانہ صدر تلہ گنگ ہمراہ فورس موقعہ پر پہنچے ریسکیو آپریشن میں حصہ لیا اور نعش کو کنوئیں سے نکال کر بغرض پوسٹمارٹم ٹی ایچ کیو ہسپتال

سیالکوٹ پولیس کے شہید ہیڈ کانسٹیبل افتخار سندھو کے قاتل وقوعہ کے محض ایک گھنٹے کے بعد گوجرانوالہ پولیس سے مقابلے میں انجام کو پہنچ گئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ پولیس کے شہید ہیڈ کانسٹیبل افتخار سندھو کے قاتل وقوعہ کے محض ایک گھنٹے کے بعد گوجرانوالہ پولیس سے مقابلے میں انجام کو پہنچ گئے۔ ویل ڈن گوجرانوالہ پولیس۔ تھانہ بمبانوالہ پولیس پر حملہ کر کے ہیڈ کانسٹیبل افتخار احمد سندھو کو شہید اور کانسٹیبل نوید اکرام کو زخمی کرنے والے خطرناک ملزمان گوجرانوالہ میں پولیس مقابلے کے دوران ہلاک ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق، مذکورہ ملزمان نے گوجرانوالہ کے علاقہ دستگیر چوک میں پولیس ناکہ پر فائرنگ کر کے کانسٹیبل بابر کو زخمی کیا اور فرار ہو کر سیالکوٹ میں داخل ہو گئے، جہاں تھانہ بمبانوالہ کی حدود میں یوسی اسکواڈ پر دوبارہ فائرنگ کی۔ اس حملے میں ہیڈ کانسٹیبل افتخار سندھو شہید جبکہ کانسٹیبل نوید زخمی ہوئے۔ پولیس پر فائرنگ کے افسوسناک واقعہ کے بعد سیالکوٹ اور گوجرانوالہ پولیس کی ٹیمیں آر پی او گوجرانوالہ کی سربراہی میں ملزمان کے تعاقب میں مصروف رہیں۔ گوجرانوالہ میں پولیس مقابلے کے دوران تینوں ملزمان پولیس کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہو گئے ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں پر فخر کرتی ہے۔ فرض کی راہ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کی روایت آج بھی زندہ ہے۔ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہر ممکن اقدام اور قربانی دی جاتی رہے گی۔

تھانہ صدر پتوکی کی حدود کرانی والا کے قریب سی سی ڈی اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلہ، 2 ڈاکو ہلاک

پتوکی (نامہ نگار) تھانہ صدر پتوکی کی حدود کرانی والا کے قریب سی سی ڈی اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلہ، 2 ڈاکو ہلاک، تین فرار ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہو گیا۔ سی سی ڈی ترجمان کے مطابق ہلاک ڈاکوؤں کی شناخت علی شیر سکنہ یزمان بہاولپور اور مشتاق اوڈھ سکنہ پتوکی کے ناموں سے ہوئی ملزمان ڈکیتی راہزنی قتل اور اقدام قتل کی درجنوں سنگین وارداتوں میں مطلوب تھے۔ ہلاک ڈاکوؤں سے چھینے گئے طلائی زیورات، 65000 ہزار روپے نقدی اور دیگر اشیاء برآمد ہوئیں پولیس اہلکار اسد جاوید کو بازو پر فائر لگا جسے اسپتال منتقل کر دیا گیا ترجمان سی سی ڈی کے مطابق تین موٹر سائیکلوں پر پانچ ڈاکو دو افراد سے واردات کے بعد فرار ہو رہے تھے کہ حبیب آباد کے قریب پولیس نے ناکہ بندی کی جس پر ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر دی ملزمان کی اپنی فائرنگ سے ان کے دو ساتھی جاں بحق ہو گئے فرار ملزمان کی گرفتاری کے لئے ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

عاق نامہ

میں اپنے پسر اسامہ حیدر کو بوجہ نافرمانی غلط چال چلن بدزبانی حکم عدولی کرنے اور گستاخ ہونے کی وجہ سے اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اس سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ آئندہ میں اس کے کسی قول وفعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا۔

المشتہر: محمد شہباز احمد ولد دین سکنہ چک نمبر 10 شمالی بھلوال ضلع سرگودھا

عاق نامہ

میں اپنی بیوی مصباح بی بی زوجہ محمد طیب محمد حسیب، محمد عتیق پسران اظہر اقبال ذات کمہار سکنہ نئے پکھوال ریلوے اسٹیشن بھیر ومیانی کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں ان سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا، آئندہ میں ان کے کسی قول وفعل کا ذمہ دار نہ ہوں گا۔

المشتہر: اظہر اقبال ولد احمد خان قوم کمہار سکنہ چک نمبر 13 جنوبی تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

بقیہ 1 بقیہ جات

کیلئے پیغام "بیڈ ٹچ کرنے والوں سے گھبرائیں گے نہیں، ٹکرائیں گے" جاری کیا گیا ہے۔ سیریز میں بچوں کو احسن انداز میں مناسب اور نا مناسب جسمانی رویے بارے بتایا گیا ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کو بچوں کیلئے آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ آگاہی مہم کم سن بچوں کے ساتھ جنسی بدسلوکی کے واقعات کی روک تھام کیلئے شروع کی گئی اور اب اس کی دوسری قسط جاری کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ درست تعلیم اور آگاہی کے بعد بچے نامناسب رویے کو پہچان کر اسے بروقت رپورٹ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بچوں کو ذاتی حفاظت کے بارے آگاہی دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، جس میں معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ترجمان نے کہا کہ جنسی استحصال کا شکار بچے زندگی بھر ٹراما میں رہ سکتے ہیں اس لیے ہنگامی بنیادوں پر آگاہی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آگاہی مہم بچوں کو بدسلوکی اور جنسی استحصال سے محفوظ رکھنے میں معاون ہوگی۔ بچوں کو محفوظ بنانا اور استحصال کرنے والوں کو قانون کے شکنجے میں لانا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ محکمہ داخلہ نے اس سے قبل گڈ ٹچ بیڈ ٹچ بارے آگاہی کو نصاب میں شامل کرنے کیلئے محکمہ سکول ایجوکیشن کو مراسلہ جاری کیا اور اس حوالے سے مستقل رابطے میں ہیں۔ ترجمان محکمہ داخلہ نے کہا کہ والدین اور اساتذہ آگاہی مہم سے سیکھ کر بچوں کو بتائیں کہ گھر یا باہر جنسی استحصال کو کیسے رپورٹ کیا جائے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اپنے بچوں کو محفوظ بنانے کیلئے آگاہی مہم کا حصہ بنیں۔

بقیہ 2 بقیہ جات

پاکستان افغانستان سرحد کے ذریعے دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دراندازی کرنے والے بھارتی پراکسی گروپ "فتنہ الخوارج" کے ایک بڑے گروہ کی نقل وحرکت کا سراغ لگایا گیا، سیکیورٹی فورسز نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی اس کوشش کو ناکام بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جرات مندانہ، مہارت بھری اور عین ہدف پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں 33 بھارتی حمایت یافتہ خوارج واصل جہنم ہوئے جن سے بڑی مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد ہوا۔ پاک فوج کے مطابق علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی باقی ماندہ دہشت گرد کو ختم کیا جا سکے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع اور بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پُرعزم ہیں۔

بقیہ 3 بقیہ جات

کی گئی۔ دستاویزات کے مطابق تحصیل گوادر میں 17542 ایکڑ، تحصیل پسنی میں 1675 ایکڑ اراضی الاٹ کی گئی، جیوانی میں 4876 ایکڑ، تحصیل اورماڑہ میں 31014 ایکڑ اور گوادر کی تحصیل سنٹر میں 1505 ایکڑ زمین صوبائی اور وفاقی محکموں اور اداروں کو دی گئی۔ دستاویزات کے مطابق گوادر میں انڈسٹریل اسٹیٹ اور ایکسپورٹ پروسیسنگ زون کو 4000 ایکڑ اراضی الاٹ کی گئی۔ اس کے علاوہ گوادر میں ہی ایک نجی ہاؤسنگ اسکیم کو 2700 ایکڑ اراضی کی الاٹمنٹ کی

بقیہ 4 بقیہ جات

یوں میں ڈسٹرکٹ انتظامیہ الیکشن کمیشن کو مدد فراہم کرے گی۔ چیئرمین کمیٹی کے مطابق یونین کونسل میں سے وارڈ سسٹم ختم ہو جائے گا، ایک یونین کونسل سے 9 ممبر منتخب ہوں گے، منتخب ہونے والے ممبرز کو ایک ماہ میں سیاسی جماعت میں شامل ہونا ہوگا، 9 منتخب ممبرز اپنا چیئرمین اور وائس چیئرمین خود چنیں گے، 9 منتخب ممبرز ریزرو سیٹوں کے ممبرز کا بھی انتخاب کریں گے۔ پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے لوکل گورنمنٹ کی تجویز پر ڈی سی کو ضلعی کمیٹیوں کا چیئرمین بنانے کی متنازع شق میں تبدیلی کر دی گئی ہے، اب ضلعی کمیٹیوں کے چیئرمین عوامی نمائندے ہوں گے، ڈی سی بھی شریک چیئرمین ہوں گے۔ اس سے پہلے حکومت پنجاب نے لوکل گورنمنٹ بل 2025ء میں ضلعی کمیٹیوں کا چیئرمین ڈی سی کو تعینات کرنے کی تجویز دی تھی، ترمیم پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے لوکل گورنمنٹ کی متفقہ تجویز پر کی گئی۔ بل کے مطابق آبادی کے حساب سے سب سے بڑی مقامی حکومت کا ہیڈ 6 ماہ کے لیے ضلعی کمیٹیوں کا چیئرمین ہوگا، 6 ماہ بعد آبادی کے حساب سے دوسری بڑی مقامی حکومت کا ہیڈ ضلعی کمیٹیوں کا چیئرمین ہوگا، مرحلہ وار 6 ماہ کے لئے ہر مقامی حکومت کا ہیڈ ضلعی کمیٹیوں کا چیئرمین ہوگا، کسی مقامی حکومت کا ہیڈ نہ ہونے کی صورت میں اگلے ضلع کو مدنظر رکھا جائے گا۔ پنجاب اسمبلی قائمہ کمیٹی برائے لوکل گورنمنٹ میں مجوزہ بل پر ہر ہفتے شق وار بریفنگ جاری ہے، بل منظوری کے لئے اسمبلی اجلاس میں پیش کیا جائے گا، بل کی حتمی منظوری گورنر پنجاب دیں گے۔

بقیہ 5 بقیہ جات

کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور چیف آف دی ایئر اسٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاک افواج کے ہمراہ میجر طفیل محمد شہید نشان حیدر کو ان کی 67 ویں برسی پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ میجر طفیل محمد شہید نے سابق مشرقی پاکستان کے لکشمی پور سیکٹر میں دشمن کے خلاف جرات وبہادری کی بے مثال داستان رقم کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ زخمی ہونے کے باوجود انہوں نے دشمن کے خلاف لڑائی جاری رکھی اور مشن کو کامیابی سے مکمل کیا۔ ان کے عظیم کارنامے پر قوم نے انہیں نشان حیدر جیسے اعلیٰ ترین اعزاز سے نوازا۔ افواج پاکستان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ میجر طفیل شہید اور تمام شہداء کی قربانیاں قوم کا

سرمایہ افتخار ہیں۔ ان کی جرات، ایثار اور وطن سے محبت آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہیں، وطن کی سلامتی اور خودمختاری کیلئے جانوں کا نذرانہ دینے والے یہ عظیم سپوت ہمیشہ دلوں میں زندہ رہیں گے۔ پاک افواج نے کہا کہ ہم ان تمام ہیروز کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے وطن کے دفاع کیلئے جان کا نذرانہ پیش کیا، ان کی قربانیاں ہمارے لیے امن، استحکام اور آزادی کی ضمانت

بقیہ 6 بقیہ جات

وران مزار تک عوام کی رسائی مکمل طور پر بند تھی۔ ایڈمنسٹریٹر مزار شریف شیخ جمیل کے مطابق عرس سے قبل مزار کے انتظامات اور ضروری تعمیراتی کام عارضی طور پر مکمل کرلیے گئے ہیں، جس کے بعد زائرین اب مزار شریف پر حاضری دے سکیں

بقیہ 7 بقیہ جات

تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے باہمی روابط اور دوطرفہ تعلقات خاص اہمیت کے حامل ہیں۔ ملاقات میں ٹیکسٹائل، فوڈ پراسیسنگ، معدنیات، آئی ٹی، زراعت اور لائیو اسٹاک سمیت مختلف شعبوں میں تجارت کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کے تحت سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی منتقلی اور دیرپا شراکت داری کو فروغ دیا جا رہا ہے، جبکہ ایگری کلچر اور فشریز کی ایکسپورٹ کے لیے کولڈ چین لاجسٹکس کی ترقی پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آسٹریلیا میں مقیم پنجاب کے ہزاروں افراد ترقی کے مواقع کے ساتھ ساتھ باہمی تعلقات کو بھی مضبوط کر رہے ہیں۔ دونوں ممالک ماحولیاتی تبدیلی جیسے مشترکہ عالمی چیلنج سے نمٹنے کے لیے تعاون کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے کہا کہ آسٹریلیا اور پاکستان بااعتماد دوست اور اہم اقتصادی شراکت دار

بقیہ 8 بقیہ جات

سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وزیراعلیٰ کا جرگے میں دیا گیا بیان غیر ذمہ دارانہ تھا جو FATF تک پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے دہشت گردوں کو راستہ دیا اور صوبے کو ٹھیکے پر دے دیا، صوبائی حکومت منفی چیزوں کو پروموٹ کر رہی ہے۔ گورنر کے پی نے کہا کہ جب بھی اپوزیشن کے ساتھ نمبر گیم پوری ہوئی، عدم اعتماد لائیں گے۔

بقیہ 9 بقیہ جات

ایف سی کی چیک پوسٹ پر کواڈ کاپٹر ڈرون حملہ کیا گیا، حملے میں ایک ایف سی اہلکار شہید اور 3 زخمی ہو گئے۔ ڈی پی او سلیم عباس کلاچی نے بتایا کہ حملے میں زخمی ہونے والے اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ڈی پی او کے مطابق واقعہ کے بعد فرنٹیئر کور اور پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 10 بقیہ جات

عدالت نے بریت کے باوجود کسی آر او میں ایف آئی آر کے ریکارڈ کو غیر ضروری قرار دے دیا ہے۔ جسٹس عبہر گل خان نے فیصلے میں لکھا کہ جب کوئی ملزم کسی کیس سے بری ہوتا ہے تو قانون کی نظر میں اس کا مطلب بریت ہی ہوتا ہے، بریت کے باوجود کسی بھی سرکاری دستاویزات میں اس ایف آئی آر کا ذکر کرنا غیر ضروری ہے، بریت کے باوجود ریکارڈ ظاہر کرنا انسانی وقار کے خلاف ہے، بریت کے باوجود ریکارڈ ظاہر کرنا ان شہریوں سے غیر منصفانہ ہے جو عدالتی پراسس کے ذریعے بری ہوئے۔ فیصلہ میں کہا کہ درخواست گزار پولیس کی جانب سے کلیئر کیریکٹر سرٹیفکیٹ کا حق دار ہے، ہوم سیکرٹری درخواست گزار کو اس کے موجودہ سٹیٹس کے تحت کیریکٹر سرٹیفکیٹ جاری کریں، کیریکٹر سرٹیفکیٹ میں کسی ایف آئی آر کا ذکر نہ ہو جس میں ملزم بری ہو چکا ہے۔ فیصلے کے مطابق درخواست گزار پر 2024ء میں لاہور کے تھانہ نواں کوٹ میں پتنگ بازی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج ہوا، جوڈیشل مجسٹریٹ نے درخواست گزار کو مقدمے سے بری کر دیا، درخواست گزار نے انگلینڈ سفر کرنے کے لیے پولیس کیریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست دی لیکن درخواست گزار کی بریت کے باوجود کیریکٹر سرٹیفکیٹ میں کریمنل ہسٹری ظاہر کی گئی۔ درخواست گزار نے اس عمل کے خلاف ہوم سیکرٹری کو درخواست دی، ہوم سیکرٹری نے درخواست پر فیصلہ نہیں کیا، درخواست گزار نے ہوم سیکرٹری کی جانب سے فیصلہ نہ کرنے پر لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا عدالتی حکم پر ہوم سیکرٹری نے درخواست گزار کی درخواست پر فیصلہ کیا۔ جسٹس عبہر گل خان نے فیصلے میں لکھا کہ ہوم سیکرٹری نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ پولیس رولز کے تحت ایف آئی آر کا ریکارڈ 60 برس تک رکھا جاتا ہے، ہوم سیکرٹری نے لکھا کہ ایف آئی آر ڈیلیٹ نہیں ہوگی تاہم اگر کوئی بری ہوتا ہے تو سٹیٹس اپڈیٹ ہوگا۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ پولیس ترمیمی رولز کے تحت ایف آئی آر کو ڈیجیٹل طریقے سے محفوظ کیا جاتا ہے، سرکاری وکیل نے بتایا کہ اگر ملزم عدالت سے بری بھی ہو جائے تو بھی کریمنل ریکارڈ ختم نہیں کیا جا سکتا جس پر عدالت نے قرار دیا کہ یہ اہم ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے انتظامی ادارے ہیں جو اپنے اندرونی ریکارڈ کے لیے تمام ریکارڈ محفوظ رکھتے ہیں۔ عدالت نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے یہ ریکارڈ قانونی استعمال کے لیے ضرور رکھیں لیکن اس سے کسی کے بنیادی حقوق مجروح نہیں ہونے چاہئیں، ایف آئی آر کو ڈیجیٹلی محفوظ بنانا قانون کے تحت جائز ہے، اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ ریکارڈ کسی بری ہونے والے فرد کے خلاف استعمال نہیں ہوگا، موجودہ کیس میں درخواست گزار کا اعتراض ہے کہ اسکے موجودہ سٹیٹس کے تحت کیریکٹر سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے۔

بقیہ 11 بقیہ جات

مورخون اور کرچہ کے مقامات پر شاہراہ قراقرم کو شدید نقصان پہنچا، سڑک بند ہونے سے پاکستان اور چین کے درمیان زمینی رابطہ منقطع ہو گیا۔ رپورٹ کے مطابق گلگت بلتستان کے ضلع ہنزہ میں گلیشیئر زکے تیزی سے پگھلنے کے باعث دریائے ہنزہ میں پانی کی سطح خطرناک حد تک بلند ہو گئی ہے، جس سے علاقے میں سیلابی صورتحال پیدا ہو گئی ہے۔ مورخون کے مقام پر شاہراہ قراقرم دریائی کٹاؤ کے باعث مکمل طور پر بند ہو چکی ہے، جس کے نتیجے میں پاکستان اور چین کے درمیان زمینی رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ شاہراہ قراقرم پر ہر قسم کی گاڑیوں کی آمدورفت روک دی گئی ہے اور مقامی افراد کو بھی محتاط رہنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ وادی ہنزہ کے مختلف ندی نالوں اور دریاؤں میں شدید طغیانی دیکھنے میں آئی ہے، جس سے دریاؤں کے اطراف میں آباد آبادیوں کو خطرہ لاحق ہو گیا۔ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے ممکنہ نقصانات سے بچنے کیلئے ہنگامی اقدامات کر رہے ہیں۔ محکمہ موسمیات اور ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی نے خبردار کیا کہ اگر گلیشیئرز کا پگھلاؤ اسی رفتار سے جاری رہا تو اگلے چند دنوں میں مزید سیلابی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔

بقیہ 12 بقیہ جات

کے شہید وکلا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ہمیں انتہا پسندی اور دہشتگردی کے خلاف وکلا کی بے مثال قربانی کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سول ہسپتال حملے کے شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہماری حکومت شہدا کے خون کی حرمت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ شہدا کے وارثوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ان کے حقوق کا ہر سطح پر دفاع کیا جائے گا۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ امن دشمنوں کے ناپاک عزائم کو پوری قوم کے اتحاد سے شکست دی جائے گی، بلوچستان بار اور وکلا برادری کی قربانی جمہوری اقدار کی سربلندی کی ایک روشن مثال ہے، بلوچستان دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان صف اول میں ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سانحہ میں وکلا برادری نے اپنے محافظ کھو دیے۔ حکومت نے اس سانحہ کے شہدا کے بچوں کا ساتھ دیا تاکہ وہ دوبارہ سنبھل کر آگے بڑھ سکیں۔ اس سلسلے میں بیف وکلا اسکالرشپ سکیم شہدا کے بچوں کے لیے امید، انصاف اور تعلیم کا وعدہ ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 188 بچے مکمل سکالرشپ کے تحت اپنی پسند کے تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف مالی امداد نہیں بلکہ شہدا کی وراثت اور آئندہ نسلوں سے کیا گیا ایک پختہ عہد ہے کہ ان کے خوابوں کو

پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے

بقیہ 13 بقیہ جات

ٹ کا وہ بلند تاریخی مقام نیلہ بٹ جہاں 23 اگست 1947 میں مہاراجہ ریاست کے خلاف نوجوان سردار محمد عبدالقیوم خان مرحوم نے اپنے دیگر ساتھیوں احباب کے ساتھ علم بغاوت بلند کی تھی کی یاد میں ہر سال یوم تجدید عہد کے ساتھ یہ دن منایا جاتا ہے حسب روایت اس سال بھی یہ دن شایان شان طریقے سے منانے کیلئے تیاریاں جاری ہیں پونچھ ڈویژن آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر ریٹائرڈ میجر محمد نصراللہ خان نے پونچھ ڈویژن کا شیڈول جاری کرتے دورے شروع کر دیئے ان کے ہمراہ دیگر جماعتی عہدیدار کارکنوں کی بڑی تعداد ہے تحصیل دھیرکوٹ حلقہ غربی باغ کی مختلف یونین کونسل کا دورہ مکمل کیا دورے کے موقع پر کارکنوں کے ساتھ کارنر میٹنگ اجلاس کئے اور اس بار بھی یہ دن بھرپور طریقے سے منانے کا عزم کیا یوم نیلہ بٹ کے دن جماعتوں سے بالاتر ہو کر ہر مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں لوگ آزاد کشمیر پاکستان کے مختلف شہروں سے شریک ہوتے ہیں مقامی حلقہ یہ دن یوم نیلہ بٹ کے ساتھ ساتھ آزادی کے تہوار کے طور مناتے اور انتہائی خوشی کا اظہار کرتے سردار محمد عبدالقیوم خان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں 23 اگست یوم نیلہ بٹ کے دن ضلع بھر میں تعطیل ہوتی ہے ایک بڑی تقریب جہاں ہزاروں لوگ قافلوں کی صورت شریک ہوتے مختلف سیاسی جماعتوں کی قیادت دانشور اسکالر مذہبی صحافتی سماجی شخصیات مجاہد ول ان کے رفقا کار کو خراج عقیدت پیش کرنے کے علاوہ اس دن کی آہمیت افادیت پر سیر حاصل گفتگو کرتے ہیں یاد رہے یہی وہ جگہ جب میاں محمد نواز شریف نے بطور وزیراعظم پاکستان 1990 کی دہائی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کو ایٹمی ملک ہونے کا اعلان کیا تھا اس موقع پر شہدا 1947 راجہ محمد شیر زمان شہید راجہ عبدالطیف شہید جو نیلہ بٹ کے مقامات پر شہید ہوئے کے مزار پر صدر مسلم کانفرنس سابق وزیراعظم سردار محمد عتیق احمد اور شہدا کے ورثا خصوصی طور حاضری دیتے ان کے درجات کی بلندی کیلئے بھی دعا کرتے پھول کے گلدستے مزار پر رکھتے

بقیہ 14 بقیہ جات

جھٹکا لگ گیا، جہاں متعدد اہم عہدے پارٹی سے واپس لے لیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی میں عمر ایوب اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے فارغ کر دیئے گئے، اسی طرح زرتاج گل کا پارلیمانی لیڈر اور احمد چٹھہ کا ڈپٹی پارلیمانی لیڈر کا عہدہ بھی خالی ہو گیا ہے۔ علاوہ ازیں پی ٹی آئی سے اپوزیشن لیڈر کا چیمبر بھی واپس لے لیا گیا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اسمبلی قواعد کے مطابق ارکان کی نااہلیت سے ایوان کو آگاہ کر دیا ہے، جس کے بعد اپوزیشن لیڈر کیلئے اپوزیشن اور اسپیکر کے درمیان مشاورت کا عمل دوبارہ شروع ہوگا۔ ذرائع کے مطابق سپیکر قومی اسمبلی نئے اپوزیشن لیڈر کا نوٹیفکیشن جاری کریں گے، پی ٹی آئی آزاد اراکین پارلیمانی لیڈر اور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر کیلئے دوبارہ نام دینا ہوں گے۔ قومی اسمبلی میں عمر ایوب کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی فنانس کمیٹی سے بھی ڈی لسٹ کر دیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی کے نااہل 7 ارکان سے قائمہ کمیٹی کی ممبرشپ بھی واپس لے لی گئی ہے۔

بقیہ 15 بقیہ جات

کی تجویز زیر غور ہے، وزیراعظم شہباز شریف کو صارفین بجلی سے ہونے والی زیادتی سے آگاہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس حوالے سے اراکین اسمبلی کا بھی موقف ہے کہ یہ صارفین سے زیادتی ہے کہ 200 سے زائد صرف ایک یونٹ پر اگلے چھ ماہ تک اضافی 5 ہزار روپے بل ادا کریں، پروٹیکٹڈ سلیب کے معاملے پر اعلیٰ سطح کی کمیٹی بنانے کا عندیہ دیا گیا ہے۔

بقیہ 16 بقیہ جات

فوج، محکمہ سپورٹس، ڈسٹرکٹ انتظامیہ، پرائیویٹ بزنس مین اور لوکل کمیونٹی کے اشتراک سے کھیلوں کے مقابلہ جات کا سلسلہ جاری ہے۔ جشن آزادی سپورٹس فیسٹیول 4 سے 14 اگست 2025 آرمی گراؤنڈ شاکوٹ، بوائز ڈگری کالج آٹھ مقام، ہائی سکول جورا میں تقریبات منعقد ہوں گی۔ آزادی سپورٹس فیسٹیول میں 10 سے زائد قومی، ریاستی ولوکل کھیلوں کے مقابلہ جات میں درجنوں ٹیمیں شرکت کریں گی۔ 14 اگست کو فائنل میچز کھیلے جائیں گے۔ رنراپ اور فاتح ٹیموں کو نقد انعامات کیساتھ ساتھ ٹرافیاں بھی دی جائیں گی۔ اختتامی تقریبات آرمی گراؤنڈ شاکوٹ میں منعقد ہوں گی جس میں عوامی نمائندوں کیساتھ ساتھ عسکری وسول حکام کثیر تعداد میں شرکت کریں گے۔ یوم پاکستان 14 اگست کو قومی جوش وجذبہ کیساتھ منانے کیلئے پاک آرمی کے سنگ، محکمہ سپورٹس، ڈسٹرکٹ انتظامیہ، پرائیویٹ بزنس مین اور لوکل کمیونٹی نے نوجوانوں میں کھیلوں کے مقابلہ جات رکھے ہیں رنراپ اور فاتح ٹیموں کو شاندار انعامات سے نوازا جائے گا۔

بقیہ 17 بقیہ جات

میجر طفیل محمد شہید کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ میجر طفیل محمد شہید نے 8 اگست کو اپنے قیمتی خون سے بہادری وجرات کی تاریخ لکھی، دشمن کے مذموم عزائم خاک میں ملا کر سبز ہلالی پرچم کو سرخرو کیا، نشان حیدر کے وارث عظیم سپاہی نے دشمن کو اس کی صفوں میں گھس کر مارا۔ انہوں نے کہا کہ میجر طفیل محمد شہید نے دشمن کی گولیوں کا سامنا کرتے ہوئے بٹالین کی قیادت کی اور شجاعت کی لازوال داستان رقم کی، میجر طفیل نے زخمی ہونے کے باوجود پیش قدمی نہ روکی اور دشمن کو پسپائی پر مجبور کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ بے مثال شجاعت کا یہ عظیم لمحہ ہماری نئی نسلوں کو ہمیشہ حوصلے اور عزم کا درس دیتا رہے گا، قوم میجر طفیل محمد شہید کو سلام پیش کرتی ہے جنہوں نے سب سے آگے کھڑے ہو کر جنگ کی کایا پلٹ دی۔ محسن نقوی نے کہا کہ میجر طفیل محمد شہید کے آخری الفاظ کہ میں نے اپنا کام کر دیا ہے، دشمن بھاگ گیا ہے، آج ایک حقیقت ہیں، میجر طفیل محمد شہید کے الفاظ آج بھی وطن کے ہر سپاہی کا نعرہ ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دلیرانہ قیادت میں پاک بھارت جنگ میں یہ سنہرے الفاظ ہر میدان میں گونجتے رہے اور دشمن کو ہر محاذ پر ہزیمت اٹھانا پڑی، حالیہ جنگ میں ہمارا ہر سپاہی میجر طفیل محمد شہید بن کر لڑا اور اللہ تعالیٰ نے قوم کو بے مثال فتح عطا فرمائی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے دشمن کو دندان شکن جواب دینے والے میجر طفیل محمد شہید کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر طفیل محمد شہید کی لازوال قربانی کو دلیر قوم ہمیشہ یاد رکھے

بقیہ 18 بقیہ جات

بھر میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار، کاروبار اور قبضہ کے خلاف کریک ڈاؤن پوری شدت سے جاری ہے۔ چیف وائلڈ لائف رینجر مبین الٰہی کی قیادت میں خانیوال، لودھراں اور بہاولنگر میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران بٹیر کی اسمگلنگ اور بٹیر وطوطوں کا غیر قانونی شکار کرنے والے دوشکاری رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیے گئے۔ ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر ملتان ریجن سجاد حسین کی سربراہی میں اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر خانیوال سرفراز حسین نے ناجائز شکار کے الزام میں محمد اسلم ولد خطاب گل کو گرفتار کر کے تھانہ چھب کلاں میں مقدمہ درج کرایا۔ اسی روز لودھراں میں کلیم سرفراز کی ٹیم نے بہاولپور سے پشاور جانے والی بس سے پندرہ زندہ بٹیر برآمد کر کے عدالت میں پیش کیے، جہاں عدالتی حکم پر انہیں قدرتی ماحول میں آزاد کر دیا گیا۔ بہاولنگر میں سینئر وائلڈ لائف رینجر سید مبشر حسین نے جموں گاؤں کے قریب غلام دستگیر ولد محمد مجید کو جنگلی طوطوں کے غیر قانونی شکار کے الزام میں گرفتار کر کے تھانہ منڈی صادق گنج میں ایف آئی آر درج کرا دی۔

بقیہ 19 بقیہ جات

کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ وزیراعظم نے تو اپوزیشن کو سپیکر آفس میں مذاکرات کی دعوت دی ہوئی ہے، وزیراعظم نے تو کہا ہے ملک کی بہتری کیلئے آپس میں بیٹھ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی کے بیٹوں کے ویزوں میں کوئی رکاوٹ نہیں، اگر کوئی مسئلہ آ رہا ہے تو سپیکر کے پاس آ جائیں حل کرا دیں گے، سپیکر آفس میں وزیراعظم کو بھی بلا لیں گے، ضمنی الیکشن کے بائیکاٹ سے پی ٹی آئی کی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ بائیکاٹ سے معاملات نہیں سنبھلتے، سسٹم میں رہ کر ہی جدوجہد کی جا سکتی ہے، خواجہ آصف کی بات پر کسی کو برا نہیں منانا چاہیے، وائٹ کالر کرائم میں لوگ کہاں ثبوت چھوڑتے

بقیہ 20 بقیہ جات

کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے جاں بحق افراد کے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی اور کہا کہ اس سانحے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دل مغموم ہے۔ مریم نواز شریف نے زخمیوں کو فوری طور پر بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ زخمیوں کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے

بقیہ 21 بقیہ جات

اسرائیلی جارحیت کی مذمت کی، ایرانی صدر نے اسرائیلی جارحیت کیخلاف پاکستان کی حمایت کو سراہا۔ انہوں نے بتایا کہ ایران کے صدر نے وزیراعظم شہباز شریف سے بھی ملاقات کی، فریقین نے دوطرفہ تجارتی حجم بڑھانے پر اتفاق کیا، ایران کے صدر نے وزیراعظم کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کیا، صدر مسعود پزشکیان نے اسرائیلی جارحیت کیخلاف پاکستان کی حمایت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ایرانی صدر اور وزیر خارجہ کی نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے بھی ملاقات ہوئی، نائب وزیراعظم نے فلسطینی مسئلے کے منصفانہ اور دوریاستی حل پر زور دیا، پاکستان نے آج غزہ کے لیے امدادی سامان پر مشتمل نئی کھیپ روانہ کی ہے، وزیراعظم کی ہدایت پر غزہ کے عوام کیلئے 18 ویں کھیپ بھجوائی گئی ہے۔ شفقت علی خان نے کہا کہ امدادی سامان میں راشن بیگز، کھانے پینے کی اشیا اور ادویات شامل ہیں۔ مسلسل حمایت غزہ کے عوام کے ساتھ پاکستان کی پرعزم یکجہتی کی عکاسی کرتی ہے، پاکستان اسرائیلی حکام کی طرف سے مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کی مذمت کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے یہ بھی کہا کہ اسرائیل کے توسیع پسندانہ اقدامات علاقے کو کشیدگی کی طرف لے جائیں گے، اسرائیل کے ایسے اقدامات اقوام متحدہ کی قراردادوں کے منافی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان یوکرین تنازع کے پرامن اور مذاکرات پر مبنی حل کا حامی ہے، پاکستان یوکرین کی طرف سے یوکرین جنگ میں پاکستانیوں کے ملوث ہونے کے الزام کو مسترد کرتا ہے، ابھی تک یوکرینی حکام نے پاکستان سے رابطہ کر کے الزام کے متعلق کوئی بات نہیں کی۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے واضح کیا کہ پاکستان مسئلہ کشمیر کا سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل چاہتا ہے، پاکستان حق خودارادیت کیلئے کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی واخلاقی حمایت جاری رکھے گا، نائب وزیراعظم نے مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کیلئے اقوام متحدہ کو خطوط ارسال کیے، پاکستان نے معرکہ حق کے دوران اپنی خودمختاری کا بھرپور دفاع کیا۔

بقیہ 22 بقیہ جات

سربراہی میں عدالتی نظام میں بروقت فیصلوں اور سائلین کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے کئی عملی اقدامات کیے گئے۔ ضلعی عدالتوں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے ایک مؤثر مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرایا گیا جس سے مقدمات کی سماعت اور فیصلوں میں شفافیت اور تیزی آئی۔ وکلاء نے خواتین وکلاء کے لیے خصوصی سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات کو بھی سراہا، جو عدلیہ میں مساوات اور شمولیت کی عکاسی کرتا ہے۔ وکلاء برادری کا کہنا ہے کہ چیف جسٹس عالیہ نیلم کی محنت اور لگن نے عدلیہ کو متحرک بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور انصاف کے نظام پر عوام کا اعتماد مزید بڑھا ہے۔ ان کی قیادت میں جاری مثبت پیش رفت نہ صرف لاہور ہائیکورٹ بلکہ پورے عدالتی نظام کے لیے باعث فخر قرار دی جا رہی ہے۔ وکلاء نے کہا کہ عدالت عالیہ کی نئی سمت اور وژن نے پورے نظام انصاف کو مزید فعال اور قابل رسائی بنایا ہے، جو عدلیہ کی تاریخ میں ایک یادگار باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 23 بقیہ جات

مت نے مختصر مدت کی بجائے طویل المدتی صنعتی پالیسی تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے مطابق سرمایہ کاروں کو طویل المدتی روڈ میپ دیا جائے گا۔ مختلف کمیٹیوں نے کارپوریٹ انکم ٹیکس کو 3 سال میں 29 فیصد سے کم کر کے 26 فیصد تک لانے کی تجویز پیش کی ہے۔ اس کے علاوہ سپر ٹیکس پورے منافع پر نہیں بلکہ اضافی آمدن پر لاگو کرنے اور 5 سال میں سپر ٹیکس آہستہ آہستہ کم کر کے 5 فیصد تک لانے کی بھی تجویز دی گئی ہے۔ اگر پانچویں سال میں پرائمری بیلنس مثبت ہو جائے تو چھٹے سال میں سپر ٹیکس مکمل ختم کرنے کی سفارش کی جائے گی۔

بقیہ 24 بقیہ جات

مطابق ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار راجا کی ہدایت پر انسانی سمگلنگ میں ملوث بین الاقوامی نیٹ ورکس کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران ایف آئی اے پشاور زون نے لیبیا کے راستے انسانی سمگلنگ میں ملوث نیٹ ورک کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے منظم گینگ کے مرکزی ملزم عادل عرف شیر خان کو گرفتار کر لیا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی گینگ کے ملزم صدام، درویش خان اور الیاس خان گرفتار ہو چکے ہیں۔ ملزمان جعلی ویزوں اور دستاویزات کے ذریعے انسانی سمگلنگ میں ملوث تھے۔ مذکورہ گینگ کے کارندے سہولت کار اور رابطہ کار کے طور پر بھی کام کر رہے تھے۔ ترجمان کے مطابق تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے مرکزی ملزم عادل عرف شیر خان کی نشاندہی کی۔ ملزم عادل لیبیا سے یورپ کے لیے غیر قانونی سمندری راستے سے انسانی سمگلنگ کا ماسٹر مائنڈ ہے۔ ملزم عادل واٹس ایپ کے ذریعے معصوم شہریوں سے رابطہ کرتا اور انہیں لیبیا کے ویزے فراہم کرتا تھا۔ مہاجرین کو لیبیا پہنچانے کے بعد یورپ کے لیے سمندری سفر پر روانہ کیا جاتا تھا۔ ملزم کو چارسدہ سے چھاپا مار کارروائی کے دوران گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے، جبکہ نیٹ ورک میں شامل دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 25 بقیہ جات

طفیل شہید کو سلام پیش کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میجر طفیل شہید کی جرات اور بہادری کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، ان کی قربانی نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ دفاع وطن کے لئے میجر طفیل کی شہادت تاریخ کا روشن باب ہے اور پوری قوم ان کی جرات وقربانی کو خراج تحسین پیش کرتی

بقیہ 26 بقیہ جات

دائر درخواست ابتدائی سماعت پر ہی خارج کر دی۔ جسٹس راحیل کامران شیخ نے محمد زبیر عاشق ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر درخواست پر حکم سنایا۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا تھا کہ پیرا میں بھرتیاں شفافیت اور میرٹ کے خلاف کی گئیں۔ پنجاب حکومت کے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل محمد عثمان خان نے عدالت کو بتایا کہ پیرا کو خود پرا سکیوٹرز بھرتی کرنے کا اختیار حاصل ہے اور یہ کنٹریکٹ پوسٹیں ہیں جن کے لیے پنجاب پبلک سروس کمیشن (پی پی ایس سی) کو شامل کرنا لازمی نہیں۔ تاہم شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے معاملہ پی پی ایس سی کو بھیجا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پی پی ایس سی نے 2334 امیدواروں میں سے 610 کو تحریری امتحان میں کامیاب قرار دیا، جبکہ پیرا نے خود اشتہار جاری کر کے امیدواروں کو امتحان اور انٹرویو کے لیے پی پی ایس سی کو بھجوایا۔ درخواست گزار 30 جولائی کو عدالت پہنچے، جبکہ پی پی ایس سی 27 جولائی کو ہی تحریری امتحان مکمل کر چکا تھا۔ عدالت نے درخواست ابتدائی مرحلے پر ہی خارج کرتے ہوئے پنجاب حکومت اور پیرا کے بھرتی کے طریقہ کار کو قانونی تحفظ فراہم کر دیا۔ فیصلے میں پیرا کے خود مختار اختیار اور پی پی ایس سی کے کردار کو تسلیم کیا گیا، جس سے بھرتیوں کے عمل میں شفافیت اور میرٹ کے تقاضے پورے ہوتے

بقیہ 27 بقیہ جات

کی نمائندگی کرنے والی عالمی تنظیم جی ایس ایم اے نے پاکستان کو خبردار کیا کہ باوجود اس کے کہ پاکستان کے پاس صلاحیت، عزم اور "ڈیجیٹل پاکستان" کا وژن موجود ہے، اگر ٹیلی کام پالیسی میں فوری اصلاحات نہ کی گئیں تو پاکستان خطے کے دیگر ممالک سے پیچھے رہ جائے گا، یہ تاخیر سرمایہ کاروں کو دور کر سکتی ہے اور بالآخر صارفین کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ جی ایس ایم اے کے ہیڈ آف ایشیا پیسفک جولیان گورمین نے "جی ایس ایم اے ڈیجیٹل نیشن سمٹ 2025" کے بعد میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ملک کا ٹیلی کام سیکٹر ضرورت سے زیادہ ٹیکسیشن، محدود اسپیکٹرم دستیابی اور طویل المدتی پالیسی کے فقدان کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلی کام ٹیکسیشن میں اصلاح ممکن ہے، حتیٰ کہ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت بھی، جیسا کہ ارجنٹائن کی مثال موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر فوری اصلاحات نہ کی گئیں تو سرمایہ کار دیگر مارکیٹوں کا رخ کر لیں گے، اسی طرح فری لانسرز، جو پاکستان کی افرادی قوت کا اہم حصہ ہیں، قابل اعتماد انٹرنیٹ اور بجلی کے بغیر ترقی نہیں کر سکتے۔ گورمین نے اسپیکٹرم کی بڑھتی ہوئی طلب پر زور دیتے ہوئے حکومت سے اسپیکٹرم کے استعمال اور دستیابی کے فرق کو ختم کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے ڈیجیٹلائزیشن کی سست رفتاری کی طرف بھی اشارہ کیا اور خبردار کیا کہ دنیا میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور دیگر ٹیکنالوجیز تیزی سے ترقی کر رہی ہیں اور پاکستان ایک نازک موڑ پر کھڑا ہے۔ انہوں نے سیٹلائٹ پر مبنی انٹرنیٹ کو اپنانے کی رفتار بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا اور اسے معاشی ترقی، آئی ٹی سیکٹر اور مجموعی سماجی ترقی کے لیے انتہائی اہم قرار دیا۔ جی ایس ایم اے نے "ڈیجیٹل ٹرسٹ" قائم کرنے کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ چاہے ذاتی شناخت ہو یا مالیاتی ڈیٹا، صارفین کو محفوظ محسوس ہونا چاہیے، ایک محفوظ ڈیجیٹل ماحول ناگزیر ہے۔ سمٹ میں جی ایس ایم اے نے اپنی رپورٹ بعنوان "پاکستان کی ڈیجیٹل صلاحیت کو کھولنا: اصلاحات، اعتماد اور مواقع" جاری کی، جس میں بتایا گیا کہ پاکستان 5 جی ٹیکنالوجی کے نفاذ میں ایشیا پیسفک کے دیگر ممالک سے پیچھے ہے، جب کہ یہ ممالک اس ٹیکنالوجی کو اسمارٹ شہروں، صنعتی آٹومیشن اور شمولیتی ڈیجیٹل ترقی کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ رپورٹ میں نشاندہی کی گئی کہ پاکستان میں 5 جی کا نفاذ تعطل کا شکار ہے اور یہ کہ 5 جی صرف رفتار کے بارے میں نہیں بلکہ یہ حقیقی وقت کی سروسز اور معاشی تبدیلی کو ممکن بناتا

بقیہ 28 بقیہ جات

تیل کے مقابلے میں سستے متبادل کی طرف منتقل ہو رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق 5 لاکھ بیرل پر مشتمل ہلکے میٹھے کروڈ کارگو کی اس ماہ کے آخر میں لوڈ ہونے اور ستمبر کے آخر تک کراچی پہنچنے کی توقع ہے، تاہم اس تیل کی قیمت فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکی۔ یہ خریداری امریکی خام تیل کی درآمد کیلئے پاکستان کے پہلے معاہدے کے بعد ہوئی ہے، جس کے تحت سینر جیکو، وٹول کی سپلائی کردہ امریکی تیل کو درآمد کرے گا، جو اکتوبر میں پاکستان پہنچے گا۔ تاہم، دیگر ایشیائی ریفائنرز کے ساتھ ساتھ، پاکستان کی صنعت نے بھی حالیہ مہینوں میں مشرق وسطیٰ سے تیل کی سپلائی مہنگی ہونے کے بعد، یو ایس ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ اور قازق سی پی سی بلینڈ سمیت دیگر جگہوں سے سپلائی میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ کیپلر کے اعداد وشمار کے مطابق 2014 اوائل میں، پاکستان نے نائجیرین یو ہو کروڈ درآمد کیا تھا، لیکن ملک کبھی کبھار بونی لائٹ کی خریداری کر رہا ہے، جو زیادہ مقدار میں پیٹرول اور ڈیزل فراہم کرنے کے لیے جانا جاتا

بقیہ 29 بقیہ جات

ان عوام کو تمام سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے عوامی مقامات پر سیکورٹی اور ٹریفک انتظامات مزید بہتر بنانے اور شہری تنظیموں کو ریلیوں وتقریبات میں بھرپور معاونت فراہم کرنے کی بھی ہدایت دی۔ پنجاب کے شہروں اور دیہات میں گھروں پر قومی پرچم لہرانے کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ گاڑیاں، موٹر سائیکلیں، رکشے، ٹرالیاں اور ٹرک خوبصورتی سے سجائے گئے ہیں۔ سرکاری ونجی عمارتیں، پارکس، بازار، شاہراہیں اور چوک جھنڈوں، جھنڈیوں اور برقی قمقموں سے جگمگا رہی ہیں۔ لاہور، راولپنڈی، مری، جھنگ، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، اٹک سمیت دیگر شہروں میں چراغاں کے خوبصورت مناظر شہریوں کے لیے دلکشی کا باعث بن رہے ہیں، جبکہ فیصل آباد، خانیوال، ملتان، بہاولپور، سرگودھا اور دیگر علاقوں میں بھی تقریبات کا سلسلہ زور وشور سے جاری

بقیہ 30 بقیہ جات

اور اب ملک کے لیے ایک بہترین آپشن کے طور پر سامنے آئے گی تاکہ موجودہ فرسودہ نظام سے نجات حاصل کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نوکریوں اور مستقبل سے مایوس ہیں، تعلیم کے دروازے غریب پر بند ہیں، طبقاتی نظام نے معاشرتی تقسیم کو بڑھا دیا ہے اور تعلیم یافتہ نوجوان بھی بے روزگار ہیں۔ ملک میں مخصوص طبقہ جمہوری آزادی سلب کرتا ہے، مزدور کے آئینی حقوق کاغذوں تک محدود ہیں، 10 فیصد مزدور بھی رجسٹرڈ نہیں، اور کوئی سیاسی جماعت ان کی حقیقی ترجمانی نہیں کرتی۔ امیر جماعت اسلامی نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو قوم کو بھکاری بنانے کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ کسان اور خواتین مزدور بدترین استحصال کا شکار ہیں، ٹھیکیداری نظام میں خواتین کو بنیادی ملازمت کے حقوق تک میسر نہیں۔

بقیہ 31 بقیہ جات

عام آدمی کو اس پر اعتبار نہیں رہا۔ پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صبح ایک بندہ اٹھ کر کہہ دیتا ہے آج ہم احتجاج کریں گے، ساری لیڈرشپ اڈیالہ جاتی ہے اور کھانے کھا کر واپس آ جاتی ہے لیکن عام کارکن پس رہا ہے اور یہ سلسلہ کب تک چلتا ہے اس کا علم نہیں، ان سے سیاست ہو رہی ہے اور نہ وکالت۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن جس طرح الیکشن کرواتا ہے اس کیلئے آپ کو ہندوستان کے راہول گاندھی والا لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیے تھا، جس میں انہوں نے الیکشن کمیشن کے خلاف ثبوت پیش کیے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے اندر ایک غیر یقینی کیفیت ہے، عوام میں اور حکومت میں فاصلہ بہت بڑھ چکا ہے، ایسے حالات میں کوئی ایک بھی واقعہ چنگاری کا کام کر سکتا ہے۔ آئی پی پی کے رہنما نے کہا کہ جب آپ تحریک چلاتے ہیں تو اس سے پہلے بھی سات آٹھ مراحل ہوتے ہیں لیکن یہاں کوئی تیاری نہیں ہوتی، بانی پی ٹی آئی تو جیل میں ہیں اور ان کو یہی بتایا جاتا ہے کہ باہر کارکنان سرگرم

بقیہ 32 بقیہ جات

نقل مکانی کی اپیل کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فورسز کی جانب سے جمعرات 31 جولائی کو شروع کی گئی اس کارروائی کی وجہ سے علاقے میں معمولات زندگی مسلسل مفلوج ہے۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ خاص طور پر رات کے وقت شدید فائرنگ اور دھماکوں کی آوازیں سنائی دیتی ہیں، جس کے باعث انہیں خوف ودہشت کا سامنا ہے۔ انہیں مسلسل فوجی کارروائی اور محاصرے کی وجہ سے انہیں خوراک، پانی اور ادویات کی بھی شدید قلت کا سامنا ہے۔ اکھل کے رہائشی مبارک کھانڈے نے میڈیا کو بتایا کہ گزشتہ 8 دنوں سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ فائرنگ اور بم دھماکے پوری رات جاری رہتے ہیں۔ انکے گھروں میں راشن ختم ہو چکا ہے۔ خواتین اور بچے خوفزدہ ہیں اور کئی افراد ذہنی دباؤ کا شکار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم کئی دنوں سے سو نہیں سکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خانہ بدوش گوجر قبائل کے پاس بھی اب اناج ختم ہو چکا ہے۔ مقامی پنچایت اہلکار شیخ محبوب نے بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو خوراک، پانی اور ادویات کی شدید قلت کا سامنا ہے۔ مسلسل فائرنگ اور دھماکوں کی آوازوں سے بچے اور بزرگ سب خوف ودہشت کا شکار ہیں۔ بھارتی فوجی علاقے میں جنگی ہیلی کاپٹر اور ڈرونز استعمال کر رہے ہیں جس کی وجہ سے اکھل گاؤں میں جنگ کا سا ماحول قائم

بقیہ 33 بقیہ جات

کمیٹی ومنتظمین ادارہ کو مبارکباد، محکمہ مذہبی امور کی جانب سے گزشتہ دنوں تحصیل کی سطح پر مختلف مدارس سکولز و دینی اداروں کے طلباء وطالبات کے درمیان

حسن قراءت، نعت خوانی، تقاریر وغیرہ کے مختلف کیٹیگریز کے مقابلہ جات منعقد کیے گئے۔ مختلف مقابلوں کی جانچنے کیلئے جید قراء حضرات، خطباء ونعت خوان حضرات کو بطور جج مقرر کیا گیا۔ مقابلوں میں مختلف دینی اداروں، سکولز کے سینکڑوں طلبا وطالبات نے حصہ لیا۔ ان مقابلہ جات میں جامع مسجد شریف حمام والی کے مدرسہ رابعہ البنات کی طالبات نے شاندار کامیابیاں حاصل کیں۔ 16 سال سے زائد عمر کی قاریات کے مقابلہ میں مدرسہ رابعہ البنات کی قاریہ کرن بنت عبدالقیوم نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ 16 سال سے کم عمر کی قاریات کے مقابلہ میں مدرسہ رابعہ البنات کی طالبات زینب بنت اعجاز اور عائشہ بنت عبداللطیف نے مشترکہ طور پر دوسری پوزیشن حاصل کی۔ 16 سال سے کم عمر کی طالبات کے تقریری مقابلہ میں مدرسہ رابعہ البنات کی طالبہ نیہا مستحسن دختر مستحسن شریف قریشی نے پہلی پوزیشن حاصل کی، جبکہ 16 سال سے زائد عمر کی طالبات کے تقریری مقابلہ میں مدرسہ رابعہ البنات کی طالبہ عیشا زاہد نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ اس طرح 16 سال سے زائد عمر کی طالبات کے نعت خوانی کے مقابلہ میں مدرسہ رابعہ البنات کی طالبہ منیبہ حمید بنت عبدالحمید نے اول پوزیشن حاصل کی۔ مقابلوں میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر اہل محلہ، والدین نے ادارہ کے منتظمین انتظامیہ مسجد کمیٹی کو خراج تحسین پیش کیا۔ محکمہ مذہبی امور کی جانب سے کامیاب طلباء/ طالبات کے درمیان اب ضلعی سطح پر مقابلہ جات کا انعقاد کیا جائے

بقیہ 34 بقیہ جات

جنتا پارٹی کی مدد کر رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق راہل گاندھی نے نئی دہلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن بی جے پی کی مدد سے ووٹ چوری میں ملوث ہے، شفافیت سے انکار اور ثبوت مٹا رہا ہے، جس سے ملک میں جمہوریت خطرے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹر فہرستوں میں بڑے پیمانے پر جعلی ووٹروں کا اندراج کیا گیا ہے اور حالیہ انتخابات کے نتائج میں ہیرا پھیری کے ذریعے بی جے پی کو فائدہ پہنچایا گیا ہے۔ انہوں نے بھارت میں حال ہی میں منعقد ہونے والے انتخابات کی ساکھ پر بھی سوال اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اور بھارت بھر کے کروڑوں لوگوں کو شبہ تھا کہ دال میں کچھ کالا ضرور ہے۔ اوپینین پول اور ایگزٹ پول کچھ کہتے تھے تاہم نتائج کچھ اور آتے تھے۔ مدھیہ پردیش، ہریانہ، مہاراشٹر کے انتخابات کے نتائج اس کی واضح مثال ہیں۔ الیکشن کمیشن نے حالیہ انتخابات کے بعد دعویٰ کیا کہ ساڑھے پانچ بجے کے بعد بڑی تعداد میں لوگوں نے ووٹ ڈالے جبکہ ہمارے پولنگ بوتھ کے ورکرز نے بتایا کہ کوئی ووٹنگ نہیں ہوئی۔ الیکشن کمیشن جب پولنگ اسٹیشنوں کے باہر کی ویڈیوز طلب کی گئی تو جواب دیا گیا۔ ویڈیوز 15 دن کے بعد ڈیلیٹ کر دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرانک مشینوں کے ذریعے ووٹ ڈالنے سے قبل بھارت بھر میں ایک دن پولنگ ہوتی تھی۔ مگر اب الیکٹرانک ووٹنگ مشین کے باوجود مہینوں تک یہ عمل جاری رہتا ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ مہاراشٹر میں گزشتہ پانچ مہینوں میں جتنے ووٹروں کا اندراج کیا گیا ہے اتنا گزشتہ پانچ سال میں نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ لوک سبھا میں ہمارا اتحاد فتح حاصل کرتا ہے لیکن اسمبلی انتخابات میں ہمیں شکست ہو جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب الیکشن کمیشن سے ایک کروڑ ووٹروں کے اندراج کی تفصیل طلب کی گئی تو کوئی جواب نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن ملک بھر میں ووٹ چوری کا ثبوت مٹانا چاہتا ہے۔ وہ بی جے پی کی مدد کر کے انتخابی نظام کو تباہ کر رہا ہے۔

بقیہ 35 بقیہ جات

پر دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ دعائیہ تقریب میں عزیز واقارب، اہل محلہ، سرکاری وغیر سرکاری شخصیات، علماء کرام اور سماجی کارکنوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے مرحوم کی طرف سے مسجد اور مدرسہ کی تعمیر کے لیے وقف کی گئی زمین کو ایک عظیم صدقہ جاریہ قرار دیا اور مرحوم کی دینی وسماجی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ علماء کرام نے اپنے خطاب میں کہا کہ دینی اداروں کے قیام کے لیے زمین کا وقف کرنا نہ صرف نیک عمل ہے بلکہ یہ قیامت تک جاری رہنے والا صدقہ جاریہ ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم راجہ عزیز خان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل

بقیہ 36 بقیہ جات

ل پر لگانے کا اعلان کر دیا۔ بیس کیمپ حکومت مہاجرین کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ نہیں۔ حقوق کی بازیابی کے لیے قانون ساز اسمبلی کے سامنے بھوک ہڑتالی احتجاجی کیمپ لگانے کا اعلان۔ مہاجرین نمائندگان مہاجرین جموں کشمیر 1989 کی ورکنگ کمیٹی نے ڈویژنل کمشنر مظفرآباد چوہدری محمد گفتار سے ملاقات کی۔ مہاجرین راہنماؤں نے کمشنر مظفرآباد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ "مہاجرین جموں کشمیر 1989" کی بیس کیمپ میں حالت زار انتہائی ناگفتہ بہ ہو چکی ہے۔ مہاجرین کو درپیش سنگین نوعیت کے مسائل کے حل کے سلسلے میں ایک جامع چارٹر آف ڈیمانڈ جناب وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں کشمیر چوہدری انوار الحق، وزرائے کرام اور جناب چیف سیکرٹری کو پہنچائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیڑھ سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود مہاجرین کو ہر سطح پر نظرانداز کرنے، دیوار سے لگائے رکھنے اور حقوق سے محروم رکھے جانے کی ظالمانہ پالیسیوں کا تسلسل جاری ہے۔ مہاجرین راہنماؤں نے کمشنر کو بتایا کہ مہاجرین جموں کشمیر 1989 گزشتہ بیس دنوں سے مہاجر بستیوں میں حقوق کیلئے پُرامن احتجاجی تحریک جاری رکھے ہوئے ہیں لیکن بیس کیمپ حکومت نے تاحال کوئی نوٹس لینے کی زحمت گوارہ نہیں کی ہے۔ مہاجرین راہنماؤں نے کہا کہ اب کشمیری مہاجرین 1989 نے فیصلہ کیا ہے کہ پُرامن احتجاجی تحریک کو مظفرآباد سمیت دیگر شہروں کی سڑکوں پر لایا جائے گا۔ مہاجرین نے کہا کہ سڑکوں پر نکلنے، مہاجرین کو سڑکوں پر لانے سے پیدا ہونے والے حالات کے نتائج کی ساری ذمہ داری آزاد کشمیر حکومت پر ہو گی۔ مہاجرین ورکنگ کمیٹی نے ڈویژنل کمشنر کو ایک یادداشت پیش کی جس میں مندرجہ ذیل مسائل کے حل کیلئے فوری فیصلوں کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 37 بقیہ جات

بالخصوص پلاسٹک آلودگی سے متعلق ایک بین الاقوامی قانونی طور پر پابند معاہدہ کی تیاری کے لیے بین الحکومتی مذاکراتی کمیٹی کے پانچویں اجلاس کے دوسرے حصے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا، جو آئندہ ہفتے سوئٹزرلینڈ میں منعقد ہوگا۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے اس امر پر زور دیا کہ ترقی پذیر ممالک، بشمول پاکستان کے لیے عالمی ماحولیاتی معاہدوں میں رسائی، استطاعت اور پائیداری کو یقینی بنایا جانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی معاہدوں پر موقف طے کرتے وقت ممالک کے سماجی ومعاشی حقائق اور عوامی ضروریات کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت اور اس کے نمائندوں کی بنیادی ذمہ داری عوام کے حقوق، روزگار اور فلاح وبہبود کا تحفظ ہے۔ وفاقی وزیر نے قطری سفیر کو حکومت پاکستان کی مجوزہ گرین اسٹارٹ اپس انیشی ایٹو کے بارے میں بھی آگاہ کیا، جو وزیراعظم کے پائیدار ترقی اور سبز انقلاب کے وژن کے تحت تشکیل دیا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت نوجوان کاروباری افراد کو ماحولیاتی لحاظ سے موافق منصوبے شروع کرنے میں معاونت فراہم کی جائے گی، انہیں بین الاقوامی سرمایہ کاروں سے جوڑا جائے گا اور نوجوانوں کو ملکی معیشت میں مؤثر کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے منصوبے کو عالمی سطح تک پہنچانے کے لیے بین الاقوامی تنظیموں اور غیر ملکی حکومتوں سے مشاورت کی ضرورت پر زور دیا۔ قطری سفیر نے فیفا ورلڈ کپ 2022 کے دوران پاکستان کی سیکورٹی معاونت کو سراہا اور کہا کہ پاکستان قطری عوام کے دلوں میں خصوصی مقام رکھتا ہے۔ انہوں نے ماحولیاتی اقدامات، تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں فریقین نے ماحولیاتی پائیداری

اقتصادی شراکت داری اور عوامی روابط کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی ہم آہنگی کی سیکرٹری محترمہ عائشہ حمیرا اور وزارت خارجہ میں اقوام متحدہ کے امور کے لیے خصوصی سیکرٹری جناب نبیل منیر بھی اجلاس میں موجود

بقیہ 38 بقیہ جات

تی ایک کار فلائی اوور سے اترتے ہوئے تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی اور پھر بے قابو ہو کر سڑک کنارے موجود ریڑھی بانوں پر چڑھ گئی۔ واقعے میں 25 سالہ غلام اور 24 سالہ رمضان موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ 28 سالہ امیر اور 24 سالہ شاہد کو شدید زخمی حالت میں جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ان کی حالت تشویشناک ہے۔ پولیس نے حادثے کے ذمہ دار ڈرائیور کی تلاش کے لیے کارروائی شروع کر دی

بقیہ 39 بقیہ جات

ٹاؤن، میاں شاہد محمود نے پاکستان کی نمائندگی بطور آفیشل مبصر کے کی۔ اس عالمی مقابلے میں آذربائیجان، ترکیہ، پاکستان، ازبکستان، قطر، سری لنکا، ایران، متحدہ عرب امارات اور ویتنام سے تعلق رکھنے والے ماہرین وکلیری اسٹوڈنٹس نے شرکت کی۔ چیمپئن شپ کا اہتمام آذربائیجان شیفس گلڈ اور باکو کلیری ایسوسی ایشن کے اشتراک سے کیا گیا، جس کا مقصد علاقائی ذائقوں کو فروغ دینا اور باصلاحیت نوجوان شیفز کو عالمی پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔ پاکستانی وفد نے تکنیکی مہارت، پیشہ ورانہ نظم وضبط اور جدت پسندی سے بین الاقوامی ججز کو متاثر کیا۔

بقیہ 40 بقیہ جات

افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ 41 بقیہ جات

میں ڈائریکٹر لیگل افیئرز کی ایک آسامی پر 142 امیدوار انٹرویو امتحان میں کامیاب ہوئے، جن میں عائشہ صدیقہ، طاہرہ صادق، آمنہ سعید، شہریار اور زہیرہ فاروق شامل ہیں۔ اسی محکمے میں ڈائریکٹر ایڈمن و فنانس کی ایک آسامی پر 38 امیدوار انٹرویو میں کامیاب قرار پائے، جن میں عطشی عبدالرزاق، حبیب الرحمن، محمد افتخار، آصف علی اور سلطان احمد شامل ہیں۔ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ میں سوشل ویلفیئر آفیسر کی دو آسامیوں پر فرقان احمد اور محمد مجاہد فائنل طور پر کامیاب قرار پائے۔

بقیہ 42 بقیہ جات

اتر نے کی بنیاد پر 72 امیدواروں کی درخواستیں مسترد کردی گئیں۔ ذرائع نے بتایا کہ لاہور کے 60 سکولوں میں ہیڈز کی تعیناتی میرٹ کی بنیاد پر کی جائے گی، جس کے لیے 128 امیدوار اہل قرار دیے گئے ہیں۔ اس حساب سے ہر سیٹ کے لیے تقریباً دو امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ اہل امیدواروں کا آن لائن ٹیسٹ 22 جولائی کو گورنمنٹ کیپری ہینو گرلز ہائی سکول، وحدت روڈ لاہور میں منعقد ہوگا۔ دھرنا اہل قرار پانے والے کنٹریکٹ اور AEO اساتذہ نے مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم برسوں سے نظام تعلیم کا حصہ ہیں، لیکن اب ہمیں ہیڈز کے لیے نااہل قرار دینا سمجھ سے بالاتر ہے۔

بقیہ 43 بقیہ جات

میں دستیاب ہوں گی۔ چیئرمین پنجاب آئی ٹی بورڈ فیصل یوسف نے کہا کہ یہ نظام شفافیت اور شہری سہولت کی بہترین مثال ہے، جس نے روایتی پیچیدگیوں کا خاتمہ کر دیا ہے۔ ان کے مطابق عوام اب آسانی سے رجسٹریشن اور بولی میں شرکت کر سکتے ہیں، اور یہ سسٹم کرپشن کے خاتمے میں مؤثر کردار ادا کرے

بقیہ 44 بقیہ جات

جائے گی، جس سے وسطی لاہور کے نچلے آباد علاقوں میں نکاسی آب کا دیرینہ مسئلہ حل ممکن ہو سکے گا۔ اس منصوبے سے تقریباً 25 لاکھ شہری براہ راست مستفید ہوں گے، جبکہ شہر میں قائم 22 سے زائد ڈسپوزل اسٹیشنز بند کر دیے جائیں گے، جس سے وسائل کی خاطر خواہ بچت ممکن ہوگی۔ پائپ کی تیاری جدید ورٹیکل اسپننگ مشین سے کی جائے گی، جس سے پائپ کی عمر 100 سال سے زائد ہو جائے گی۔ منصوبے کی پلاننگ اور ڈیزائن معروف امریکی کنسلٹنٹ EngineeringEBA نے تیار کیا ہے۔ منصوبے کا باضابطہ آغاز جلد متوقع ہے اور اس کی تکمیل جون 2028 تک کی جائے گی، جس کے بعد سیوریج نظام کو بابو صابو ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ سے منسلک کر دیا جائے گا۔ حکام کے مطابق یہ منصوبہ لاہور کے سیوریج نظام کے لیے ایک گیم چینجر ثابت

بقیہ 45 بقیہ جات

یہی وجہ ہے کہ ان کو ویمن یونیورسٹی کو دو کروڑ کے قریب ریسرچ گرانٹ بھی ملی ہے، ویمن یونیورسٹی جنوبی پنجاب میں خواتین کی اعلیٰ تعلیم کی ترقی اور اسٹریٹجک ترقی کا استعارہ بن چکی ہے یونیورسٹی کو حکومتی سرپرستی کی بڑی ضرورت ہے کہ طالبات کی روز بروز بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر نئے مضامین متعارف کرائے جا رہے ہیں مگر انفراسٹرکچر کے مسائل ہیں جس میں حکومت اپنا کردار ادا کرے، سیدہ سکینہ نے یونیورسٹی کی کامیابیوں اور خطے کی خواتین کے مستقبل کی تشکیل میں اس کے کردار کو سراہتے ہوئے ادارے کی ترقی اور پائیدار ترقی کے لیے اپنی مکمل حمایت یقین دلایا اور کہا کہ ویمن یونیورسٹی کی ترقی اور اس کے مسائل بارے اعلیٰ حکام کو رپورٹ دی جائے گی اور ترجیح بنیاد پر یونیورسٹی کے مسائل کو حل کیا جائے گا۔

بقیہ 46 بقیہ جات

افسر پر مارٹن بجارٹن BjartanMartinPer اور ڈپٹی پولیس آفیسر صغیر افضل نے بتایا کہ ...

منی لانڈرنگ کے خاتمے کے لئے ایک پیج پر ہیں۔ سائبر کرائم اور ڈیجیٹل فراڈ کے بڑھتے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لئے ناروے پولیس سے ٹریننگ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ناروے سمیت غیر ملکی شہریوں کی سیکیورٹی پنجاب پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سپیشل پروٹیکشن یونٹ صوبہ بھر میں غیر ملکی شہریوں کی سیکیورٹی کے فرائض جانفشانی سے سرانجام دے رہا ہے۔ انسداد جرائم اور پبلک سروس ڈلیوری میں آئی ٹی بیسڈ پولیسنگ کو فروغ دے رہے ہیں۔ پنجاب پولیس کی استعداد کار میں اضافہ کیلئے باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق رائے ہوا، آئی جی پنجاب نے وفد کے سربراہ کو پنجاب پولیس کے قانون کی اپ گریڈیشن پر مبنی خصوصی کتاب "تھانے پنجاب دے" پیش کی جبکہ وفد نے آئی جی انسپکشن شائستہ ندیم کو سووینئر پیش کیا۔

بقیہ 47 بقیہ جات

آزادی کی قدر وہی قومیں جان سکتی ہیں جو غلامی کے اندھیروں سے نکل کر آزادی کی روشنی میں داخل ہوئی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی صرف ایک تاریخی دن نہیں بلکہ قومی خودمختاری، ثقافتی تشخص اور باہمی اتحاد کی علامت ہے۔ 14 اگست ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اس وطن کے حصول کے لیے ہمارے آباؤ اجداد نے عظیم قربانیاں دی تھیں۔ ملک کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں کے تحفظ کے لیے نوجوان نسل کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ نوجوان تحریک آزادی کی اصل روح کو سمجھیں اور پاکستان کے روشن مستقبل کی تعمیر میں بھرپور کردار ادا کریں۔ تقریب میں سینئر پروگرام منیجر غلام حسین، اسسٹنٹ جنرل منیجر محمد حسنین، اور الخدمت کے مطابق آئی ٹی کے ممبران علی وحید، عادل، عمران، منہاج، حمزہ، عدیل، ابوبکر، فہد سمیت دیگر شریک تھے۔

بقیہ 48 بقیہ جات

اور روزگار کے مواقع دے کر بااختیار بنانا ہوگا کیونکہ تعلیم ہی ملکی ترقی کی ضمانت ہے۔ صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت کا مقصد بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 15 اقلیتی طلباء کو سول سروس اکیڈمی بھیجا گیا ہے جو جلد اعلیٰ سرکاری امتحانات میں حصہ لیں گے۔ انہوں نے اقلیتی طلباء کو اسکالرشپس فراہم کرنے پر صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد کا شکریہ ادا کیا۔ صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد نے کہا کہ ہم ہر طالب علم کے لیے تعلیم اور کامیابی کے یکساں مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ پبلک پالیسی اصلاحات کے ذریعے اقلیتی کمیونٹی کو بااختیار بنایا جا سکتا ہے اور بین الثقافتی قیادت معاشرتی فاصلہ کم کرتی ہے۔ ریکٹر یو ایم ٹی ڈاکٹر آصف رضا نے کہا کہ یو ایم ٹی ہر سال طلباء کو اربوں روپے کے اسکالرشپس فراہم کرتی ہے تاکہ کوئی بھی ہونہار طالب علم مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 49 بقیہ جات

11، لکی مروت اور ایبٹ آباد میں 4،4، جبکہ ڈیرلوئر میں 3 سکول شامل ہیں۔ اس کے علاوہ نوشہرہ میں 4، ضلع خیبر اور مردان میں ایک، ایک سکول کو اس پروگرام کا حصہ بنایا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق ڈبل شفٹ پروگرام میں لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کے سکول شامل کیے گئے ہیں تاکہ تمام بچوں کو مساوی تعلیمی مواقع فراہم کیے جا سکیں، محنت مشقت کرنے والے بچے بھی اب سہ پہر کے اوقات میں تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ محکمہ تعلیم نے متعلقہ حکام کو بچوں کے داخلے کیلئے کام کو مزید تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے، اس وقت تک صوبے کے مختلف اضلاع میں 1000 سے زائد سکولوں میں ڈبل شفٹ پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔ یہ اقدام خیبرپختونخوا حکومت کی جانب سے تعلیم کے فروغ اور سکول سے باہر بچوں کو تعلیمی نظام میں شامل کرنے کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 50 بقیہ جات

فروخت 184.37 روپے، کینیڈین ڈالر 206.12 روپے اور جاپانی ین 1.91 روپے فی یونٹ رہی۔ سعودی ریال 75.44 روپے، اماراتی درہم 77.08 روپے اور کویتی دینار 927.21 روپے میں دستیاب رہا۔ کرنسی ڈیلرز کے مطابق عالمی منڈی میں اتار چڑھاؤ اور درآمدی دباؤ کے باعث کرنسی ریٹس میں معمولی رد وبدل جاری ہے۔

بقیہ 51 بقیہ جات

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری اور وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بارڈر ایریا میں پھنسے زائرین کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کمیٹی کو بتایا گیا کہ حکومت زمینی راستوں سے جانے والے زائرین کو ایئرٹکٹس پر سبسڈی فراہم کرے گی، بارڈر ایریا میں پھنسے زائرین کو کلیئر کروایا جائے گا، حکومت نے وفد کو یقین دہانی کرا دی، سالانہ زائرین کو بسوں کی مد میں لی جانے والی پینلٹیز بھی واپس کریں گے، مذاکرات کمیٹی میں سیکرٹری جنرل شیعہ علما کونسل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی اور مولانا اظہر نقوی شامل تھے مذاکراتی کمیٹی چیئرمین ایم ڈبلیو ایم علامہ احمد اقبال رضوی اور آغا باقر زیدی شامل تھے۔

اشتہار شوروغوغا



ایک ڈیڈ باڈی اسم ومسکن نامعلوم جو کہ مورخہ 8/8/2025 بوقت 2/15 بجے دن گیٹ نمبر 1 گریٹر اقبال پارک بالمقابل بیلٹ سے ملی ہے اسم ومسکن نامعلوم ہے۔

حلیہ: عمر تقریباً 45/46 سال منہ لبوسرہ آنکھیں بندو نہ کھلا ہوا قد تقریباً 5/6 بٹ جسم پتلا داڑھی رکھی ہوئی گرے کلر کی قمیض پہنی ہوئی جس کو اس کے بارے میں علم ہو یا پتہ ہو ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔

SHO لاری اڈا 0333-4026250

محرر تھانہ لاری اڈا 0300-4999812

غلام ربانی سب انسپکٹر تھانہ لاری اڈا 0308-7771775

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 1 شمالی

متوفی لیاقت علی ولد نواب علی محمود

وارثان نواب علی محمود والد منی بیگم والدہ اختری بیگم زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ

زندہ عطا محمد، امان اللہ پسران، مہر النساء دختر متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع رتو کالا

متوفی اللہ دتہ ولد خان محمد

وارثان سرداراں بی بی والدہ خان محمد والد، بشیراں بی بی دختر متوفی پہلے فوت شدہ

زندہ محفوظہ الرحیم بیوہ، محمد حفیظ اللہ، محمد عزیز اللہ، محمد رمیض اللہ، محمد مستفیض اللہ، محمد فیض اللہ پسران، عفیہ یاسمین، عروسہ یاسمین دختران متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع ... منڈی

... فوت شدہ ... اللہ، محمد وسیم ... ان کے ... یوم کے ... وضاحت ... تصدیق کر دیا ... قبول نہ ...

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع ... منڈی

... اختری بیگم ... دختر متوفی ... رکھتا ہے۔ تو ... پیش ہو کر ... وراثت ... عذر قابل ... جاری ہوا۔

اربعین مارچ موخر، حکومت اور ایم ڈبلیو ایم میں 7 نکاتی معاہدہ طے پا گیا

حکومت اس سال کے مخصوص حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کرنے پر مجبور ہوئی، طلال چوہدری

اربعین مارچ ملتوی کر دیا گیا ہے اور اب احتجاجی سرگرمیوں کے بجائے مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کیے جائیں گے، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) حکومت، شیعہ علما کونسل اور مجلس وحدت مسلمین (ایم ڈبلیوایم) کے درمیان 7 نکاتی ایجنڈے پر اتفاق ہوگیا، جس کے بعد اربعین مارچ کا فیصلہ موخر کردیا گیا ہے۔ مجلس وحدت المسلمین (ایم ڈبلیوایم) نے اربعین مارچ ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ حکومت نے مذاکرات کے لیے اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے، جس میں ایم ڈبلیوایم اور شیعہ علما کونسل کے اراکین بھی شامل ہوں گے۔ ملت جعفریہ مذاکراتی کمیٹی نے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری اور وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری سے ملاقات کی، ملاقات میں بارڈر ایریا میں پھنسے زائرین کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ نمبر51)

پاکستان کی تاریخ کا پہلا ٹنل بورنگ سیوریج منصوبہ حتمی طور پر منظور کر لیا گیا

شہر میں قائم 22 سے زائد لفٹ اسٹیشنز بند کر دیے جائیں گے، 25 لاکھ شہری مستفید ہوں گے

ایکنک کی منظوری، لاہور میں زیر زمین ٹنل بورنگ سیوریج منصوبہ 2028 تک مکمل ہوگا، حکام

لاہور (زیڈ این این) شہریوں کی روزمرہ زندگی میں خلل ڈالے بغیر، لاہور میں پاکستان کی تاریخ کا پہلا ٹنل بورنگ سیوریج منصوبہ باضابطہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ ایگزیکٹو کمیٹی آف نیشنل اکنامک کونسل (ایکنک) نے منصوبے کی منظوری دے دی، جس میں چیئرمین پی اینڈ ڈی، سیکرٹری ہاؤسنگ اور ایم ڈی واسا نے زوم اجلاس کے ذریعے شرکت کی۔ منصوبے کے تحت لارنس کالونی سے گلشن راوی تک 32 کلومیٹر زائد سیوریج لائن بچھائی جائے گی، جس سے وسطی لاہور کے گنجان آباد علاقوں میں نکاسی آب کا دیرپا حل ممکن ہو سکے گا۔ اس منصوبے سے تقریباً 25 لاکھ شہری براہ راست مستفید ہوں گے، جبکہ شہر (بقیہ نمبر44)

لاہور: صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، ریکٹر یوایم ٹی ڈاکٹر آصف رضا، سیکرٹری انسانی حقوق فرید احمد تارڑ، یوایم ٹی میں ہفتہ مینارٹی کی مناسبت سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

یوایم ٹی میں اقلیتوں اور پاک فوج سے اظہارِ یکجہتی کے حوالے سے خصوصی سیمینار کا انعقاد

جلد اعلیٰ سطحی امتحانات پاس کر کے اقلیتی طلباء ملک و قوم کا نام روشن کریں گے، رمیش سنگھ اروڑہ

یو ایم ٹی ہر سال طلباء کو اربوں روپے کے سکالرشپس فراہم کرتی ہے، ریکٹر ڈاکٹر آصف رضا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یوایم ٹی) میں اقلیتوں اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب حکومت پنجاب کے ہفتہ اقلیتیں کے سلسلے کی ایک اہم کڑی تھی، جس میں صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں صدر یوایم ٹی ابراہیم حسن مراد، ریکٹر یوایم ٹی ڈاکٹر آصف رضا، سیکرٹری انسانی حقوق فرید احمد تارڑ، فیکلٹی ممبران، طلباء، اقلیتی برادری کے نمائندگان اور حکومتی شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے یوایم ٹی کے طلباء اور سٹاف کے ہمراہ ایک خصوصی واک میں حصہ لیا، جس میں مختلف بینرز پر "پاک فوج زندہ باد" اور "پاکستان زندہ باد" کے نعرے درج تھے۔ واک کے دوران فضا پاکستان اور افواج پاکستان کے حق میں نعروں سے گونج اٹھی۔ سیکرٹری انسانی حقوق فرید احمد تارڑ نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے تعلیم، قیادت اور ہنرمندی کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ اقلیتی نوجوانوں کو تعلیم (بقیہ نمبر48)

رکن صوبائی اسمبلی سیدہ سلمیٰ سعید کا ویمن یونیورسٹی ملتان کا دورہ،

ویمن یونیورسٹی جنوبی پنجاب میں خواتین کی اعلیٰ تعلیم کی ترقی اور اسٹریٹجک ترقی کا استعارہ بن چکی ہے کلثوم پراچہ

ملتان (خبر نگار) رکن صوبائی اسمبلی سیدہ سلمیٰ سعید کا ویمن یونیورسٹی ملتان کا دورہ، ترقیاتی فنڈز کیلئے یقین دہانی کرائی ترجمان کا کہنا ہے کہ رکن صوبائی اسمبلی سیدہ سلمیٰ سعید نے ویمن یونیورسٹی ملتان کو دورہ کیا اور وائس چانسلر ڈاکٹر کلثوم پراچہ سے ملاقات کی اس موقع پر یونیورسٹی کی فیکلٹی ممبران بھی موجود تھیں وائس چانسلر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ویمن یونیورسٹی جنوبی پنجاب کی واحد یونیورسٹی ہے جو تیزی سے ترقی کر رہی ہے اس میں ہونے والی ریسرچ کو ملکی اور غیر ملکی سطح پر سراہا جا رہا ہے، (بقیہ نمبر45)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان لاکھوں مسلمانوں کی قربانیوں کا نتیجہ ہے: ضیاء الدین انصاری

یومِ آزادی خود مختاری، ملی تشخص اور اتحاد کی علامت ہے، نوجوان نسل کو ملکی تعمیر و ترقی اور جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کا دفاع کرنا ہوگا

نوجوان تحریکِ آزادی کی اصل روح سمجھیں اور پاکستان کے مستقبل کی تعمیر میں اہم کردار ادا کریں، جشنِ آزادی کیک کاٹنے کی تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کے زیرِ اہتمام جشنِ آزادی کی مناسبت سے کیک کاٹنے کی تقریب سید مودودی اسلامک سنٹر میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں بنوقابل آئی ٹی سنٹر کے طلبہ و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ تھے جنہوں نے طلبہ کے ہمراہ جشنِ آزادی کا کیک کاٹا اور ان میں پاکستانی جھنڈے تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے قیامِ پاکستان کے مقاصد اور نظریہ پاکستان پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان لاکھوں مسلمانوں کی لازوال قربانیوں، شہادتوں اور جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ (بقیہ نمبر47)

نارویجن پولیس کے اعلیٰ سطحی وفد کی سنٹرل پولیس آفس آمد، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ملاقات

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ناروے پولیس کے اعلیٰ سطحی وفد نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری، اے آئی جی ایڈمن ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی، اے آئی جی انسپکشن شائستہ ندیم اور ایس پی انوٹی گیشن راولپنڈی صبا ستار سمیت سینئر افسران موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی چیف آف نارویجن پولیس کیٹل ہاکاس (HaukassKetil)، نارویجن پولیس چیف سپرنٹنڈنٹ ٹارکجیلڈ جیونی (Torkjeld Jevne)، عہدہ سنبھالنے والے نئے نارڈک رابطہ افسر بورج اینوکسن (EnoksenBorge)، سبکدوش ہونے والے نارڈک رابطہ (بقیہ نمبر46)

لاہور بزرگ شخص دریائے راوی کے پل پر صدقے کا گوشت فروخت کر رہا ہے

جامشورو، 8 سال تک جھونپڑی میں قائم سکول کی نئی عمارت تیار

جامشورو (این این آئی) جامشورو کی تحصیل مانجھند میں پرائمری سکول کی نئی عمارت نے طالب علموں کیساتھ ساتھ اساتذہ کو بھی خوش کر دیا۔ 8 سال تک یہ سکول ایک جھونپڑی میں قائم تھا جہاں بچے اور اساتذہ دونوں تھے لیکن بجلی، واش روم اور کوئی فرنیچر موجود نہیں تھا۔ صوبائی حکومت کی جانب سے تعمیر کردہ نئی عمارت میں بچے خوشی خوشی پڑھائی کیلئے آتے ہیں۔ یہ عمارت بننے کے بعد گاؤں کے لوگوں نے سکول کیلئے فرنیچر بھی دیا ہے۔ سات کمروں پر مشتمل سکول کی نئی عمارت میں واش روم، پنکھے اور فرنیچر بھی ہے جبکہ کھیلنے کیلئے ایک کمپاؤنڈ بھی ہے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سینئر افسران کے ہمراہ نارویجن پولیس وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

اسلام آباد، کتنے ہوٹلوں کو شراب فروخت کرنے کی اجازت ہے؟ تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے ہوٹلوں میں شراب کی فروخت سے متعلق تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دی گئیں۔ وزارت داخلہ کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کی گئی تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے 5 ہوٹلوں میں شراب فروخت کی قانونی اجازت ہے۔ قومی اسمبلی میں جمع کرائے گئے جواب میں کہا گیا کہ شراب کی فروخت کے ایل ٹو لائسنس کی فیس 5 لاکھ روپے مقرر ہے جبکہ سالانہ تجدید لائسنس کی فیس ایک لاکھ 50 ہزار مقرر ہے۔

کراچی: پریس کلب میں تحریک نسواں کی بانی شیما کرمانی مناریٹی نیشنل ڈے کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہی ہیں

میانوالی، کندیاں میں سی ٹی ڈی سے مقابلے میں 2 دہشتگرد ہلاک

قبضے سے رائفلیں، دستی بم، بارودی مواد، گولیاں اور دیگر اسلحہ برآمد ہوا

میانوالی (این این آئی) پنجاب کے ضلع میانوالی کے علاقے کندیاں میں سی ٹی ڈی کی ایک خفیہ اطلاع پر مبنی کارروائی کے دوران 2 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق، یہ کارروائی انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے تحت کی گئی، جس میں فورسز کو دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع ملی تھی۔ ترجمان سی ٹی ڈی نے بتایا کہ آپریشن کے دوران دہشت گردوں سے شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں دو دہشت گرد موقع پر ہی مارے گئے، جبکہ دیگر چھ دہشت گرد اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ ترجمان کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے رائفلیں، دستی بم، بارودی مواد، گولیاں اور دیگر اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ فرار ہونے والے دہشت گردوں کی تلاش کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے، اور قریبی مقامات کی نگرانی سخت کر دی گئی ہے۔

راولپنڈی سے اغواء کیا گیا بچہ بہاولنگر سے بازیاب، ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی سے اغواء کیے گئے 10 سال کے بچے کو پولیس نے بہاولنگر سے بازیاب کرا لیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ نشتن خان پولیس نے بچے کے اغواء میں ملوث ملزم کو بھی گرفتار کر لیا ہے۔ اس بچے کے اغواء کا مقدمہ تھانہ ویسٹریج میں درج کرایا گیا تھا، ملزم نے 14 جولائی کو بچے کو اغوا کیا تھا۔ گرفتار ملزم چشتیاں کا رہائشی ہے جو چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں بھی ملوث ہے۔ تھانہ نشتن خان بہاولنگر پولیس نے بچے کو والدین کے حوالے کر دیا

گھر بیٹھے گاڑیوں کے پسندیدہ نمبروں کیلئے ای آکشن سسٹم کا آغاز

شہری 30 اگست تک ایپ اور ویب پورٹل کے ذریعے رجسٹریشن کروا سکتے ہیں

ای آکشن سے کرپشن اور ایجنٹ کلچر کے خاتمے میں مدد ملے گی، چیئرمین پی آئی ٹی بی

لاہور (زیڈ این این) گھر بیٹھے گاڑیوں کے پرکشش نمبروں کے حصول کے لیے ای آکشن سسٹم کا آغاز کر دیا گیا۔ شہری 30 اگست تک ای آکشن ایپ اور ویب پورٹل کے ذریعے اپنی پسندیدہ گاڑی کے نمبروں کے لیے رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ اس سسٹم کی مدد سے شہری گھر بیٹھے نیلامی میں حصہ لے سکیں گے، جس سے سہولت میں اضافہ اور کرپشن و ایجنٹ کلچر کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ ای آکشن سسٹم کو پنجاب (بقیہ نمبر43)

نوشہرہ، سیلابی ریلے میں پھنسے 8 افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا

نوشہرہ (این این آئی) نوشہرہ کے علاقے کاہی خوار میں سیلابی ریلے میں پھنسے 8 افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ مقامی لوگوں نے دو گاڑیوں میں پھنسے 4 بچوں اور 2 خواتین سمیت تمام 8 افراد کو بحفاظت نکالا اور محفوظ مقام پر پہنچا دیا۔ نظام پور، زیارت کاکا صاحب اور جہاڑ میں بارشوں کے باعث ندی نالوں میں طغیانی آئی جس کے باعث متعدد دیہات کا نوشہرہ اور خیرآباد سے رابطہ منقطع ہو گیا۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق ضلعی انتظامیہ ہائی الرٹ ہے

لاہور میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں تیز اضافہ، عوام پریشان

ادرک، لہسن، ٹماٹر اور پیاز سمیت کئی سبزیوں و پھلوں کی قیمتیں بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں

شملہ مرچ 335 روپے، ادرک 500 روپے اور لہسن 440 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے

لاہور (زیڈ این این) شہر میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جس سے شہری شدید پریشان ہیں۔ سرکاری نرخنامے کے مطابق سبزیوں میں ادرک 500 روپے، لہسن 440 روپے، ٹماٹر 240 روپے، پیاز 220 روپے اور شملہ مرچ 335 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔ اسی طرح کریلا 260 روپے، مٹر 110 روپے، سبز مرچ 120 روپے اور اروی 100 روپے فی کلو میں دستیاب ہیں۔ پھلوں میں کھجور 190 سے 270 روپے، پپیتا 220 روپے، سیب کالا کلو پہاڑی 245 روپے اور انگور 155 روپے فی کلو فروخت ہو رہے ہیں۔ دکانداروں کے مطابق مہنگائی کی وجہ ترسیل کے مسائل اور ٹرانسپورٹ اخراجات میں اضافہ ہے۔

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی اور ڈی پی او مدیسی خاں، چہلم حضرت امام حسین کے سلسلہ میں مشی واک کے حوالے سے اہل تشیع کیمونٹی کے ساتھ خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ، تین ملزمان کے ممکنہ پولیس مقابلے کے خدشے پر دائر درخواستیں نمٹا دیں

سی سی ڈی کو قانون کے مطابق کارروائی کی ہدایت، درخواست گزاروں کو متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کا حکم

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے تین ملزمان کے ممکنہ پولیس مقابلے کے خدشے پر دائر درخواستیں نمٹاتے ہوئے سی سی ڈی کو قانون کے مطابق کارروائی کرنے کی ہدایت کر دی۔ جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر نے شہری رسول بی بی اور غلام علی کی درخواستوں پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران ایس پی سی سی ڈی ناصر عباس پنجوتا عدالت میں پیش ہوئے، جبکہ درخواست گزاروں کے وکلاء نے موقف اختیار کیا کہ سی سی ڈی پولیس نے درخواست گزاروں کے قریبی رشتہ داروں کو گرفتار کیا ہے اور خدشہ ہے کہ انہیں مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک کر دیا جائے گا۔ پنجاب حکومت کے وکیل نے سی سی ڈی کی جانب سے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ ملزمان کے خلاف مقدمات درج ہیں، انہیں گرفتار کر کے متعلقہ مجسٹریٹس سے جسمانی ریمانڈ لیا گیا ہے

لاہور: ریلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید پی ڈی ایم اے پنجاب کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انٹر بینک میں ڈالر 283 روپے، یورو اور پاؤنڈ کی قدر میں اضافہ

کرنسی مارکیٹ میں امریکی ڈالر 283.05 روپے، یورو 330.32 اور پاؤنڈ 378.27 روپے میں فروخت ہوا

لاہور (زیڈ این این) 08 اگست 2025 کے انٹر بینک کرنسی مارکیٹ ریٹس کے مطابق امریکی ڈالر کی قیمتِ فروخت 283.05 روپے اور قیمتِ خرید 282.55 روپے رہی۔ یورو 330.32 روپے میں فروخت ہوا جبکہ اس کی خریداری 329.74 روپے میں ہوئی۔ برطانوی پاؤنڈ 378.27 روپے میں فروخت اور 377.61 روپے میں خریدا گیا۔ آسٹریلوی ڈالر کی قیمتِ (بقیہ نمبر50)

سکیورٹی فورسز نے لاہور کے قریب بھارتی ڈرون مار گرایا

لاہور (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے بھارتی ڈرون مار گرایا۔ پولیس ذرائع کے مطابق پاکستانی میں ڈرون کی نقل و حرکت دیکھی گئی تھی، جسے سکیورٹی فورسز نے لاہور کے نواحی علاقے مناواں میں مار گرایا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ فورسز نے فوری طور پر ڈرون کو نشانہ بنا کر نیچے گرایا۔

پی ایچ اے کا ریٹائرڈ ملازمین کو مفت ادویات کی سہولت ختم کرنے کا فیصلہ

بورڈ اجلاس میں ظالمانہ ترمیم کی منظوری متوقع 1400 سے زائد پنشنرز علاج سے محروم ہوں گے

لاہور (زیڈ این این) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی (پی ایچ اے) حکام نے مبینہ طور پر غریب ملازمین کے خلاف غیر منصفانہ پالیسی اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، جس کے تحت سینکڑوں ریٹائرڈ ملازمین کو ادویات کی سہولت معطل کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ایچ اے کے تھنک ٹینک افسران نے عمر بھر خدمات دینے والے مالیوں کے حقوق پر "چھری" چلانے کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ مجوزہ ترمیم کے تحت ریٹائرڈ ملازمین عمر کے آخری حصے میں مفت ادویات سے محروم ہو جائیں گے۔ پی ایچ اے کے ایکٹ میں ریگولر، کنٹریکٹ اور ریٹائرڈ ملازمین کو مفت ادویات کی فراہمی کی شق موجود ہے

پاکستانی کمپنی متحدہ عرب امارات میں گوشت سپلائی کرنے کے عالمی معیار کو پورا کر کے اہل قرار

کراچی (این این آئی) پاکستانی کمپنی متحدہ عرب امارات میں گوشت سپلائی کرنے کے عالمی معیار کو پورا کر کے اہل قرار پائی۔ بین الاقوامی سپر اسٹور چین کیلئے پاکستان سے گوشت ایکسپورٹ ہوگا۔ متحدہ عرب امارات کو براہ راست گوشت سپلائی کرنے کے اسٹینڈرڈز پر پہلی بار کوئی پاکستانی کمپنی پورا اتری ہے۔ مقامی کمپنی نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو باقاعدہ خط لکھ کر اہم پیشرفت سے آگاہ کر دیا ہے۔ ماہرین کے مطابق معاہدے کے بعد اب پاکستان سے یو اے ای کو ماہانہ ہزاروں ٹن گوشت برآمد ہوگا۔

سندر میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے دو جاں بحق، دو شدید زخمی

شاہکام فلائی اوور کے قریب کار بے قابو ہو کر موٹر سائیکل اور ریڑھی بانوں سے ٹکرا گئی

لاہور (زیڈ این این) سندر کے علاقے میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے افسوسناک حادثہ پیش آیا، جس میں دو افراد جاں بحق جبکہ دو دیگر شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ شاہکام فلائی اوور کے قریب اس وقت پیش آیا جب دو تیز رفتار کاریں بحریہ ٹاؤن کی جانب جا رہی تھیں۔ عینی شاہدین کے مطا (بقیہ نمبر38)

لاہور پریس کلب کے کونسل ممبر ملک اعظم کی والدہ انتقال کر گئیں

روزنامہ جناح کے چیف رپورٹر ملک اعظم کی والدہ کی وفات پر صحافتی حلقوں کا اظہار تعزیت

لاہور (زیڈ این این) لاہور پریس کلب کے کونسل ممبر اور روزنامہ جناح کے چیف رپورٹر، ملک اعظم کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ ان کی رہائش گاہ چوک نوناریاں، لاہور میں ادا کی گئی۔ صحافتی حلقوں نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور (بقیہ نمبر40)

79 ویں یوم آزادی کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ 'قوت' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات انٹرویوز 12 اگست 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تا کہ اچھی کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0322-4181870

لاہور: طالبات الحمراء میں جشن آزادی اور آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی کے حوالے سے منعقدہ پینٹنگ نمائش دیکھ رہی ہیں

کراچی کے شہریوں سے چھینے گئے موبائل فونز کا بڑا خریدار افغان باشندہ پکڑا گیا، اہم انکشافات

کراچی (این این آئی) کراچی کے شہریوں سے چھینے گئے موبائل فونز کا بڑا خریدار افغان باشندہ سہراب گوٹھ پولیس کے ہاتھوں پکڑا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سہراب گوٹھ پولیس کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے شہریوں سے چھینے گئے موبائل فونز خریدنے والا افغان شہری پکڑا گیا۔

لاہور: ڈپٹی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آپریشن فاطمہ بلال قصور تا پاکپتن سیکشن کا معائنہ کر رہی ہیں

ایل ڈی اے سٹی زمین کا نیا نوٹیفکیشن لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

پرانے ریٹ پر زمین لینا ناانصافی 2025 کا نوٹیفکیشن کالعدم کیا جائے، درخواست گزار

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے ایل ڈی اے سٹی کے لیے جاری نوٹیفکیشن کو چیلنج کرنے والی درخواست پر ایل ڈی اے کو درخواست گزاروں کی زمین ایکوائر کرنے سے روک دیا ہے۔ عدالت نے پنجاب حکومت، ایل ڈی اے اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے شہری فضل دین سمیت 12 درخواست گزاروں کی پٹیشن پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں نے مؤقف اختیار کیا کہ وہ ایل ڈی اے سٹی کے علاقے میں زمین کے مالکان ہیں۔ حکومت نے 2011 میں زمین ایکوائر کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا، لیکن 14 سال بعد دوبارہ اسی نوٹیفکیشن کا تصحیح شدہ ورژن جاری کر دیا گیا۔ درخواست گزاروں کے مطابق 2011 میں زمین کی قیمت کم تھی۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

لاہور: دل کا دورہ پڑنے پر میاں، بیوی فلائی اوور سے گر کر جاں بحق

موٹر سائیکل بے قابو ہو کر باؤنڈری وال سے ٹکرا گئی اور دونوں میاں بیوی نیچے جا گرے

لاہور (زیڈ این این) فیصل ٹاؤن کے علاقے اکبر چوک فلائی اوور پر افسوسناک حادثے میں میاں بیوی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق اقبال ٹاؤن سے فیروزپور روڈ پر واقع اپنے گھر واپس جاتے ہوئے 65 سالہ شیخ افضل کو فلائی اوور سے اترتے وقت دل کا دورہ پڑا۔ موٹر سائیکل بے قابو ہو کر باؤنڈری وال سے ٹکرا گئی اور دونوں میاں بیوی نیچے جا گرے۔ حادثے میں 60 سالہ بیگم عابدہ نور موقع پر جاں بحق ہو گئیں جبکہ شوہر شیخ افضل اسپتال منتقلی کے دوران دم توڑ گئے۔ دوسری جانب کینال روڈ پر شاہکام چوک کے قریب تیز رفتار کار کی ٹکر سے 24 سالہ موٹر سائیکل سوار طیب اور ایک اور شخص جاں بحق ہو گئے۔ سندر پولیس نے کار ڈرائیور محمد احمد یار کے خلاف تیز رفتاری، لاپرواہی اور شہریوں کی جان لینے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پنجاب حکومت کی جانب سے گرمیوں کی تعطیلات میں توسیع کا اعلان

پی پی ایس سی: مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری و حتمی نتائج جاری

کامیاب امیدواروں کے لیے انٹرویو کال لیٹرز ویب سائٹ پر جلد اپ لوڈ کیے جائیں گے

تحصیلدار فیز ٹو امتحان 9 اور 10 اگست کو، نو ہزار امیدوار شریک ہوں گے، اعلامیہ جاری

لاہور (زیڈ این این) پنجاب پبلک سروس کمیشن (پی پی ایس سی) نے مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری اور حتمی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ (بقیہ نمبر41)

لاہور میں سکول ہیڈز کی تعیناتی، بہتر میرٹ لسٹ سے 72 امیدوار باہر

ہم برسوں سے نظام تعلیم کا حصہ ہیں، لیکن نااہل قرار دینا سمجھ سے بالاتر ہے: اساتذہ

لاہور (زیڈ این این) محکمہ تعلیم لاہور میں سکول سربراہان (ہیڈز) کی تعیناتی کے عمل میں بڑی پیش رفت ہوئی ہے، جس میں درجنوں کنٹریکٹ اساتذہ اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز (AEOs) کو میرٹ لسٹ سے باہر کر دیا گیا۔ محکمہ تعلیم کے ذرائع کے مطابق لاہور میں ہیڈز کی تعیناتی کے لیے کل 201 درخواستیں موصول ہوئیں۔ درخواست دہندگان میں 18 اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز 38 کنٹریکٹ (بقیہ نمبر42)

لاہور: مدلا ہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میاں ابوذر شاد دیگر عہدیداران کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں